حواشی نگاری، حوالہ بندی و مصادر نویسی (Citation and Referencing)

تحقیقی مجلات مقالہ نگاروں کو یہ ہدایت دیتے ہیں کہ مقالہ کے حواشی و حوالہ جات اور کتابیات پر خصوصی توجہ دی جائے اور اس حوالہ سے مروجہ معیاری طریقہ پر عمل کیا جائے۔ اکثر و بیشتر حواشی و حوالہ جات حاشیہ مابعد (Endnotes) کی صورت میں درج کیے جاتے ہیں۔ لہٰذا عموماً مقالہ نگاروں کو پابند کیا جاتا ہے

کہ مقالے کے متن میں حواشی و حوالے کے نمبر مسلسل ہو اور ان In-Text Citations کی تفصیلات (حوالہ جات) ترتیب سے مقالے کے آخر میں مقرر کردہ اسلوب کے مطابق ہونے چاہئیں۔ مبہم اور غیر واضح تلخیصات کے استعمال سے گریز کیا جائے۔ حوالہ نویسی کے لیے اکثر مجلات شکاگو مینول بروئے کار لانے کی ہدایت کرتے ہیں۔ سہ ماہی مجلہ فکر و نظر اسلام آباد کے مقالات کے لیے حوالہ نگاری کے حوالے سے مثالوں کے ساتھ درج ذیل تفصیلات دی جاتی ہیں (اکثر تحقیقی مجلات فکر و نظر ہی کو معیار سمجھتے ہیں):

الف۔ اُردو اور فارسی کتاب کا حوالہ:

ڈاکٹر سید عبداللہ، ولی سے اقبال تک، لاہور، مکتبہ خیابانِ ادب، ۱۹۷۶ء، ص ۹۹

ب۔ عربی کتاب کا حوالہ:

عبدالقادر عودہ، التشریع الجنائی الاسلامی، قاہرہ، دارالتراث، ب ت، ج ۱، ص ۶۹۴

ج۔ تحقیقی مجلّے کا حوالہ:

الطاف جاوید، "دو مذہبی نظام ہائے فکر تقلیدی و تخلیقی"، فکر و نظر، اسلام آباد، ج ۵، ش ۷، ص ۵۰۱

د۔ انگریزی کتاب کا حوالہ:

Muhammad Hashim Kamli, Principles of Islamic Jurisprudence, (Cambridge: The Islamic Text Society, 1985), 394.

ھ۔ انسائیکلوپیڈیا کا حوالہ:

C.E Bosworth, "Lakab", in Encyclopedia of Islam (Leiden: E.J.Brill, 2nd ed.), 622

و۔ ویب سائٹ/آن لائن مقالے کا حوالہ:

Nigel, W.Bonner, Environmental Assessment in the Antarctic, Ambio 18, No.1 (1998): 89-83, http://www.jstor.org/stable/4313530

نتائج (Conclusion)

مقالہ نگار اپنے نتائج منطقی ترتیب اور تسلسل کے ساتھ مقالے میں پیش کریں۔

مستعار و اجنبی الفاظ (Loanwords & Foreign Words) کے لیے نقلِ حرفی کا استعمال

اگر آپ انگریزی زبان میں مضمون تحریر کرنا چاہیں، تو اس میں وارد عربی، فارسی، ترکی، پشتو اور اردو زبانوں کے الفاظ متعلقہ مجلہ کے ٹرانسلیٹیریشن نظام (جو زیادہ تر مجلّہ اسلامک سٹڈیز، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد کے نظام پر مبنی ہوتے ہیں) کے مطابق لکھے ہوئے ہونے چاہئیں جو متعلقہ مجلہ کے

(تقریباً ہر) شمارے کے آغاز میں لف کیا جاتا ہے۔

یہی ہدایت ان مقالہ نگاروں کے لیے بھی ہے جو اپنے اردو یا عربی مضامین میں سے چند الفاظ یا اصطلاحات انگریزی میں تحریر کرنا چاہیں۔ اس کے علاوہ جدولِ نقلِ حرفی انگریزی میں مقالے کا ملخص تیار کرنے میں بھی مدد دیتا ہے۔ اس مضمون کے آخر میں قارئین کی سہولت اور معلومات کی خاطر بطورِ نمونہ تین مختلف تحقیقی مجلات کے جدوالِ نقلِ حرفی (Transliteration Table) بھی دئے گئے ہیں۔

کتب و مجلّات برائے تبصرہ (Books/ Journals for Review) کا امکان

بعض تحقیقی مجلات علوم اسلامیہ و عربیہ سے متعلق شائع ہونے والی نئی کتابوں اور علمی مجلّات پر نقد و علمی تبصرے بھی کرتے ہیں جس کے لیے متعلقہ کتاب یا مجلہ کی کی دو یا تین کاپیاں فراہم کرنی ہوتی ہیں۔

مخطوط کی حوالگی (Submission of Manuscripts)

مقالہ نگار کو متعلقہ مجلہ میں اشاعت کے لیے پیش کردہ مقالہ کی مطبوعہ صورت (Hard Print) میں کمپیوٹر پر کمپوز شدہ دو یا تین نقول (Copies) بذریعہ ڈاک اور سافٹ کاپی بذریعہ ای میل بھیجنی ہوتی ہے۔

حقوق طباعت (Copyright) سے متعلق وضاحت

مجلات کو تحقیقی مواد ارسال کرنے کا مطلب یہ ہے کہ مؤلف طباعت کے جملہ حقوق بشمول برقی طباعت مجلّے کے حوالہ کر رہا ہے۔ یعنی مقالات ایک طرح سے ادارے کی ملکیت ہو جاتے ہیں۔ کوئی تیسرا فریق اگر کسی مقالے کی کلّی یا جزوی طباعت چاہتا ہے تو افادہ عام کیلئے مجلہ کو اس کی اجازت دینے کا حق حاصل ہو گا۔

ایڈیٹنگ (Editing) کا مرحلہ وار طریقہ کار

واضح رہے کہ مقالات موصول ہونے کے بعد ان کا شائع ہونا یقینی نہیں ہوتا اور نہ ایسا کوئی سرٹیفیکیٹ جاری کیا جاسکتا ہے جو اس بات کی ضمانت دے کہ مقالہ ہر صورت میں شائع کر دیا جائے گا۔ کیونکہ مقالات کے انتخاب اور جانچ پرکھ کے لیے ایک طریق کار متعین ہے اور مجلّہ مجلس ادارت کے وضع کردہ ضابطہ کار کا پابند ہوتا ہے جس میں مروج نظام کے مطابق تحقیقی مجلات کو موصول مخطوطات (مقالات و شذرات) تنقیح کے بعد دو نامعلوم ہم رتبہ تبصرہ نگاران/ ماہرین کو قومی یا بین الاقوامی محاکے (Blind Review/ Peer Review) کے لیے ارسال کئے جاتے ہیں۔ ایک مقالہ کے لیے دو تبصرہ نگاراں کی مثبت رائے (Positive Report) کا آنا ضروری ہوتا ہے۔ عمومی طور پر مقالہ نگار کو اپنے مقالے کے بارے میں نتیجہ جاننے کے لیے ۶۰ دن درکار ہوتے ہیں۔

ریویو کرنے والے محققین کی آراء وصول ہونے پر ان کی سفارشات کے پیشِ نظر ہی مقالہ کی اشاعت یا عدم اشاعت کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ مدیر مقالہ نگاروں کو تجزیہ نگاروں کی رائے سے آگاہ کرتا ہے، نیز اگر کسی مقالے میں تبدیلی کی ضرورت ہوئی تو اس کے لئے بھی مقالہ نگار سے کہا جاتا ہے۔ تحقیقی مجلے کے مجلس ادارت کو یہ حق حاصل ہوتا ہے کہ وہ فراہم شدہ علمی مواد (اشاعت کے لیے قبول کیے جانے والے مقالہ) کو کاپی، ایڈیٹ یعنی ضروری ادارتی ترمیم، تنسیخ اور تلخیص یا دیگر تبدیلیوں اور اصلاحات کے بعد مجلّے میں اشاعت کے لیے تیار کرلے۔ تقدیم شدہ مواد کی ذمہ داری البتہ مکمل طور پر مؤلف پر ہوتی ہے۔ مجلّے کے مدیر یا مجلس ادارت کا اس سے کلی یا جزوی اتفاق ضروری نہیں ہوتا اور وہ اس سے بری الذمہ ہوتے ہیں۔

اشاعت کے بعد مقالہ نگار کو مجلہ کے مطبوعہ کاپی (کاپیوں) کی فراہمی

مقالہ کی اشاعت کی صورت میں مقالہ نگار اور شریک مقالہ نگار کو عموماً مجلّہ کے متعلقہ شمارے کا ایک، ایک یادو اعزازی نسخے روانہ کیے جاتے ہیں۔ چند سال پہلے بعض مجلات مقالہ نگاروں کو اعزازیہ بھی دیا کرتے تھے مگر اب اکثر مجلات مالی مشکلات کے سبب مقالات کی اشاعت کے لیے فیس بھی وصول کرتے ہیں۔

آف پرنٹس (Off Prints)

تحقیقی مجلہ میں جب کسی مقالہ نگار کا کوئی تحقیقی مقالہ شائع ہوتا ہے تو متعلقہ مقالہ مجلہ کے سرورق کے ساتھ الگ سے بھی شائع کیا جاتا ہے جس کو آف پرنٹس (Off Prints) کہتے ہیں۔ بعض مجلات مقالہ نگار کی ذاتی ریکارڈ وغیرہ کے لیے بلامعاوضہ مطبوعہ مقالہ کی دس نقول (آف پرنٹس) فراہم کرتے ہیں۔ زیادہ آف پرنٹس کے مطالبے کی صورت میں مؤلف کو مناسب پیشگی رقم دینا ہوتی ہے۔

ناقابلِ اشاعت مقالات کی واپسی

کسی مقالے کی اشاعت کے لیے متعلقہ ادارہ کی طرف سے نامزد کردہ ماہرین کی تائید ضروری ہے۔ چونکہ کسی بھی مقالہ کو بغیر وجہ بتائے شائع نہ کرنے کا حق ادارہ کو حاصل ہوتا ہے لہٰذا مقالہ شائع نہ ہونے کی صورت میں ان مقالات کی مصنفین کو واپسی کا دعویٰ قابلِ قبول نہیں ہوتا اور ادارے اس سے بری الذمہ ہوتے ہیں۔ (اگر مدیرِ مجلہ کے لیے ممکن ہو تو مقالہ نگاروں کو اس کی واپسی نہ سہی کم از کم اطلاع دینی چاہیے تاکہ انہیں بلاسبب طویل انتظار کی زحمتِ انتظار برداشت نہ کرنی پڑے)۔

ششماہی مجلہ البصیرۃ اسلام آباد کا جدولِ نقلِ حرفی (Transliteration Table)

TRANSLITERATION TABLE

Urdu				Arabic				Urdu Digraphs	
ا	a	ص	ṣ	ا	a	ف	f	بھ	bh
ب	b	ض	ż	ب	b	ق	q	پھ	ph
پ	p	ط	ṭ	ت	t	ك	k	تھ	th
ت	t	ظ	ẓ	ث	th	ل	l	ٹھ	th
ٹ	ṯ	ع	‘	ج	J	م	m	جھ	jh
ث	th	غ	gh	ح	ḥ	ن	n	چھ	ch
ج	J	ف	f	خ	kh	و	w	دھ	dh
چ	ch	ق	q	د	d	ھ	h	ڈھ	dh
ح	ḥ	ک	k	ذ	dh	ء	’	ڑھ	rh
خ	kh	گ	g	ر	r	ي	y	کھ	kh
د	d	ل	l	ز	z			گھ	gh
ڈ	ḏ	م	m	س	s				
ذ	dh	ن	n	ش	sh				
ر	r	ں	n̲	ص	ṣ				
ڑ	r̲	و	v	ض	ḍ				
ز	z	ہ	h	ط	ṭ				
ژ	z̲	ء	’	ظ	ẓ				
س	s	ي	y	ع	‘				
ش	sh	ے	y	غ	gh				

Short Vowels (AR-UR)		Long Vowels (AR-UR)		Diphthongs			
				Arabic		Urdu	
ـَ	a	ـَا / ـَى	á	وَ	Aw	ـَو	au
ـِ	i	آ / ا	ā	يَ	Ay	ـَے / ـَئ	ai
ـُ	u	ـِی	ī	يَّ	Ayy		
		ـُو	ū	يِّ	Iyy		
		ـُوٗ	ō (ur)	وَّ	uww		
		ـُے	ē (ur)				

- Letter (ء) is not transliterated when at the beginning.
- Article (ال) is transliterated as (al-), and as (’l) in construct form, whether followed by a moon or a sun letter.
- (ـــۃ) is transliterated as (ah) in pause form and as (at) in construct form.
- (و) as an Urdu conjunction is transliterated as (o).

جرنل آف اسلامک تھاٹ اینڈ سولائزیشن لاہور کا جدول نقلِ حرفی (Transliteration Table)

IJMES TRANSLITERATION SYSTEM FOR ARABIC, PERSIAN, AND TURKISH

Consonants

A = Arabic, P = Persian, OT = Ottoman Turkish, MT = Modern Turkish

	A	P	OT	MT		A	P	OT	MT		A	P	OT	MT
ء	ʾ	ʾ	ʾ	—	ز	z	z	z	z	ك	k	k *or* g	k *or* ñ	k *or* n
ب	b	b	b	b *or* p	ژ	—	zh	j	j				*or* y	*or* y
پ	—	p	p	p	س	s	s	s	s				*or* ğ	*or* ğ
ت	t	t	t	t	ش	sh	sh	ş	ş	گ	—	g	g	g
ث	th	s̱	s̱	s	ص	ṣ	ṣ	ṣ	s	ل	l	l	l	l
ج	j	j	c	c	ض	ḍ	ż	ż	z	م	m	m	m	m
چ	—	ch	ç	ç	ط	ṭ	ṭ	ṭ	t	ن	n	n	n	n
ح	ḥ	ḥ	ḥ	h	ظ	ẓ	ẓ	ẓ	z	ه	h	h	h[1]	h[1]
خ	kh	kh	h	h	ع	ʿ	ʿ	ʿ	—	و	w	v *or* u	v	v
د	d	d	d	d	غ	gh	gh	g *or* ğ	g *or* ğ	ي	y	y	y	y
ذ	dh	ẕ	ẕ	z	ف	f	f	f	f	ة	a[2]			
ر	r	r	r	r	ق	q	q	ḳ	k	ال	ʾ[3]			

[1] When h is not final. [2] In construct state: at. [3] For the article, al- and -l-.

Vowels

	ARABIC AND PERSIAN		OTTOMAN AND MODERN TURKISH	
Long	ا or ى	ā	ā	words of Arabic and Persian origin only
	و	ū	ū	
	ي	ī	ī	
Doubled	ـِيّ	iyy (final form ī)	iy (final form ī)	
	ـُوّ	uww (final form ū)	uvv	
Diphthongs	ـَوْ	au *or* aw	ev	
	ـَيْ	ai *or* ay	ey	
Short	ـَ	a	a *or* e	
	ـُ	u	u *or* ü / o *or* ö	
	ـِ	i	ı *or* i	

For Ottoman Turkish, authors may either transliterate or use the modern Turkish orthography.

ششماہی مجلہ رُشد لاہور کا جدول نقلِ حرفی (Transliteration Table)

TRANSLITERATION TABLE

CONSONANTS

Ar = Arabic, Pr = Persian, OT = Ottoman Turkish, Ur = Urdu

	Ar	Pr	OT	Ur
ء	'	'	'	'
ب	b	b	b	b
پ	–	p	p	p
ت	t	t	t	t
ٹ	–	–	–	ṭ
ث	th	th	th	th
ج	j	j	c	j
چ	–	ch	ç	ch
ح	ḥ	ḥ	ḥ	ḥ
خ	kh	kh	h	kh
د	d	d	d	d
ڈ	–	–	–	ḍ
ذ	dh	dh	dh	dh
ر	r	r	r	r
ز	z	z	z	z
ژ	–	–	–	ṛ
ژ	–	zh	j	zh
س	s	s	s	s
ش	sh	sh	ş	sh
ص	ṣ	ṣ	ṣ	ṣ
ض	ḍ	ż	ż	ż
ط	ṭ	ṭ	ṭ	ṭ
ظ	ẓ	ẓ	ẓ	ẓ
ع	‘	‘	‘	‘
غ	gh	gh	ğ	gh
ف	f	f	f	f
ق	q	q	ķ	q
ک	k	k/g	k/ñ/ğ	k
گ	–	g	g	g
ل	l	l	l	l
م	m	m	m	m
ن	n	n	n	n
ہ	h	h	h[1]	h[1]
و	w	v/u	v	v/u
ی	y	y	y	y
ۃ	-a[2]			-a[2]
ال	al[3]			

[1] when not final
[2] -at in construct state
[3] (article) al- or l-

VOWELS

		Arabic and Persian	Urdu	Ottoman Turkish
Long	ا	ā	â	ā
	آ	Ā	Â	–
	و	ū	û	û
	ي	ī	î	î
Doubled	يّ	iyy (final form ī)	iy (final form ī)	iy (final form ī)
	وّ	uww (final form ū) uvv (for Persian)	uv	uvv
Diphthongs	وَ	au or aw	au	ev
	يَ	ai or ay	ay	ey
Short	ـَ	a	a	a or e
	ـُ	u	u	u or ü o or ö
	ـِ	i	i	i

URDU ASPIRATED SOUNDS

For aspirated sounds not used in Arabic, Persian, and Turkish add h after the letter and underline both the letters e.g. جھ jh گھ gh

For Ottoman Turkish, modern Turkish orthography may be used.

ابلاغ و تحقیق سے متعلق چند اہم مختصرات و محففات

S. No	Acronym	Explanation
1.	ATLA	American Theological Library Association (Ind, Ag.)
2.	ATLA-RDB	ATLA Religion Database (Indexing Agency)
3.	BURJIS	Bannu University Research Journal in Islamic Studies
4.	DRJI	Directory of Research Journals Indexing (Ind. Ag.)
5.	EDS	EBSCO Discovery Service,
6.	eISSN	International Standard Serial Number (Electronic)
7.	Epub	Electronic Publications
8.	Ezine	Electronic Magazine
9.	GIF	Global Impact Factor (Indexing Agency)
10.	HEC	Higher Education Commission
11.	IBR	Internationale Bibliographie der Rezensionen (Ind, Ag.)
12.	IBRR	Index to Book Reviews in Religion (Indexing Agency)
13.	ICI	Index Copernicus International (Indexing Agency)
14.	I2OR	International Institute of Organized Research (Ind. Ag)
15.	IRI-AIOU	Islamic Research Index (A joint Venture of AIOU & HEC)
16.	IRI-IIU	Islamic Research Index, Intl. Islamic Univ. Islamabad
17.	ISI	Institute for Scientific Information (Indexing Agency)
18.	ISI	International Scientific Indexing (Indexing Agency)
19.	ISSN	International Standard Serial Number

20.	**JCR**	Journal Citation Reports
21.	**JIRS**	Journal of Islamic & Religious Studies
22.	**MRJ**	Ma'arif Research Journal
23.	**JSTOR**	Journals Storage
24.	**OJS**	Open Journal System
25.	**OPAC**	Online Public Access Catalog
26.	**ORIC**	Office of Research, Innovation & Commercialization
27.	**PIAS**	Public Affairs Information Service (Indexing Agency)
28.	**pISSN**	International Standard Serial Number (Print)
29.	**PJIR**	Pakistan Journal of Islamic Research
30.	**PRR**	Pakistan Research Repository
31.	**QA**	Quality Assurance
32.	**RIO**	Religion Index One: Periodicals (Indexing Agency)
33.	**SI**	Similarity Index
34.	**SOPs**	Standard Operating Procedures
35.	**URL**	Universal Resource Locator
36.	**WWW**	World Wide Web

مختلف اہلِ علم کی نظر میں رسائل و جرائد کی علمی، ادبی و تحقیقی اہمیت

موجودہ جدید ترقی یافتہ انفارمیشن ایج کا سب سے طاقت ور اور مؤثر وسیلہ بلاشبہ میڈیا (ذرائع ابلاغ و صحافت) ہے جو بالواسطہ یا بلاواسطہ معاشرے کے ہر فرد پر کسی نہ کسی صورت میں اثرانداز ہوتا ہے اور ان کے بناؤ وبگاڑ میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ راقم کی نظر میں مجلات مطبوعہ صحافت کی اہم ترین ذرائع میں سے ہیں جن کو اگرچہ ممدوح و مذموم دونوں مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے تاہم کوئی بھی ذی شعور انسان معیاری علمی و تحقیقی، معلوماتی و اصلاحی رسائل، جرائد و مجلات کے افادی پہلوؤں سے صرفِ نظر نہیں کر سکتا۔ اہلِ علم و تحقیق کی اکثریت بھی علم و ادب کی دنیا میں عام رسائل و جرائد اور تحقیقی مجلات ہر دو انواع کی ضرورت و اہمیت، قدر و قیمت اور اثر انگیزی و ہمہ گیریت کے قائل ہیں۔ درج ذیل سطور میں اسی حوالے سے منتخب اقتباسات پیش کیے جاتے ہیں مگر اس سے پہلے دو وضاحتیں نہایت اہم ہیں:

۱)۔ پیش کردہ اقتباسات میں سے اگرچہ بعض خالصتاً لسانی، ادبی یا صحافتی تناظر میں رسائل و جرائد کا کردار و اہمیت بیان کرتی ہیں اور ان میں جابجا مجلاتی ادارت و اشاعت سے متعلق رہنما ہدایات و توضیحات بھی دی گئی ہیں، کہیں پر ہلکی پھلکی تنقید بھی ہے مگر چونکہ ان سے کسی نہ کسی صورت میں مجلات کی علمی و تحقیقی افادیت و معنویت عیاں ہوتی ہے لہٰذا انہیں بھی شامل کیا گیا ہے۔

۲)۔ رسالہ، جریدہ یا مجلہ کی حیثیت ایک وسیلہ یا ذریعہ کی ہے جو فی نفسہ مضر نہیں بلکہ ان میں پیش کردہ مواد کی بنیاد پر ان کا مثبت یا منفی استعمال ہی ان کو اچھا یا برا (آلۂ خیر یا آلۂ شر) بنا دیتے ہیں۔ الغرض انہیں تعمیر و تخریب دونوں مقاصد کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے بلکہ کیا جاتا ہے لہذا مجلاتی صحافت و ادارت کے حوالے سے درج ذیل زبردست تائیدی و توثیقی عبارات سے ہماری مراد صرف اور صرف مثبت، تعمیری، تذکیری، دعوتی، اصلاحی، اخلاقی، علمی، فکری و تحقیقی جرائد ہیں نہ کہ شر پسند، مذموم، غیر اخلاقی، منکر کی پرچار کرنے والے رسائل و جرائد، جن کا کردار کسی بھی حوالے سے مستحسن نہیں ہے۔ واضح رہے کہ کسی بھی رسالہ، جریدہ یا مجلہ کے جملہ مندرجات سے مرتب کا کلی یا جزوی طور پر متفق ہونا ضروری نہیں۔

سعید الرحمٰن

شعبہ علومِ اسلامیہ

عبدالولی خان یونیورسٹی مردان

ڈاکٹر خورشید احمد سعیدی مطابق

تحقیقی مجلات کا اجراء و درجہ بندی، HEC کا معیارِ تحقیق کی بلندی کیلئے اہم اقدام

ڈاکٹر موصوف نے "علومِ اسلامیہ میں قابلِ اشاعت تحقیقی مقالہ کے عناصر ترکیبی اور تقاضے (HEC کے منظور شدہ مجلات کے تناظر میں ایک تنقیدی و تعمیری جائزہ)" کے عنوان سے ایک ریسرچ پیپر تحریر کیا ہے جس کا مطالعہ تحقیقی مجلات میں مقالات لکھنے کے خواہش مند فیکلٹی ممبرز، ریسرچ سکالرز اور دیگر شائقین کے لیے انتہائی مفید بلکہ ناگزیر ہے[58]۔ اس کے تمہیدی نکات میں جرائد کے متعلق لکھتے ہیں:

"ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان (HEC) نے پاکستانی جامعات میں تحقیق کے معیار کو بلند کرنے اور ملکی ترقی کی رفتار کو بہتر بنانے پر بہت توجہ دی ہے۔ اس سلسلے کے اہم اقدامات میں تحقیقی مقالات کے مجلات کا اجراء، ان کی درجہ بندی، ان کی تعداد میں اضافہ، ان کی باقاعدہ نگرانی اور مالی سرپرستی بھی شامل ہیں۔ ایچ ای سی نے معیار کی کچھ شرائط کی بنیاد پر ان مجلات کو X, Y, Z اور W میں تقسیم کیا ہوا ہے۔ سب سے اوپر W کیٹگری کے مجلات ہیں اور سب سے نچلی سطح کے مجلات کو Z کیٹگری میں شامل کیا جاتا ہے۔ مقالات کے معیار کی بلندی اور اثرات کی وسعت کی وجہ سے ایک مجلہ اعلیٰ کیٹگری جب کہ ان کے نسبتاً پست معیار اور کم اثرات کی وجہ سے وہ نچلی کیٹگری کی طرف منتقل ہوتا رہتا ہے۔ گویا کسی تحقیقی مقالہ کو ان میں سے کسی کیٹگری میں شائع ہونے سے پہلے اس کی مقررہ شرائط پر پورا اترنا ہوتا ہے[59]۔"

مولانا مفتی محمد شفیع رحمہ اللہ کے مطابق

اخبارات و جرائد مفید و کارآمد ذرائع اشاعت اور حیاتِ حاضرہ کا جزو

"اگر دنیاوی اصول پر نظر کی جائے تو اخبارات و جرائد نہایت مفید اور کارآمد ذرائع اشاعت ہیں، بلکہ آج کل قومی اور اجتماعی زندگی کا جزو بن گئے ہیں[60]۔"

مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمہ اللہ کے مطابق

مسلم اخبارات و رسائل کا مذموم استعمال، تدارک و اجتناب ضروری

ندوی صاحبؒ کے درج ذیل تاثرات ستر سال سے زیادہ قدیم مگر اب بھی عین حق ہیں:

"ہمارے مسلمان اخبارات و رسائل میں (الاّ ماشاء اللہ) ہر قسم کا خلافِ تہذیب اشتہار شائع کرایا جاسکتا ہے، اگر اس کی قیمت ادا کردی جائے، ادبی رسائل میں ہر قسم کے مخربِ اخلاق[61]، حیاسوز و عریاں

مضمون وافسانے واشعار شائع ہو سکتے ہیں، بے حیائی اور اخلاقی بے نظمی کی ہر تحریک کے لئے وہ آلہ بن سکتے ہیں۔ بدتر سے بدتر فواحش کی اشاعت ان کے ذریعہ کی جاسکتی ہے۔ اگر ان کو اس راستے سے اپنے رسالے کی کامیابی اور مقبولیت کا ایک فی صد بھی امکان نظر آئے تو ایسی صورت میں وہ اس کی ہر گز پرواہ نہ کریں گے کہ ان کی اس حرکت سے خلقِ خدا کی اخلاقی ابتری اور انحطاط کا ننانوے فی صدی امکان ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ ان اخبارات ورسائل کے مالک و مدیر ان ذاتی طور پر شریف مسلمان ہوں اور وہ اصولاً ان چیزوں کو درست نہ سمجھتے ہوں۔ لیکن اگر آپ اس مسئلے پر ان سے گفتگو کریں گے تو وہ صاف کہہ دیں گے کہ تجارت وصحافت میں اصول مذہب اور اخلاق کی پابندی نہیں کی جاسکتی[62]۔ بعض اخبارات ورسائل کو اس بارہ میں کمال حاصل ہے کہ کچھ مدت تک ان کو پڑھتے رہنے سے دماغ میں ایک خاص قسم کی ایسی کجی پیدا ہو جاتی ہے کہ کسی صحیح اور متوازن چیز کے نفوذ کرنے کی صلاحیت باقی نہیں رہتی' اور سیدھا سادہ اخبار بین دنیا کو، واقعات کو، اشخاص کو اور دینی مسائل واحکام ہی کی نظر سے دیکھنے لگتا ہے۔ ادبی رسائل کا حال اخبارات سے برا ہے، چند سنجیدہ علمی وادبی رسائل کو چھوڑ کر سستے قسم کے کثیر الاشاعت رسائل جو نوجوانوں کے اخلاق اور زندگیوں کو اس سے زیادہ تباہ کر رہے ہیں جتنا طاعون، وبائی امراض کسی ملک یا بستی میں پھیل کر انسانی نفوس کو تباہ کرتے ہیں۔ یا چنگیز وہلاکو اپنے مفتوحہ ممالک میں تباہی وہلاکت پھیلاتے تھے۔ دنیا نے شاید ایسا مجرمانہ اور ذلیل تجارت کا تجربہ نہیں کیا ہوگا جیسا کہ اس کاغذی تجارت کا ہو رہا ہے۔ جس کی قیمت قوم کو ماہوار یا ہفتہ وار نوجوانوں کے اخلاق، جذبات اور صحت وزندگی سے ادا کرنی پڑتی ہے۔ بداخلاقی، بدذوقی، عریانی وبے حیائی اور فسق ومعصیت کے یہ جراثیم گھر گھر پھیلے ہوئے ہیں۔ کوئی شہر، قصبہ حتیٰ کہ دیہات پہاڑوں کی چوٹیاں اور چلتی ہوئی گاڑیاں بھی ان سے محفوظ نہیں۔ بے حیائی کی اشاعت، حیوانی خواہشات وبرہنگی کا جوش اور جنون پیدا کرنے اور فسق وفجور کو خوش نما اور دل فریب بنانے اور سنجیدگی ومعقولیت وشرافت اور اخلاق کو بے وقعت اور قابل مضحکہ قرار دینے میں ان رسائل نے جو کامیابی حاصل کی ہے وہ آج تک کسی تحریک وقوت کو حاصل نہ ہوئی۔ اگر قوم میں اخلاقی شعور ہوتا تو وہ ان نامہ سیاہ سوداگروں سے وہ سخت سے سخت محاسبہ کرتی جو سب سے بڑے قومی مجرمین سے کیا جانا چاہیے لیکن وہ الٹی ان کی سرپرستی یا اپنی غفلت سے ان سے چشم پوشی کر رہی ہے۔ اگر کچھ عرصے تک یہی حال رہا تو قوم اخلاق کی اس سطح پر پہونچ جائے گی جس پر فرانس اور یورپ کی بعض دوسری قومیں پہونچ گئی ہیں اور پھر اسلام کی دعوت ونمائندگی تو الگ رہی وہ کسی سنجیدہ اور تعمیری کام اور کسی جدوجہد کے قابل بھی

نہیں رہے گی[63]۔"(ندویؒ صاحب کے یہ سارے تاثرات آج کے میڈیا پر بھی صادق آتے ہیں)

علامہ شبلی نعمانیؒ کے مطابق

علمی رسائل و جرائد کے لیے پیشگی لوازمہ (مواد) کا اہتمام کیا جائے

"یورپ میں قاعدہ ہے کہ جب کوئی علمی رسالہ نکالنا چاہتے ہیں تو قریباً سال بھر کے مضامین تیار کر لیتے ہیں تب نکالتے ہیں[64]۔ کم از کم دو مہینے پہلے ہر پرچے کے مضامین تیار رہنے چاہئیں تاکہ پرچہ وقت پر تیار رہے۔ تمام میگزین یہی کرتے ہیں، اس کے ساتھ تمام اہلِ قلم سے خط و کتابت رکھنی چاہیے[65]۔"

ڈاکٹر گیان چند جین کے مطابق

رسائل و جرائد سے بھی کتابوں کی طرح بیش بہا تحقیقی مواد کی فراہمی

"کتابوں کی طرح رسالے بھی تحقیق کا بیش بہا مواد فراہم کرتے ہیں بلکہ رسالوں کو ایک لحاظ سے فوقیت حاصل ہے کہ کتابوں کا مواد تو سب کے سامنے ہوتا ہے، رسالوں، بالخصوص قدیم رسالوں میں نہ جانے کیا کیا بیش بہا معلومات دفن پڑی ہیں، کسے معلوم، ان تک رسائی بہت ضروری ہے[66]۔ کچھ رسالے ایسے ہوتے ہیں جو تحقیق پر خاص توجہ کرتے ہیں لیکن ہمارے یہاں غیر متوقع طور پر غیر اہم رسالوں یا خالص تنقیدی رسالوں میں بھی کبھی کبھی اچھے تحقیقی مضامین نکل آتے ہیں[67]۔ بہت سے اہلِ علم اپنے مضامین کے مجموعے چھپوا دیتے ہیں۔ یہ بیشتر رسالوں میں شائع شدہ مضامین پر مشتمل ہوتے ہیں[68]۔"

پروفیسر مہدی حسن کے مطابق

مجلاتی صحافت: واقعات و اطلاعات کا تجزیہ، عوام کی تعلیم و تربیت

"مجلاتی صحافت کا فرض ایک تو واقعات اور اطلاعات کا تجزیہ کرنا ہے دوسرے کسی واقعہ کے پسِ منظر، پیشِ منظر اور اس سے پیدا ہونے والے اثرات کو بیان کرنا بھی اس کے فرائض میں شامل ہے۔ روزنامہ لوگوں کو مطلع کرتا ہے جب کہ جریدہ لوگوں کی تعلیم و تربیت کرتا ہے۔ ہفت روزہ، پندرہ روزہ یا ماہوار رسالے کے پاس اتنا وقت ہوتا ہے کہ وہ کسی بھی واقعہ کا تجزیہ تفصیل سے کر سکے[69]۔"

ڈاکٹر مسکین حجازی کے مطابق

تحقیقی مجلات ایجادات، اختراعات اور نئے علوم کی تخلیق کا باعث

"مجلّاتی صحافت مطبوعہ صحافت کی قدیم ترین صورت ہے اور اس کا دائرہ اب بھی وسیع تر ہے۔ اس وقت

پوری دنیا میں مختلف اقسام کے جو مجلّات شائع ہوتے ہیں، ان کی تعداد پانچ لاکھ ہے (آج کل یہ تعداد اس سے کہیں زیادہ ہوگی)۔ بعض مجلّات بڑی تعداد میں شائع ہوتے ہیں اور ساری دنیا میں پڑھے جاتے ہیں۔ عام قارئین بھی ان سے استفادہ کرتے ہیں[70]۔ مجلّات کے مندرجات نسبتاً مستقل اہمیت کے ہوتے ہیں اور ان کی افادیت زیادہ ہوتی ہے۔ لوگ بعض مجلّات کو سنبھال کر رکھتے ہیں، جلد بنوا کر محفوظ کر لیتے ہیں اور اپنے ڈرائنگ روموں میں سجاتے ہیں۔ مجلّات قارئین کے مختلف گروہوں اور طبقات کے ذوق کی تسکین کرتے ہیں اور ان کی ضرورت کا خصوصی مواد فراہم کرتے ہیں۔ مجلّات نے مختلف علوم و فنون کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے اور کر رہے ہیں۔ تحقیقی مجلّات ایجادات اور اختراعات کی راہ ہموار کرتے ہیں اور نئے علوم کی تخلیق کا باعث بنتے ہیں۔ مجلّات میں ملک و معاشرے کے اہم مسائل و سنجیدہ امور پر مستقل بحث و تجزیہ ہوتا ہے اور تمام پہلوؤں پر بحث و تمحیص کے بعد صحیح نتائج سامنے لائے جاتے ہیں۔ مجلّات کے ذریعے بعض دوائر میں تبلیغی، قومی، تحقیقی اور اصلاحی مقاصد کے لیے کام ہو سکتا ہے[71]۔"

ڈاکٹر عبدالسلام خورشید کے مطابق

رسائل و جرائد کا مواد زیادہ تر مستقل اہمیت کا حامل

"ان (رسائل و جرائد) میں وقتی دل چسپی کا مواد بہت کم ہوتا ہے۔ زیادہ تر مستقل اہمیت کا مواد دیا جاتا ہے مثلاً غزلیں، نظمیں، افسانے، خاکے، تنقیدی مقالات، تبصرے[72]۔"

ڈاکٹر سفیر اختر کے مطابق

رسائل و جرائد کی علمی و ادبی اہمیت کے پیشِ نظر ان کی مجلدات محفوظ کی جاتی ہیں

"دنیائے علم و ادب میں رسائل و جرائد کی اہمیت کے پیشِ نظر اُن کی مجلدات محفوظ کی جاتی ہیں، اور برس ہا برس پر محیط مجلدات کے اشاریے تیار کیے جاتے ہیں، تاکہ ان رسائل سے استفادہ آسان تر ہو جائے۔ مختلف موضوعات پر کتابیاتی خدمات فراہم کرنے والے ادارے اس کام میں لگے ہوئے ہیں اور بعض موضوعات پر تو ان کی جانب سے ماہانہ یا سہ ماہی بنیادوں پر رسائل کے محتویات کے اشاریے شائع ہو رہے ہیں۔ ہمارے ہاں ماضی میں رسائل و جرائد کے تحفظ اور ان سے استفادے کی مضبوط روایت نہیں رہی، تاہم اکادکا کتب خانوں اور باذوق افراد نے کچھ زحمت برداشت کی اور اسی کی بدولت ایک حد تک ہم اپنے ماضی میں جھانک سکتے ہیں۔ پچھلے پچیس تیس برسوں میں ہمارے ہاں فہرست نگاری اور اشاریہ سازی کو کچھ اہمیت حاصل ہوئی ہے۔ اور خوش آئند امر یہ ہے کہ یہ رجحان ترقی پذیر ہے[73]۔"

پروفیسر ڈاکٹر ظفر الاسلام اصلاحی کے مطابق

رسائل ومجلات کے اشاریوں سے مطالعہ و تحقیق کی راہیں ہموار

"جدید دور میں مخصوص موضوعات پر کتابیات اور کتب ورسائل کے اشاریے مطالعہ و تحقیق کے اہم ذرائع بن گئے ہیں۔ان کی وجہ سے کسی خاص موضوع پر مواد کی تلاش وفراہمی میں کافی آسانی ہو جاتی ہے۔در حقیقت یہ فن بھی مسلمانوں کا ایجاد کردہ ہے اور عہدِ وسطیٰ کی یادگار ہے۔یہ اور بات ہے کہ علم کے تحفظ وترسیل کے نئے ذرائع نے کتابیات کی ترتیب وتالیف اور اشاریہ سازی کے فن کو کافی ترقی دے دی ہے۔اس حقیقت سے بھی صرفِ نظر نہیں کیا جاسکتا کہ رسائل ومجلات کے اشاریوں سے نہ صرف مطالعہ و تحقیق کی راہیں ہموار ہوتی ہیں بلکہ رسائل کا علمی خزانہ منصۂ شہود پر آتا ہے اور اس سے ان کی قدر و قیمت اور واضح ہو جاتی ہے۔مزید براں مدیرانِ گرامی و منتظمین کو رسائل میں شائع شدہ مواد کی نسبت سے احتساب کا موقع بھی مل جاتا ہے۔موجودہ حالات میں جب کہ پڑھنے اور ورق گردانی کا رجحان کم سے کم ہوتا جارہا ہے اور محققین وسکالرز کم سے کم وقت میں اپنا تحقیقی کام مکمل کرنے کی فکر و کوشش میں لگے رہتے ہیں، اشاریہ جات کی افادیت اور زیادہ بڑھ گئی ہے۔بلاشبہ اُن رسائل کے اشاریوں کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے جو معیاری و تحقیقی مضامین پر مشتمل ہوتے ہیں اور جنہیں بلا تکلف ماخذ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے یا جاسکتا ہے[74]۔"

پروفیسر ڈاکٹر حافظ محمود اختر کے مطابق

تحقیق و تخلیق کی رفتار متعین کرنے میں تحقیقی مجلات کا اہم کردار

آپ نے کئی مقامات پر جامعاتی تحقیق ومجلات کی اہمیت درج ذیل انداز میں بیان کی ہے:

"علوم وفنون کی ترویج میں مجلات ورسائل کی باقاعدہ اشاعت نہایت اہمیت کی حامل ہے۔یہ جہاں تحقیق و تخلیق کی رفتار کو متعین کرتے ہیں وہیں اہل علم کی تحقیقات کو قارئین تک پہنچانے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔علاوہ ازیں اہل علم کی جدید و پیش آمدہ مسائل میں راہنمائی بھی اسی کا اہم پہلو ہے[75]۔"

"جامعات واعلیٰ تحقیقی اداروں کا اہم کردار ملک کی علمی، تہذیبی و ثقافتی ورثہ کو محفوظ کرنا، اس میں مفید اضافہ کرنا اور نسل نو کو منتقل کرنا ہے۔اسی غرض سے تدریسی سرگرمیاں، زبان وادب میں تحقیق و تنقید، سائنسی وسماجی علوم کا اطلاقی مطالعہ و تحقیق اور نتائج کو منضبط و منظم کیا جاتا ہے۔اسی غرض کے لیے اساتذہ، کتب خانے اور تجربہ گاہوں اور دیگر مادی وسائل بروئے کار لائے جاتے ہیں۔لیکن اگر ان تمام تر جد وجہد

اور وسائل کے باوجود بھی اگر ہماری جامعات معاشرے کو ٹھوس علمی رہنمائی کرنے سے قاصر ہوں تو پھر بجا طور پر کہا جاسکتا ہے کہ جامعات اپنا حقیقی کردار ادا کرنے میں ناکام ہیں۔ اور ہم قومی سطح پر ہی نہیں بلکہ عالمی سطح پر علمی دنیا میں کوئی مفید اضافہ نہیں کر پا رہے ہیں۔ بلکہ محض وقت گزاری کے لیے مصروفِ عمل ہیں۔ اس وقت ملک پاکستان میں بیسیوں جامعات فنی، سائنسی، صنعتی، ادبی اور عمرانی علوم پر تحقیقات کر رہی ہیں۔ مگر کیا یہ تحقیقات ملکی وسائل و مسائل کا ادراک رکھتی ہیں؟ قومی سطح پر اس وقت جو تحدیات درپیش ہیں ان کے حل پر ان دانش گاہوں میں کوئی سنجیدہ غور و فکر ہو رہا ہے۔ عالمی سطح پر بالخصوص عالم اسلام جن حالات و تبدیلیوں سے دوچار ہے، ہمارا محقق ان تغیرات کا مشاہدہ کر رہا ہے یا پھر کنویں کے مینڈک کی طرح اپنی دنیا میں مگن و اپنے حال میں مست ہے۔ ضرورت ہے کہ ہم جامعات میں ہونے والی تحقیقات کو معاشرے اور ماحول سے ہم آہنگ کریں تاکہ انسانیت تحقیق اور تجربی تحقیقات سے بہرہ مند ہو صرف یہی نہیں بلکہ تحقیق نگاری اور تصنیف نگاری بھی انسان دوست اور انسان رہنما ہو[76]۔

وطنِ عزیز میں ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) نے جامعات کی تحقیق کو مربوط و منظم اور کارآمد بنانے کے لیے جو کاوشیں گزشتہ چند برسوں میں کی ہیں، بعض کمزور پہلوؤں کے باوصف، یہ لائقِ تحسین ہیں۔ نہ صرف یہ کہ وسائل کا بھرپور استعمال ہوا بلکہ بیرون دنیا سے علمی رابطوں میں خاطر خواہ اضافہ ہوا۔ یہی نہیں بلکہ تعلیمی و تدریسی اور تحقیقی نظام کو مرتکز (Centralize) کرنے کی بھی حتی المقدور سعی کی ہے۔ جس کے اثرات و نتائج کا بجا طور پر مشاہدہ کیا جاسکتا ہے۔ ہم ہائر ایجوکیشن کمیشن کے مذکورہ اقدامات کو بہ نظرِ تحسین دیکھتے ہیں۔ بالخصوص مجلات و رسائل کو عالمی سطح و معیار پر لانے کی جو کوشش ہے وہ لائق تحسین ہے۔ علاوہ ازیں مجلات و رسائل کے معیار کے لیے ایک میکانکی طریقہ کار (بھی) وضع کیا ہے[77]۔"

پروفیسر ڈاکٹر معراج الاسلام ضیاء کے مطابق

تحقیقی مجلہ اصلی معنوں میں تحقیق و تخلیق کو فروغ دینے والا ہو

"علومِ اسلامیہ میں نئے تحقیقی مجلات کے اجراء و اشاعت کی ضرورت یقیناً ہر وقت محسوس کی جاسکتی ہے، خصوصی طور پر ایک ایسے شمارے کی جو محض روایتی نہ ہو۔ بلکہ اصلی معنوں میں تحقیقی و تخلیقی صلاحیتوں کو جِلا بخشنے والا اور دورِ حاضر کے تمام تر تقاضوں سے ہم آہنگ ہو جو علمی سرقہ (Plagiarism) سے پاک ہو اور جس میں حتی الامکان معاصر فکری، فقہی، شرعی، معاشرتی و دیگر مسائل و موضوعات کو دینی، علمی و تحقیقی تناظر میں زیرِ بحث لایا گیا ہو[78]۔"

ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی کے مطابق

تحقیقی مجلات: اصحابِ قلم کے درمیان مکالمہ اور بازگشت کے ذرائع

"اردو میں تحقیقی مجلات کا اجراء آسان کام نہیں۔ مالی طور پر انہیں لازماً خارجی سہارا درکار ہوتا ہے۔ ایسے رسالوں کا خود کفیل ہونا ممکن نہیں۔ دوسرا مرحلہ لکھنے والوں کا ہے۔ اکثر لکھنے والوں کی نظر اس پر رہتی ہے کہ پڑھنے والے کیا پسند کرتے ہیں، علم اور سچائی کی دریافت میں آگے بڑھنا مقصود ہو، یہ مفقود نہیں مگر کم یاب ضرور ہے۔ چند لکھنے والے مل گئے تو ایسے پڑھنے والوں کی تلاش بھی ایک مستقل جدوجہد کی طالب ہے جن سے کسی بازگشت (Feedback) کی امید کی جائے۔ تحقیقی مجلے یک طرفہ ابلاغ کے لیے نہیں ہوتے۔ انہیں قارئین اور اصحابِ قلم کے درمیان مکالمہ کا ذریعہ بنایا جانا چاہیے[79]۔"

پروفیسر ڈاکٹر طاہرہ بشارت کے مطابق

تحقیقی جرائد سے علمی دنیا میں فکر و خیال کے نئے نئے پہلو آشکار

آپ نے کئی مقامات پر درج ذیل انداز میں جامعاتی تحقیق و مجلات کی اہمیت بیان کی ہے:

"قومیں سوچ و فکر کے نئے زاویوں کو پروان چڑھاتی ہیں اور اختلافِ رائے کو وسعتِ قلبی کے ساتھ برداشت کیا جاتا ہے۔ جامعات اور اعلیٰ تعلیمی ادارے بھی اسی روشن پہلو کو اجاگر کرتے ہیں۔ اسی سے دنیا بھر میں مقابلے اور مسابقت کی فضا پیدا ہوتی ہے۔ تحقیقی رسائل و جرائد بھی علمی دنیا میں فکر و خیال کے نئے نئے پہلو سامنے لاتے ہیں۔ علمی مضامین اور ان پر تنقیدات کا سلسلہ جاری رہتا ہے اور معاشرے میں صحت مند علمی فضا قائم رہتی ہے[80]۔"

"کسی بھی ملک میں جامعات کا قیام اعلیٰ تعلیمی مقاصد کے لیے ہوتا ہے۔ تحقیق و تنقید اس کا لازمی حصہ ہے، معاشرے کو درپیش فکری، علمی اور عملی مسائل میں رہنمائی کرنا بھی ان کے فرائض میں شامل ہے۔ جامعات میں ہونے والی تحقیقات کا ایک مظہر رسائل ہیں، لہٰذا ان کے ذریعے دینی، سماجی اور تہذیبی پہلوؤں کی طرف رہنمائی کرنا اور بھی ضروری ہو جاتا ہے[81]۔"

"اعلیٰ تعلیمی و تحقیقی اداروں کا ایک بڑا مقصد ملک و قوم کی درست سمت میں رہنمائی کرنا ہے۔ بالعموم ترقی یافتہ ممالک میں جامعات ہی کے اساتذہ و محققین ملکی پالیسیوں کی تشکیل کرتے ہیں اور قوم بھی اپنا مستقبل انہی سے وابستہ کر لیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت و عوام دونوں کا تعلیمی اداروں پر اعتماد ہوتا ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے تعلیمی ادارے سرے سے اس سوچ و فکر سے عاری ہیں اور نہ ہی ہمارے ارباب اختیار

اس زاویے سے سوچتے ہیں۔ ملک اور معاشرے کو کس قسم کی راہنمائی درکار ہے؟ کن سائنسی اور سماجی علوم کی ضرورت ہے؟ علوم کے کن پہلوؤں کو اجاگر کرنے کی ضرورت ہے؟ الٰہیاتی اور دینی علوم میں تحقیق کے کیا تقاضے ہیں؟ ان مباحث سے قطع نظر آج کا محقق اپنی دنیا میں مگن ہے اور بین الاقوامی اور قومی سطح پر ہونے والی تحقیقات سے باخبر نہیں ہے۔ کم و بیش یہی حال رسائل و جرائد کا بھی ہے۔ موضوعات میں تکرار ہے، ندرت وجدت کا فقدان ہے۔ جامعات میں ہونے والی تحقیقات اور علمی رسائل میں شائع ہونے والے کام کا عملی اور سماجی مسائل سے تعلق نہ ہونے کے برابر ہے۔ چاہیے کہ ہم اپنی ترجیحات کا تعین کریں اور اپنی تحقیقات کو انسان اور معاشرے کے لیے مفید بنائیں[82]۔"

"قومی و عالمی سطح پر جو حالات تغیر پذیر ہیں اور معاشرہ میں جو تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں، لامحالہ طور پر ان کے اثرات جامعات پر بھی پڑتے ہیں اور اہل علم و دانشور بھی ان سے متاثر ہوتے ہیں۔ دور جدید کے تقاضوں کو مد نظر رکھنا اور پیش آمدہ مسائل کا حل ڈھونڈنا بھی اہل علم و تحقیق کی ذمہ داری ہے۔ جامعات میں ہونے والی تحقیقات اور شائع ہونے والے رسائل و جرائد میں ان کی جھلک ناگزیر ہے[83]۔"

پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف ظفر کے مطابق

پرنٹ میڈیا (اخبارات و رسائل) کا دعوتی استعمال

"عصرِ حاضر کے ذرائع ابلاغ کے تین حصے پرنٹ میڈیا، الیکٹرانک میڈیا اور مختلف ابلاغی پروگرام ہیں۔ وہ ذرائع ابلاغ جو پریس سے مربوط ہیں پرنٹ میڈیا کہلاتے ہیں مثلاً اخبارات، رسائل و جرائد، پوسٹرز، بینرز، پمفلٹ، کتب، وال چاکنگ وغیرہ۔ **پرنٹ میڈیا کا دعوتی استعمال:** پرنٹ میڈیا جس میں اخبارات، خواتین اور بچوں کے رسائل، ماہنامہ جرائد، کہانیاں، ناول، افسانے وغیرہ شامل ہیں، کو دعوتِ دین کے بھرپور انداز میں استعمال کرتے ہوئے بھی دعوتِ دین کو گھر گھر، گلی گلی اور محلوں میں پہنچایا جاسکتا ہے[84]۔"

پروفیسر ڈاکٹر سلیم طارق خان کے مطابق

تحقیقی جرائد کے ذریعے تھنک ٹینکس اپنی تحقیقات سامنے لے کر لائیں

تحقیقی مجلات کو نئی جہات سے ہم آہنگ کرنے کیلئے آپ ان الفاظ میں اظہارِ خیال کرتے ہیں:

"علم کے میدان میں امتِ مسلمہ کی ناگفتہ بہ حالت اس کو قعرِ مذلّت میں گرانے کا سبب بنی ہے، جب تک علمی میدان میں جدید تحقیقی اصولوں پر مبنی کاوشیں نہیں کی جاتیں اس وقت اس کو نشیب سے فراز کی طرف لانا ممکن نہیں۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ اسلامی علوم میں قصے کہانیاں اور دوسری اس طرح کی

روایات کو ختم کر کے خالصتاً جدید تحقیقی اصولوں کو اپنایا جائے اور ان موضوعات کو زیرِ بحث لایا جائے جو جدید ترین مسائل پر امتِ مسلمہ کی رہنمائی اور پالیسی ساز اداروں کو فکری رہنمائی مہیا کر سکیں۔ ملک میں موجود تھنک ٹینکس (تحقیقی مجلات کے ذریعے) اپنی تحقیقات و خیالات سامنے لے کر آئیں اور حریتِ فکر کے ساتھ ساتھ لوگوں کے اندر اختلافِ رائے برداشت کرنے کی صلاحیت پیدا کریں کیونکہ عمومی طور پر ملتِ اسلامیہ اور خصوصاً دینی حلقوں میں اس کا فقدان پایا جاتا ہے[85]۔"

ڈاکٹر نور احمد شاہتاز کے مطابق

مجلاتی مقالات کے سلسلے میں اصل تحقیق کی حوصلہ افزائی کی ضرورت

آپ نے جامعاتی تحقیقی مجلات کے حوالے سے ایک المیہ کی ان الفاظ میں نشان دہی کی ہے:

"جب سے ہائر ایجوکیشن کمیشن نے پی ایچ ڈی کی ڈگری کے حصول کے لئے کم از کم ایک مقالہ کی ایچ ای سی ایپروؤڈ جرنلز میں اشاعت کو لازمی کیا ہے اس وقت سے تحقیق برائے حصول ڈگری کا رجحان عام ہو رہا ہے اور تحقیق برائے علم و تحقیق کی طرف توجہ کم ہوتی جا رہی ہے۔ ہمیں موصول ہونے والے اکثر و بیشتر مقالات کے ساتھ یہ درخواست (Request) بھی ہوتی ہے کہ ڈگری کا معاملہ رکا ہوا ہے یا رک جانے کا اندیشہ ہے اس لئے براہ کرم اس مقالہ کو فی الفور اور اوّلین اشاعت میں جگہ دے دیجئے اور اسے نظر ثانی بورڈ یا کمیٹی کے سامنے پیش کرنے کی زحمت بھی نہ فرمائیے کیونکہ اس سے تاخیر ہو گی اور ہمیں نقصان پہنچے گا۔ گزشتہ دنوں اعلیٰ تحقیق کے اداروں میں جاری تحقیق کے عنوان پر ایک کانفرنس میں ایسی ہی درخواستوں کے بارے میں اظہار خیال کیا گیا اور اکثر محققین نے یہی رائے دی کہ ان درخواستوں کو جرأت کے ساتھ یکسر نظر انداز کرنے کی ضرورت ہے، مگر افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ یہ درخواستیں بھی ایسے ہی احباب کی سفارشوں کے ساتھ موصول ہوتی ہیں جو اجلاسوں اور جلسوں میں تو اس عمل کی حوصلہ شکنی کرتے ہیں مگر انفرادی حیثیت میں معاملہ جوں کا توں رہتا ہے[86]۔"

پروفیسر ڈاکٹر محمد عبداللہ کے مطابق

مجلات کی علمی و تحقیقی اہمیت اور مدیرانِ جرائد کے لیے توجہ طلب امور

"In the contemporary academia, importance of journals is an established fact. Not only does the traditional academia discourse, but also modern discipline appears due to endeavor of such traditions of journal. An

editor is the key person who lightens the quality of writing[87]."

"علمی دنیامیں رسائل و جرائد کی اہمیت مسلمہ ہے۔رسائل کی نوعیت تاریخی، تجارتی، سائنسی، سیاسی و تفریحی بھی ہوسکتی ہے اور علمی ودینی بھی۔علمی رسائل کے ذریعے قدیم وجدید علوم وفنون منظرِ عام پر آتے ہیں بلکہ نئے لکھنے والوں کی بھی تربیت ہوتی ہے۔نامور مصنفین اوران کی کتب کا تعارف بھی بالعموم رسائل وجرائد ہی کے ذریعے سامنے آتاہے۔رسائل وجرائد کی اہمیت بعض اوقات کتاب سے بھی بڑھ جاتی ہے۔کتاب میں ایک خاص موضوع پرایک معین وقت تک ہی اشاعت ہوتی ہے نیز کتاب کی اشاعت ایک آدھ بارہی ہو پاتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ بعض کتب نایاب ہو جاتی ہیں جب کہ رسائل و جرائد میں علمی مضامین، مقالات،ان پر تبصرہ وتنقیداور استدراکات کا سلسلہ جاری وساری رہتاہے[88]۔

علمی رسالہ کی اہمیت کے ساتھ ساتھ اس کے مدیر (Editor) کی اہمیت کو بھی کسی طرح نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ایک مدیر ہی رسالے میں جان ڈالتاہے۔اس کا فکری تخیل، فنی مہارت، اور قلمی وعلمی کاوشیں پورے رسالہ میں جلوہ گرہوتی ہیں۔اداریہ وشذرات سے لے کر عنوانات کے انتخاب تک اسی کی بصیرت کے آئینہ دار ہوتے ہیں۔مقالات ومضامین، علمی خبریں، کتابوں پر تبصرے، مکتوبات، اہلِ فن کے کمالات غرض مجلے کی ترتیب وتدوین میں اس کا پوراہاتھ ہوتاہے۔اس کی ذراسی بھی لاپرواہی رسالے کے معیار کو گرادیتی ہے۔لہٰذاایک مدیر کونہایت باریک بینی اور کمال ہوش یاری سے رسالے کے ایک ایک پہلوپر توجہ دیناپڑتی ہے۔ایسے ہی رسائل کااہلِ علم کو بے چینی اور شدت سے انتظار رہتاہے۔بالفاظ دیگرایسے ہی رسائل رجحان ساز کی حیثیت رکھتے ہیں جواپنے دور میں تصنیف تالیف کے معیار واسلوب کا تعین کرتے ہیں.....پاک وہندسے درجنوں دینی، علمی اور تحقیقی رسائل وجرائد شائع ہورہے ہیں اور یہ سبھی جرائداپنی جگہ پراہم خدمات بھی سرانجام دے رہے ہیں[89]۔(آیئے دیکھتے ہیں) کہ ایک علمی رسالہ کو کیساہوناچاہیے ؟اس میں کس قسم کالوازمہ درکارہے ؟پھراس کامدیر کن صلاحیتوں کا حامل ہواوراسے کن امورپر توجہ دینی چاہیے[90]؟

مدیر کابلند پایہ تخیل: کسی بھی رسالہ کے معیار کے لیے یہ سب سے اہم ہے کہ مدیرِ مجلہ اس کو کس سطح پر دیکھناچاہتاہے ؟یااس کے ذریعے کس قسم کی باتوں کو پیش کرناچاہتاہے ؟اس کا تعلق مدیر کی غیر معمولی بصیرت (Vision) پر مبنی ہے۔اس کا تخیل جس قدر بلند ہوگا رسالہ کا معیار بھی اسی قدر بلند ہوگا[91]۔

اہلِ علم و قلم سے رابطہ: مجلہ کے معیار کے لیے ضروری ہے کہ جہاں مضامین میں تنوع ہو وہیں اہلِ قلم

سے رابطہ کیاجائے اور نامور اہلِ علم سے بہ اصرار مضامین لکھوائے جائیں کیونکہ اکیلا مدیر پرچے کی ضروریات پوری نہیں کر سکتا۔ہاں اتنا ضرور ہے کہ مدیر خود رسالہ کی ترتیب کا ایک خاکہ بنائے اور پھر علمی و ملی ضروریات کے تحت ہر فن کے ماہرین سے رابطہ کرے اور ان کو مختلف موضوعات دے کر ان پر نگارشات حاصل کرے پھر رسالہ کے تقاضوں کے مطابق بہ اجازت مصنف ان کی تدوین کرے[92]۔

مدیر معاونین کا تقرر و تربیت: کسی بھی رسالہ کے بہتر معیار کے لیے ضروری ہے کہ مدیر تقسیمِ کار سے کام لے۔ بالخصوص ذہنی و قلمی تربیت کے لیے ایسے افراد بطور معاون مدیر اور رفیق کے تیار کیے جائیں جو مدیر کی عدم موجودگی (میں) یا اس کے بعد ادارتی ذمہ داریاں سنبھال سکیں[93]۔

ادارتی باریکیوں پر نظر: ایک اچھا مدیر محض علمی لوازمہ کا اہتمام ہی نہیں کرتا بلکہ مضامین کے انتخاب و ترتیب سے لے کر ادارت وطباعت تک کے تمام مراحل پر کڑی نظر رکھتا ہے کیونکہ کسی بھی لحاظ سے غفلت ولاپرواہی مجلہ کے معیار کو گرا سکتی ہے[94]۔ معاصر مجلات پر اگر نظر ڈالی جائے تو اس طرح کی بے احتیاطیاں عام نظر آئیں گی مثلاً املا واغلاط کی بھرمار ہوگی، درمیان میں خالی صفحات رہ جانا، ایک صفحہ کا دو بار چھپ جانا، حوالہ جات اور حواشی ایک ہی رسالہ میں مختلف انداز سے ہونا، مضمون کے آغاز میں مناسب تمہید کا نہ ہونا، آخر میں خلاصہ بحث کے بغیر مضمون اچانک ختم ہو جانا، نئے مضمون کا آغاز نئے صفحے سے نہ ہونا وغیرہ۔ یہ سبھی امور مدیر کی توجہ کے محتاج ہیں[95]۔

معیاری مضامین کا انتخاب: کسی بھی رسالہ میں اشاعت کی غرض سے متعدد مضامین آتے ہیں۔ایک اچھے مدید کا کام یہ ہے کہ رسالہ کے لیے عمدہ مضامین کا انتخاب کرے۔اس غرض کے لیے ضروری ہے کہ سب سے پہلے مدیر خود مضمون کو دیکھے۔اگر ممکن ہو تو اس فن کے ماہر (Expert) سے اس پر رائے بھی لے لی جائے۔ مضامین کی بہتری کے لیے اگر ممکن ہو تو بہ اجازت مصنف ترمیم وتدوین کا حق بھی استعمال کرے تاکہ مجلہ میں معیاری تحریرات ہی جگہ پا سکیں[96]۔ دورِ جدید کا ایک رجحان یہ بھی سامنے آیا ہے کہ مدیر کی نگارشات کسی بھی طور سے اس مجلہ میں شامل نہیں ہونا چاہیے جس کا وہ خود مدیر ہے، اس وجہ سے کہ شاید تحریر کا وہ معیار نہ رہے مگر راقم کے خیال میں مدیر کی نگارشات بھی مجلہ کی زینت بننی چاہئیں مگر اس کا طریقہ کار بھی وہی مد نظر رکھے جو دیگر مضامین کا اختیار کیا گیا ہے اور قارئین کرام اس کے معیار کا بہترین فیصلہ کر سکتے ہیں[97]۔

رسالہ کے لیے پیشگی لوازمہ کا اہتمام: ایک اچھے رسالہ کی باقاعدہ اشاعت کے لیے مضامین و مقالات اور

دیگر لوازمہ کا اہتمام بروقت ہی نہیں قبل از وقت کر لیا جائے ورنہ عین موقع پر ممکن ہے کہ معیاری مواد ہاتھ نہ آئے اور پرچہ لیٹ ہو جائے یا غیر معیاری مضامین شائع ہو جائیں۔ اس غرض کے لیے اہلِ علم سے پیشگی رابطہ اور مقالات حاصل کرنا از حد ضروری ہے[98]۔ اس پہلو سے اگر معاصر مجلات پر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہو گا کہ پرچہ محض سال چھ ماہ کے لیے تاخیر کا شکار نہیں رہتا، بلکہ دو دو سال کے لیے بھی دیر سے شائع ہوتا ہے۔ اگرچہ ہائیر ایجوکیشن کمیشن پاکستان (HEC) نے اپنے احاطۂ کار میں شامل مجلات کے لیے اس امر کا خصوصی اہتمام کیا ہے[99]۔

معاصر مجلات پر نظر: ایک باخبر مدیر معاصر مجلات پر بھی گہری نظر رکھتا ہے، قومی و بین الاقوامی سطح پر کس فن (Discipline) میں کون سے مجلات شائع ہو رہے ہیں؟ معیاری مجلات اور ادارت کے لحاظ سے ان میں کیا خوبیاں ہیں؟ علاوہ ازیں معاصر مجلات سے ترجمہ و اختصار کی صورت میں استفادہ بھی ممکن ہے۔ ایک اچھا مدیر، ان تمام پہلوؤں پر گہری نظر رکھتا ہے اور اپنے مجلہ کے معیار کو مزید بہتر بنا سکتا ہے[100]۔

کتب جدیدہ پر تبصرے اور خبروں کا اہتمام: ایک اچھا مدیر محض مقالات کی اشاعت پر اکتفا نہیں کرتا بلکہ اپنے رسالہ میں تازہ مطبوعات اور رسائل و جرائد پر تبصرے بھی شائع کرتا ہے۔ علاوہ ازیں علمی دنیا اور اپنے اداروں کی پیش رفت سے بھی آگاہ کرتا ہے تاکہ ایک قاری قلم و کتاب کی دنیا سے پوری طرح باخبر رہے[101]۔ کتب پر مضامین کے تبصرے سے قارئین نہ صرف نئی کتب سے باخبر رہتے ہیں بلکہ ان کے مضامین سے بھی آگاہ ہوتے ہیں[102]۔

رسالہ کی نشر و اشاعت کا اہتمام: مدیر کا محض کام یہ نہیں ہے کہ ایک اچھا رسالہ ترتیب دے بلکہ اسے اہلِ علم اور کتب خانوں تک پہنچانا بھی اس کے فرائض میں شامل ہے۔ بالعموم سرکاری ادارے اور ان سے شائع ہونے والے سرکاری مجلات و رسائل ان امور پر خاطر خواہ توجہ نہیں دیتے اور دفتری و کاغذی کارروائی پر ہی اکتفا کرتے ہیں۔ نہ جانے کتنی مفید کتب اور قیمتی رسائل و جرائد ان اداروں سے شائع ہوتے ہیں اور سٹور زمیں دبے رہ جاتے ہیں اور اہلِ علم و کتب خانوں تک ان کی رسائی نہیں ہوتی۔ ان کی اشاعت کا دائرہ بھی محدود رہ جاتا ہے[103]۔ مدیر کو چاہیے کہ رسالہ کا پتہ، اپنا اور دفتر کا فون نمبر اور ای میل وغیرہ واضح طور پر لکھے، اگر انٹرنیٹ پر بھی مجلہ دستیاب ہو جائے تو اس کی رسائی زیادہ افراد تک ہو سکتی ہے۔ اس غرض کے لیے اپنا یو آر ایل بھی واضح کرے۔ نیز قومی و بین الاقوامی سطح کے اشاراتی اداروں (Indexing Agencies) کے ذریعہ مجلہ کے عنوانات اور ملخص کی رسائی زیادہ سے زیادہ افراد تک کی جائے[104]۔

خلاصہ بحث یہ کہ وطنِ عزیز پاکستان میں بیسیوں علمی و تحقیقی اور دینی رسائل و جرائد ماہنامہ، سہ ماہی، شش ماہی اور سالانہ بنیادوں پر شائع ہوتے ہیں۔ ۲۰۰۶ء سے ہائیر ایجوکیشن کمیشن پاکستان (HEC) نے جامعاتی رسائل و جرائد کے لیے ایک پالیسی وضع کی ہے تاکہ رسائل و جرائد کا معیار بلند ہو۔ اگرچہ معیاری رسائل و جرائد کی اشاعت ایچ ای سی کے قیام سے پہلے بھی ہو رہی تھی مگر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ایچ ای سی کے ضابطے کے بعد ان کے معیار میں مزید کس قدر بہتری پیدا ہوئی ہے؟ ایچ ای سی یا اس نوعیت کا کوئی بھی ادارہ جب کوئی بھی ضابطہ کار وضع کرے گا تو اس پر عمل درآمد کروانا مدیر اعلیٰ، مدیر اور مجلسِ ادارت و مشاورت ہی کی ذمہ داری ہے۔ بظاہر ایچ ای سی کے منظور شدہ (Recognized) رسائل کی ایک طویل فہرست موجود ہے اور ہر رسالہ میں مجلسِ ادارت اور مشاورت میں ملکی و غیر ملکی اہلِ علم کے نام بھی موجود ہوتے ہیں مگر ان سے استفادہ اور مشاورت کس حد تک ہوتی ہے؟ آمدہ تحریرات پر ماہرین سے آراء اور اس کے نتیجے میں ترمیم و تنسیخ کس حد تک ہوتی ہے؟ اگر حقیقی معنوں میں ایچ ای سی کے ضابطوں پر عمل ہوتا ہے اور مدیر و مجلسِ مشاورت اپنے فرائض ذمہ دارانہ طور پر سرانجام دیتے ہیں تو اس امر کا جائزہ لینا بھی ناگزیر ہوگا کہ وطنِ عزیز کے کتنے رسائل بین الاقوامی معیار پر پورا اترتے ہیں[105]۔"

ڈاکٹر محمد الیاس الاعظمی کے مطابق

مجلات سے اپنے دائرہ اثر میں بحث و تجزیہ، تحقیق و تدقیق کی دنیا آباد

"ہند و پاک میں علم و تحقیق کی ترقی اور علوم اسلامی کی ترویج و اشاعت میں اردو رسائل و جرائد کا بہت اہم کردار ہے۔ ان رسائل نے مختلف موضوعات پر اپنے اپنے دائرہ اثر میں بحث و تجزیہ اور تحقیق و تدقیق کی ایک دنیا آباد کی، جس سے نہ صرف علم و تحقیق کے میدان میں گراں قدر اضافہ ہوا، بلکہ اہل قلم اور مصنفین کی ایسی جماعتیں وجود میں آئیں جنہوں نے اپنی تصنیفات و تالیفات سے قوم و ملت کی فکری تربیت کا فریضہ بھی انجام دیا[106]۔ اردو رسائل و جرائد کی ایک طویل تاریخ ہے لیکن گردشِ زمانہ نے ان کے نقوش دھندلا دئے، حالانکہ ضرورت ہے کہ ان کی تاریخ مرتب کی جائے اور ان کی متنوع اور گوناگوں خدمات و اثرات کا جائزہ لیا جائے[107]۔"

پروفیسر ڈاکٹر عبدالقدوس صہیب کے مطابق

مجلاتی مقالات میں فکری راہیں کھولنے اور جمود ختم کرنے کی سعی ہو

"آج تحقیقی مضامین لکھنا اور ان کا بروقت شائع ہونا ہم سب کی ضرورت بن گیا ہے۔ اس لیے ضرورت

اس بات کی ہے کہ جو بھی تحقیقی مضامین لکھے جائیں وہ تحقیق کے معیار پر پورا اترتے ہوں اور جدید طریقہ تحقیق کے مطابق ہوں تاکہ نئے عنوانات اور پیش آمدہ مسائل کے حل کے لیے اہل علم اور عوام الناس دونوں ان سے رہنمائی حاصل کر سکیں۔ اس طرح ہم نئے موضوعات پر تحقیق کے ذریعے فکری راہوں کو کھولنے اور جمود کو ختم کرنے کی سعی کر سکتے ہیں اور یہ ہی آج امت مسلمہ کے حالات کا تقاضا ہے۔ آئیں ہم سب اس کوشش میں اپنا حصہ ادا کریں[108]۔"

ڈاکٹر اسد فیض کے مطابق

رسائل و جرائد نے معاشرہ کی علمی اور فکری بنیادی استوار کیں

"بیسویں صدی کے ابتدائی دہائیوں میں برصغیر کے اہم ادبی جرائد کی اشاعت کا سیلاب امڈ آیا تھا۔ ان ادبی جرائد نے برصغیر کے ادبی معاشرہ کی علمی اور فکری بنیادیں استوار کیں اور ان کو استحکام بخشا۔ اپنے عہد کا شعور اپنے اندر سمیٹے ہوئے یہ ادبی رسائل ہمارا عظیم اثاثہ ہیں۔ آج کے کئی معروف ادیبوں کی ابتدائی تحریروں اور علمی و فکری تحریکوں کے بھی یہ جرائد امین ہیں[109]۔"

ڈاکٹر اصغر علی بلوچ کے مطابق

تحقیقی سرگرمیوں میں تحقیقی مجلات کا کردار نظرانداز نہیں کیا جاسکتا

"تحقیقی سرگرمیوں کے حوالے سے جامعات کے کردار کو کسی صورت نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ یہی بات تحقیقی مجلات پر صادق آتی ہے۔ یونیورسٹی اساتذہ کے لیے ان تحقیقی رسائل میں اپنے مقالات کی اشاعت جزوِلازم کی حیثیت رکھتی ہے بلکہ یہ کہنا زیادہ بہتر ہوگا کہ ان کی اگلے گریڈ میں پروموشن ان مقالات سے مشروط ہے۔ اس کے علاوہ پی ایچ ڈی کی ڈگری کے حصول کے لیے ہائر ایجوکیشن کمیشن کے منظور شدہ مجلات میں کم از کم دو تحقیقی مضامین کی اشاعت کو ضروری قرار دیا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پیشہ ورانہ ترقی اور اعلیٰ ڈگری کے حصول کے لیے اساتذہ اور محققین میں مقالات کی تعداد بڑھانے کی ایک دوڑ لگی ہوئی ہے۔ اب جب سے پبلک سروس کمیشن کی طرف سے براہِ راست سلیکشن کے لیے ایسے تحقیقی مقالات کی شرط عائد کر دی گئی ہے تو یونیورسٹی کے ساتھ ساتھ کالج اساتذہ بھی اس دوڑ میں شریک ہوگئے ہیں..... تحقیقی سرگرمیوں کا فروغ یقیناً قابلِ ستائش امر ہے لیکن اس میراتھن ریس میں کھلاڑی اور اناڑی کا امتیاز ختم ہو جاتا ہے. یہی وجہ ہے کہ تحقیق کے اصول و ضوابط کو بالائے طاق رکھتے ہوئے رطب و یابس کی بہتات کو ہی اصل تحقیق سمجھ لیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ تدریس کے فریضے کی بجاآوری سے زیادہ مقالات

کی پیداواری صلاحیت ہی کو تعلیمی معراج گردانے کا رجحان تقویت پکڑ رہا ہے۔ ایسی صورتِ حال میں معیار سے زیادہ تعداد مقالات کو اہلیت وصلاحیت کی بنیاد بنا کر معروضیت اور معقولیت کو نظر انداز کیا جارہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ سماج اور علم وآگہی میں کسی مثبت تعامل کی بجائے گریز کی صورت پیدا ہوگئی ہے۔ ہماری تحقیق میں اوریجنیلٹی اور تازگی کی بجائے فرسودگی اور سرقے کی وبا اسی لیے عام ہوگئی ہے۔ اس کی بنیادی وجہ بھی مبادیاتِ تحقیق سے لاعلمی اور ہنگامی نوعیت کی عجلت پسندی ہے جو بدنامی کا باعث بن رہی ہے[110]۔"

آپ جدید ابلاغی دور میں رسائل وجرائد اور تحقیقی مجلات کے برقی ایڈیشنز کے بارے میں لکھتے ہیں:

"انٹرنیٹ اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کو اردو صحافت نے بڑی خوش اسلوبی اور مہارت سے استعمال کیا ہے۔ آج کل یہی کام اردو جرائد اور کتب کی اشاعت کے لیے بروئے کار لایا جارہا ہے۔ تقریباً ہر اردو اخبار اور جریدے کا آن لائن ایڈیشن موجود ہے، جسے دنیا کے کسی بھی خطے میں بیٹھ کر آپ پڑھ سکتے ہیں ..... انٹرنیٹ کی مختلف ویب سائٹوں کے ذریعے کتابوں، ناولوں، ادبی جرائد اور خصوصی شماروں کو محفوظ کرنے کا کام تیزی سے جاری وساری ہے[111]۔"

ڈاکٹر افتخار احمد خان کے مطابق

تحقیقی مجلات جدید مصادر ومراجع، مآخذ ومنابعِ تحقیق میں سرِ فہرس

"اخبارات، مجلات اور رسائل وجرائد کا مطالعہ کرنے سے بہت تحقیق طلب مسائل کے بارے میں معلومات مل جاتی ہیں اور بعض جدید مسائل انہی مجلات اور رسائل کی زینت ہوتے ہیں جن کے مطالعے سے انتخابِ موضوع میں مدد مل سکتی ہے[112]۔"

ایک اور مقام پر "جدید مآخذ ومنابع اور ان کے ذرائع" کے تحت لکھتے ہیں:

"جدید دور سائنس اور ٹیکنالوجی کا دور ہے اس ترقی نے ہر میدان پر اثرات چھوڑے ہیں خاص طور پر تعلیم وتعلم اور بحث وتحقیق کے میدان میں۔ اس ترقی نے تحقیق وتفحیص کو بہت ہی آسان اور تیز تر کر دیا ہے یہی وجہ ہے کہ جدید مصادرِ تحقیق میں تنوع آگیا ہے اور مصادر مختلف شکلیں اختیار کر چکے ہیں جب کہ اس سے پہلے ایک ہی ذریعہ تھا وہ تھا مخطوط یا کتاب[113]۔"

اس کے بعد آپ نے دورِ حاضر کے ۷ اجدید مصادر، مراجع، مآخذ ومنابع کا تذکرہ کیا ہے جن میں تحقیقی مجلات (Research Journals) کو سرِ فہرست رکھا ہے[114]۔

ڈاکٹر اقصیٰ نسیم سندھو کے مطابق

رسائل کے متنوع مضامین سے سوچ کے زاویے نمایاں ہوتے ہیں

"بیسویں صدیں میں شائع ہونے والے اردو کے ادبی رسائل میں خاص تنوع اور موضوعاتی حوالے سے رنگارنگی آچکی تھی۔ بلاشبہ ان رسائل نے اردو زبان وادب کے فروغ اور ترویج میں نمایاں حصہ ڈالا۔ ان رسائل کو قارئین نے پسند کیا اور ان سے ادبی شوق کو مہمیز بھی ملتی تھی۔ ان رسائل میں نہ صرف شعر و ادب کے حوالے سے مباحث کا سلسلہ بھی ہوتا جس سے سوچ کے کئی زاویے نمایاں ہوتے۔ شروع شروع میں یہ رسالے عام رسالے ہی تھے۔ پھر سوچا گیا کہ کسی نہ کسی حوالے سے خصوصی اشاعتیں عمل میں لائی جائیں تاکہ موضوعاتی اور صحافتی حوالے سے مزید جدتیں پیدا ہوں۔ اسی دور میں کوشش ہوئی کہ رسالوں کے خاص نمبر نکالے جائیں جن میں کسی مخصوص موضوع پر بھرپور مواد پیش کیا جائے[115]۔"

ڈاکٹر امتیاز ندیم کے مطابق

زبان وادب میں رسائل و جرائد تحقیق کاروں کے لیے نہایت اہم

"اردو زبان وادب میں رسائل کی بڑی اہمیت ہے۔ الگ الگ عنوانات و موضوعات پر مشتمل مختلف اصحابِ قلم کی نگارشات ریسرچ سکالروں اور تحقیقی کام کرنے والوں کے لیے بڑی اہم ہوا کرتی ہیں۔ یہ رسائل ہمارے ادبی سرمایہ میں گراں قدر اضافہ کی حیثیت رکھتے ہیں..... اس لحاظ سے ان رسائل کی اہمیت اور قدر و قیمت کافی ہے لیکن ہمارے یہاں انہیں محفوظ رکھنے کا کوئی بہتر اور سائنٹفک طریقہ موجود نہیں ہے جس کی وجہ سے بیشتر قیمتی رسائل ضائع ہو چکے ہیں۔ اگر کہیں مل بھی جاتے ہیں تو ان کی مکمل فائلیں دستیاب نہیں ہوتیں یا بہت خستہ حالت میں ہوتی ہیں[116]۔"

ڈاکٹر ایم سلطانہ بخش کے مطابق

رسائل و جرائد کے مضامین ایک ہی موضوع پر بسیط معلومات کا ذریعہ

"مواد کی تلاش کے سلسلے میں مخطوطوں اور کتابوں کے علاوہ معیاری رسالوں کی جلدوں سے بھی استفادہ کرنا ہوتا ہے چونکہ ان کے اشاریے پر یہ کارڈ بہت کم لائبریریوں میں موجود ہوتے ہیں اس لیے پورے رسالے کی ورق گردانی ضروری ہے۔ یہ کام دقّت طلب ضرور ہے لیکن اس سے استفادہ ناگزیر ہے۔ رسائل کے مضامین چونکہ ایک موضوع سے بحث کرتے ہیں اس لیے ان میں (عموماً) کتاب سے زیادہ

تفصیل ہوتی ہے[117]۔"

ڈاکٹر بادشاہ منیر بخاری کے مطابق

ایچ ای سی نے صحت مند تحقیق کے لیے ٹھوس اقدامات کیے ہیں

"یہ امر انتہائی خوش آئند ہے کہ اردو کا محقق ادب کے ساتھ ساتھ لسانیات اور دیگر علوم کی طرف بھی توجہ دے رہا ہے اور تحقیق کے جدید ترین ذرائع بھی استعمال میں لا رہا ہے جس سے اردو میں ہونے والی تحقیق کا دامن وسیع ہو گا اور بندھے ٹکے موضوعات سے بھی نجات مل جائے گی۔ ہائیر ایجوکیشن کمیشن پاکستان نے ملک میں صحت مند تحقیق کے لیے جو (تحقیقی مجلات کی اشاعت اور ان کے لیے اصولی معیارات کی صورت میں اور دیگر) اقدامات اٹھائے ہیں اس کے مثبت اثرات نمایاں طور پر اب محسوس ہونے لگے ہیں اور یقیناً آنے والے چند سالوں میں پاکستان بھر کے جامعات جن میں اردو زبان وادب پر تحقیق ہو رہی ہے ان کا معیار عالمی سطح کی تحقیق کے معیاروں کے مطابق ہو گا[118]۔"

ڈاکٹر بسمینہ سراج کے مطابق

رسائل و جرائد سے ناقدین، مؤرخین، محققین کے ذوق کی تسکین

"اردو زبان وادب کی ترویج واشاعت میں ادبی رسائل و جرائد کا کردار ہمیشہ ہی سے اہم رہا ہے۔ ادبی رسائل کے ذریعے عوام کی ذہنی، فکری اور ادبی تربیت اور رہنمائی ہوتی ہے۔ رسائل و جرائد ادب کو زندگی کی سب سے بڑی، اہم اور قیمتی سرگرمی بنانے کی کوشش کرتے ہیں اور یوں رسائل و جرائد ادب کی حقیقی معنوں میں خدمت کرتے ہیں..... اردو زبان میں ادبی رسائل انیسویں صدی عیسوی میں شائع ہونا شروع ہو گئے تھے۔ اردو اخبارات کا دائرہ چونکہ خبروں تک محدود تھا اس لیے تخلیقی اور تنقیدی ادب کی اشاعت کے لیے ادبی رسائل کا اجراء ناگزیر تھا۔ رسائل و جرائد کی اشاعت کی ایک طویل تاریخ ہے۔ بیسویں صدی عیسوی میں متعدد ادبی رسائل ادب کے اُفق پر بھرپور چمکے اور پھر آہستہ آہستہ اپنی افادیت ختم کرتے ہوئے منظرِ عام سے پسِ منظر میں چلے گئے۔ ادبی رسائل اپنے عہد کی تخلیقی سفر کی اہم ترین دستاویزات شمار ہوتے ہیں جہاں وہ ایک طرف اہلِ قلم کو اپنے آپ کو منوانے کا موقعہ دیتے ہیں وہاں ناقدین، مؤرخین اور محققین کے ذوق کی تسکین کا کام بھی کرتے ہیں، بلکہ ان رسائل کے ذریعے ایسے لکھنے والے بھی منظرِ عام پر آئے جن پر اردو ادب بجا طور پر فخر کر سکتا ہے۔ پرانے اور کہنہ مشق ادیبوں کے ساتھ ساتھ نئے لکھنے والوں کی حوصلہ افزائی کی گئی تاکہ ادب میں خلانہ پیدا ہو[119]۔"

ڈاکٹر بشیر احمد رند کے مطابق

تحقیقی مجلات: سکالرز کی حوصلہ افزائی اور انسانیت کی علمی خدمت

"علمی اور تحقیقی کاوشوں کی اہمیت وافادیت سے ہر ذی شعور انسان آگاہ ہے۔ آج کی جدید دنیا میں حضرتِ انسان نے جو فضاؤں اور سمندروں کو مسخر کر لیا ہے، سالوں کے فاصلوں کو گھنٹوں میں طے کر لیا ہے، ہزار ہا میل دور رہ کر حالات وواقعات کو آنکھوں سے دیکھ اور کانوں سے سن رہا ہے، ایک آلہ کے سامنے بیٹھ کر دنیا تک اپنی معلومات ومافی الضمیر کو آسانی سے پیش کر رہا ہے، قدیم دور میں زندگی مشکل تھی اس کو آسان سے آسان تر بنالیا ہے، یہ سب کچھ انسان کی علمی و تحقیقی کاوشوں کا نتیجہ ہے[120]۔ علمی و تحقیقی کاوشوں کی اسی اہمیت کے پیش نظر.....ایسے ریسرچ جرنل کا اجراء کیا جائے..... جس میں مختلف محققین کی تحقیقی کاوشوں کو منظر عام پر لایا جائے جس میں ایک طرف محققین کی حوصلہ افزائی ہو تو دوسری طرف انسانیت کی علمی حوالے سے خدمت ہو۔ نیچرل سائنس، سوشل سائنس، اور ہیومینیٹیز کے حوالے سے بہت سارے تحقیقی مجلات مقامی وعالمی زبانوں میں شائع ہو رہے ہیں لیکن خاص طور پر دینی اور اسلامی نقطہ نظر سے چھپنے والے تحقیقی مجلات کی کمی محسوس کی جارہی تھی (یا محسوس کی جاسکتی ہے)[121]۔"

ڈاکٹر جمیل اختر کے مطابق

تحقیق میں مواد کی فراہمی جتنی رسائل سے ممکن ہے کتابوں سے نہیں

"رسائل کے اندر ایک ہی موضوع پر متنوع مضامین مل جاتے ہیں اس لیے بسا اوقات ایک مضمون سے جتنی معلومات حاصل ہو جاتی ہیں وہ کبھی کبھی ایک کتاب سے بھی فراہم نہیں ہوتیں۔ ایسے میں ریسرچ کے طالب علم کے لیے ایک مضمون کی اہمیت پوری کتاب سے زیادہ ہوتی ہے۔ رسائل میں موضوعات کا بھی تنوع ہوتا ہے اس لیے تقریباً تمام اہم موضوعات پر مضامین مل جاتے ہیں جو کسی ایک کتاب میں نہیں ملتے۔ پھر یہ کہ رسائل میں قاری اور وقت کے تقاضے کو بھی سامنے رکھتے ہوئے کسی خاص موضوع پر مضامین لکھوائے اور شائع کیے جاتے ہیں لیکن اس موضوع پر کوئی کتاب ایک عرصے بعد کبھی آجاتی ہے اور کبھی نہیں۔ گویا تحقیق میں مواد کی فراہمی جتنی رسائل سے ممکن ہے کتابوں سے نہیں۔ آج بھی بہت سے ایسے موضوعات ہیں جن پر مواد صرف مختلف رسائل ہی میں ملتے ہیں۔ کتابیں اس سلسلے میں کوئی خاص رہنمائی نہیں کرتیں اس اعتبار سے تحقیق کے میدان میں رسائل کے اشاریوں کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا[122]۔"

ڈاکٹر رشید امجد / قیصرہ علوی کے مطابق

تحقیقی و تنقیدی مجلات جامعاتی شعبوں کے علمی سرگرمیوں کی پہچان

"کیا پاکستانی جامعات میں تحقیق کا معیار تسلی بخش ہے؟ اس سوال کا جواب اثبات میں دینا خاصا مشکل ہے، اس لیے کہ ہماری جامعات میں زیادہ زور درس وتدریس پر ہے، حالانکہ تدریس کا کام دوسرے اداروں یعنی کالجوں میں بھی ہو رہا ہے۔ اکثر کالجوں میں بی ایس اور ایم اے کی سطح کی تدریس ہو رہی ہے۔ جامعات میں یہ سلسلہ ایم ایس اور پی ایچ ڈی تک پھیل جاتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ اگر تدریس ہی جامعات کی بنیادی پہچان ہے تو پھر ایک کالج اور جامعہ میں کیا فرق ہے؟ ہماری رائے میں جامعات کا بنیادی کام تحقیق کو فروغ دینا ہے اگر جامعہ کے کسی بھی شعبہ میں تدریس کے ساتھ ساتھ تحقیقی کام نہیں ہو رہا تو یہ جامعہ کے تقاضوں کے مطابق نہیں۔ تحقیقی کاموں کے جو مختلف زاویے ہیں ان میں سے ایک تحقیقی و تنقیدی مجلے کا اجراء بھی ہے۔ اس نوع کے مجلے میں جہاں جامعہ کے اساتذہ اور طلبہ اپنی کاوشوں کا اظہار کرتے ہیں وہاں جامعہ سے باہر لکھنے والوں کی تحریریں بھی جگہ پاتی ہیں، اس لیے کسی بھی شعبے کا تحقیقی و تنقیدی مجلہ اس شعبہ کی علمی سرگرمیوں کی پہچان ہوتا ہے[123]۔"

ایک اور جگہ پر رقم طراز ہیں:

"جس طرح تحقیق و تنقید ایک دوسرے کے لیے لازم و ملزوم ہیں اسی طرح ان دونوں کا داب کی دیگر اصناف سے بھی گہرا تعلق ہے۔ ادب زندگی کی ترجمانی کرتے ہوئے وقت کے دائرے میں بھی ہوتا ہے اور اس سے ماوراء بھی، اسی طرح عصری سچائیاں اور ماضی کی روایات بھی ایک دوسرے سے گہرا تعلق رکھتی ہیں، اسی لیے ایک عہد میں بیک وقت کئی فنی و فکری رویے ایک دوسرے سے متصادم بھی ہوتے ہیں اور ایک دوسرے سے ہم آہنگ ہو کر اپنے عہد کی پہچان بناتے ہیں۔ تحقیق کا فریضہ صرف بوسیدہ مواد کی دریافت تک محدود نہیں بلکہ عصری سچائیوں کی دریافتِ نو بھی ہے۔ تنقید ایک راہبر کی طرح تحقیق کو اعتدال میں رکھتی ہے۔ ایک اچھے جریدے کا بنیادی کام یہ ہے کہ وہ عصری سچائیوں کی گواہی دے اور نئی نسل کی تربیت اس طرح کرے کہ ان میں ادبی ذوق پیدا ہونے کے ساتھ جستجو و تلاش کی لگن پیدا ہو اور یہ سلسلہ نسل در نسل آگے چلے۔ یہ عملِ خیر کا وہ تسلسل ہے جسے بنیادی ادب کا وظیفہ سمجھا جاتا ہے[124]۔"

"جامعات کا بنیادی وظیفہ طلبہ میں شعور، تحقیق اور جستجو کی لگن پیدا کرنا ہے۔ کسی جامعہ کا معیار اس میں ہونے والا تحقیقی کام ہے لیکن ہمارے جامعات تدریسی ادارے بن کر رہ گئے ہیں۔ یہ کام پوسٹ گریجویٹ

کالجز بھی کر رہے ہیں۔ جامعات کا دائرہ صرف تدریس تک محدود نہیں کیا جاسکتا۔ جامعات سے نئے نظریات اور مباحث جنم لیتے ہیں اور اس کے لیے ضروری ہے کہ تدریسی کام کے ساتھ ساتھ سیمینارز، مباحثوں اور گفتگو کے سلسلے جاری رہیں۔ جامعہ کے اساتذہ کو وہ سہولتیں حاصل ہوں جو تحقیقی کاموں کے لیے ضروری ہیں لیکن مالیاتی بحران کی وجہ سے اکثر جامعات میں یہ سہولتیں موجود نہیں ہیں جس کی وجہ سے تحقیق کی رفتار بہت سست ہے۔ جامعات کے وہ رسائل جو ایچ ای سی سے منظور شدہ ہیں، اس سلسلے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں لیکن فی الوقت ان کی تعداد بہت محدود ہے اور اردو کے تقریباً سبھی جرائد اس وقت کیٹگری زیڈ میں ہیں (اب بہتری آئی ہوگی)۔ اس کی وجہ اردو میں انڈیکسیشن کے نظام کا نہ ہونا ہے۔ اس کے لیے مقتدرہ قومی زبان ایک اہم کردار ادا کر سکتا ہے اور یہ اس کے فرائض میں بھی شامل ہے۔ قومی سطح کے پروفیسر بننے کے لیے ضروری ہے کہ متعلقہ شخص کے مضامین کیٹگری وائی اور ایکس میں چھپے ہوں لیکن اردو کا کوئی جریدہ ان دونوں کیٹگریز میں نہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اردو کا کوئی سکالر قومی پروفیسر نہیں بن سکتا۔ یہ قومی زبان کے ساتھ ایک ناروا اور معاندانہ سلوک ہے۔ مقتدرہ قومی زبان اور ایچ ای سی کو اس مسئلہ پر توجہ دینے کی فوری ضرورت ہے۔ تحقیق کی جس اہمیت کا ذکر کیا گیا ہے اس کے لیے وسائل کی ضرورت بھی ہے۔ تنقید اور تخلیق کے لیے کسی مادی وسیلے کی ضرورت نہیں لیکن تحقیق ایک ایسا شعبہ ہے جس کے لیے مادی وسائل ضروری ہیں۔ اس لیے جامعات میں تحقیق کے لیے ایک علیحدہ فنڈ قائم ہونا چاہیے لیکن مسئلہ پھر وہی مالی مشکلات ہے۔ چنانچہ اس سلسلے میں نظریں ایچ ای سی کی طرف ہی جاتی ہیں کہ اس کے عملی تعاون کے بغیر یہ ممکن نہیں۔ اس میں شک نہیں کہ ایچ ای سی نے اس سلسلے میں بہت کچھ کہا ہے لیکن یہ آٹے میں نمک کے برابر ہے[125]۔"

ڈاکٹر رفیع احمد کے مطابق

رسائل و جرائد سے مختلف اسالیبِ تحریر اور تخلیقی استعداد سے شناسائی

کئی دیگر اہلِ علم و ادب کی طرح آپ نے بھی رسائل و جرائد کو ایک لحاظ سے کتابوں پر فوقیت دی ہے:

"کتاب میں عام طور پر صرف مصنف کی تخلیقات یا تحریرات پڑھنے کو ملتی ہیں جب کہ رسالوں میں قلم کاروں کا نگار خانہ سجا رہتا ہے۔ چاہے رسالہ کسی خاص موضوع سے متعلق ہو یعنی اس کا کوئی خاص شمارہ شائع ہوا ہو یا عام شمارہ کہ جس میں طرح طرح کی چیزیں شامل ہوتی ہیں۔ کسی خاص شمارے میں جس میں کسی ایک شاعر یا ادیب کی یا کسی ادبی موضوع کے تعلق سے تحریرات و تخلیقات ہوں، مختلف لوگوں کے

نظریوں سے، ان کے اندازِ تحریر سے یاان کی تخلیقی استعداد سے شناسائی ہوتی ہےاور پھر رسالے کے مخصوص موضوع یا مخصوص ادیب یاشاعر کے ہر ہر گوشے پر روشنی پڑتی ہے وہ کتاب میں نایاب تو نہیں لیکن کم یاب ضرور ہوتی ہے۔کتاب میں صرف ایک مصنف کاایک ہی نظریہ، طریقہ کار،ایک ہی اُسلوب کبھی کبھی قاری کی اکتاہٹ کاموجب بن جاتاہے۔اس کے برعکس رسالہ میں اسلوب کی رنگارنگی بھی ملتی ہے، طریقہ کار کاتنوع بھی ملتاہے اورایک ساتھ مختلف ادبی، فکری نظریوں سے بھی واقفیت ہوتی ہے۔ علاوہ ازیں رسالے میں ہر طرح کے قاری کیلئے اپنی اپنی پسند کی چیزیں مل سکتی ہیں۔رسالہ اتنی رنگارنگ اور متنوع دلچسپیوں سے معمور ہوسکتاہے کہ قاری کی سانس ان کی سیر کرتے کرتے پھول جائے[126]۔"

ڈاکٹر روبینہ شہناز/ڈاکٹر عابد سیال کے مطابق

تحقیقی مجلات کی تعداد میں اضافے سے صحت مند مسابقت کی فضامزید بہتر

"ہائرایجوکیشن کمیشن کے منظور شدہ اردو جرائد کی فہرست طویل نہ ہونے کے باعث گذشتہ ایک دہائی میں محققین اور تحقیق کے اساتذہ وسکالرز کواپنی نگارشات شائع کروانے کے مواقع فراوانی سے دستیاب نہ ہوسکے۔لیکن وقت کے ساتھ ساتھ کئی نئے جرائد جاری ہوئےاور مطلوبہ معیاراور شرائط پوری کرنے کے ساتھ منظور شدہ جرائد کی فہرست میں شامل ہوگئے۔سواب یہ تعداد پہلے کی نسبت زیادہ ہونے کی وجہ سے جہاں تحقیقی نگارشات کے شائع کروانے کے مواقع میں اضافے اس کاسبب ہے وہی اس کی وجہ سے صحت مند مسابقت کی وہ فضا بھی مزید بہتر ہوگی جو کسی بھی علمی سرگرمی کے فروغ کا باعث ہوتی ہے۔اس کے ساتھ ساتھ رسائل کے مدیران ومشیران اور ماہرین ومبصرین پر بھی یہ ذمہ داری بڑھ جاتی ہے کہ وہ اور زیادہ توجہ کے ساتھ تحقیقی معیارات کو بہتر سے بہتر بنانے کی کوششوں میں معاون ہوں[127]۔"

ڈاکٹر روشن آراءراؤ کے مطابق

اکثریتی مجلاتی مواد مستقل نوعیت واہمیت کاحامل

"مجلّہ یارسالہ سے مراد وقفوں کے بعد شائع ہونے والا جریدہ ہے۔اخبار اور کتاب کے علاوہ ہر طرح کی اشاعت کے لیے یہ اصطلاح استعمال کی جاسکتی ہے۔مجلّہ یارسالہ ہفت روزہ بھی ہوسکتاہے،پندرہ روزہ اور ماہانہ بھی،دوماہی، سہ ماہی، شش ماہی یاسالانہ بھی۔جو چیز رسالے کواخبار سے الگ کرتی ہے وہ اس کا مواد ہے۔اخبار کا مواد وقتی دل چسپی سے تعلق رکھتاہے اور واقعاتی انداز میں روزمرہ کے اہم حالات وواقعات کو پیش کرتاہے۔اخبار میں خبریت کاپہلو نمایاں ہوتاہے جب کہ رسالے کاموادزیادہ تر مستقل نوعیت کا'

جس میں علمی وادبی، ثقافتی وتاریخی رخ واضح ہوتے ہیں[128]۔ مجلات کی مختلف اقسام میں علمی وادبی جرائد، سیاسی رسالے، ڈائجسٹ رسالے، بچوں کے رسالے، قوانین کے مجلات، سوسائٹی میگزین، سپورٹس میگزین، مذہبی رسالے، ریڈیواور فلمی رسالے، مذہبی، علمی، ادبی اور تعلیمی اداروں کے مجلات شامل ہیں[129]۔ مجلّاتی صحافت حالات وواقعات اور نظریات کی بنیاد پر زندگی کے مختلف پہلو پیش کرتی ہے۔ سوچ کے خوب صورت دھاروں کو خوب صورت لفظوں میں ڈھال کر مجلّات کی زینت بنادیا جاتا ہے، وہ کبھی نثری شہ پاروں کا روپ دھار لیتے ہیں اور کبھی نظم کے پیرائے میں ڈھل کر ماضی، حال و مستقبل کو سمیٹ لیتے ہیں۔ جریدہ قارئین کی تربیت کے فرائض بھی انجام دیتا ہے، واقعات کے پسِ منظر اور پیشِ منظر سے بھی آشنا کرتا ہے۔ تفریح فراہم کرنا بھی اس کے مقاصد میں شامل ہے کیوں کہ ہفت روزہ، پندرہ روزہ یا ماہوار رسالوں کے پاس حالات وواقعات کا تجزیہ کرنے اور ان کے اثرات کو ضبطِ تحریر میں لانے کے لیے وقت بھی ہوتا ہے، پیرایۂ بیان بھی اور اُسلوب بھی[130]۔ مجلّاتی صحافت کا دائرہ کار بہت وسیع ہے۔ معاشرتی زندگی کے ہر شعبے سے متعلق جرائد ورسائل موجود ہیں۔ انیسویں صدی کے اواخر تک ان کے موضوعات کا دائرہ کار محدود تھا لیکن تدریجاً معاشرتی زندگی کے شعور نے ان کے موضوعات کا دامن وسیع تر کر دیا۔ اب پاکستان میں زندگی کے ہر شعبے کے متعلق رسائل موجود ہیں[131]۔"

ڈاکٹر سعید الرحمٰن بن نور حبیب (مردان) کے مطابق

عام رسائل، دینی جرائد و تحقیقی مجلات: ہمہ گیر اہمیت کے حامل

Academic and research journals serve as excellent tools to nourish, promote and enahance the intellectual reasoning and research capabilities of individuals especially research scholars and faculty members. They also provide them a scholarly platform to present their leatest research as well as for appraisal of the existing research by the HEC. The Higher Education Commission of Pakistan being responsible for overseeing, regulating and accrediting the higher education efforts in Pakistan, has been endeavouring to raise the quality of research according to international level. As per the directives of the HEC almost all public as well as private sector universities and even some private organizations of the country are engaged in publishing and editing the research journals as HEC format in their relevant fields of studies. Islamic and Religious Studies are no exception. The HEC has set a

mechanism to recognize research journals in different categories such as "W", "X", "Y" and "Z" as per fulfillment of the criterion.

"تحقیقی رسائل و جرائد کا تعلیم و تحقیق سے وابستہ افراد یعنی اساتذہ، محققین اور طلبہ و طالبات سے گہرا رشتہ ہے۔ان مجلّات کی طباعت واشاعت کی بدولت نئی تحقیقات منظر عام پر آتی ہیں جس کے سبب یہ ہر تحقیقی ادارہ اور جامعہ کی ناگزیر ضرورت بن چکے ہیں۔ بعض علمی اور تحقیقی نوعیت کے جرائد کا مطالعہ قاری میں تفکر، تدبر اور تعقل کا ملکہ پیدا کرتے ہیں[132]۔ عصرِ حاضر میں اسلامی رسائل و جرائد احیائے اسلام اور امتِ مسلمہ کی نشاۃ ثانیہ کے لیے پیش رو کا کردار ادا کر رہے ہیں۔اکثر دینی مجلّات ہر مہینے یا ایک خاص دورانیے کے بعد علم و تحقیق اور دین ودانش کی تعلیمات لیے طلبا کے ذوق و تجسس کو تسکین اور اہلِ علم کے ذوق وشوق کو مہمیز دیتے ہیں اور اپنے مفید و مثبت مواد اور مساعی کے ذریعے دینی حلقوں کو فکری غذا فراہم کرتے ہوئے نہایت ہی مفید کام انجام دیتے ہیں۔ بعض دینی جرائد علم و حکمت کے خزینے اور رشد وہدایت کے ذخیرے ہوتے ہیں جن کو اعلائے کلمۃ اللہ، قرآن وسنت سے شناسائی اور عملی مسائل میں رہنمائی، احیاء سنت، خدمتِ دین، تربیت وتزکیہ، نصح مسلمین اور تنظیم امت کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے[133]۔

دینی ومذہبی مجلّات کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ انہوں نے ہمیشہ وطنِ عزیز میں دینی اقدار کے احیاء کی جدوجہد کی ہے، ہر فتنے کا مقابلہ کیا ہے اور ہر باطل کا راستہ روکا ہے اور بے شمار خلقِ خدا کے لیے نفع رسانی کا سامان مہیا کیا ہے[134]۔اکثر دینی جرائد معلومات آفریں دینی وعلمی موضوعات اور بصیرت افروز اصلاحی تحریرات سے لبریز ہوتے ہیں، سلفِ صالحین کے علوم ومعارف کے حامل اور قیمتی مضامین کا ذخیرہ ہوتے ہیں جس کو پڑھ کر علم و عمل کی توفیق ملتی ہے اور وہ عامۃ المسلمین کے عقائد واعمال درست کرنے میں مدد ومعاون ہوتے ہیں۔دینی رسائل و جرائد میں اصلاح وتربیت، فضائل اعمال، فرائض واحکام، دینی شعائر کا دفاع اور ان سے امت کو روشناس کرانے کا بڑا اہتمام کیا جاتا ہے جس کے بیش بہا فوائد سامنے ہیں[135]۔

متعدد ایسے مجلّات ہیں جن کا زمانہ اشاعت کئی سالوں اور کئی نسلوں پر محیط ہے یعنی قدیم بھی ہیں اور ضخیم بھی۔ان جرائد کے شائع شدہ شمارے ہزاروں صفحات، سینکڑوں موضوعات پر مضامین ومقالات پر مشتمل ہوتے ہیں جو موجودہ اور آنے والے نسلوں کے لیے ایک معتبر حوالہ، ریفرنس بک، دائرۃ المعارف یا انسائیکلوپیڈیا کی حیثیت رکھتی ہیں۔آج بھی اگر تحقیق وجستجو کے متلاشی ان پر کام کریں تو مختلف علمی موضوعات اور عنوانات پر سینکڑوں کتابیں معرضِ وجود میں آسکتی ہیں۔تب ہی تو اکثر اہلِ علم دقت آمیز اور لائقِ تحسین محنت کرکے مجلّات کی توضیحی فہارس مرتب کرتے ہیں اور ہزاروں صفحات کھنگال کر بیش

قیمت موادِ مطالعہ کے اشاریے بنا کر اہلِ علم و تحقیق کے لیے نہایت آسانی پیدا کر دیتے ہیں جو کہ امتِ مسلمہ کے لیے عظیم وِرثہ اور قیمتی سرمایہ حیات کی حیثیت رکھتا ہے[136]۔

دینی رسائل و جرائد کا اہم کردار دعوتِ دین کے پھیلاؤ اور پرچار میں بھی ہے۔ بعض بڑے شہروں اور مضافاتی قصبوں سے نکلنے والے مجلّے دینِ حق کو پیش کرنے کا وسیلہ بنے ہوئے ہیں جن کا مقصد امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے الٰہی حکم کے تحت تبلیغی کاوشوں سے دینِ اسلام کی سربلندی اور اہلِ اسلام کے معاشرتی، اخلاقی اور روحانی احوال کی اصلاح کرنا ہے یا ہونا چاہیے[137]۔ اکثر دینی رسائل و جرائد قارئین و شائقین اور عوام و خواص کی شعور او آگہی کے لیے اعلیٰ ادبی، علمی، اصلاحی، تاریخی و تحقیقی معلومات افزاء مضامین، عصرِ حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ پر مغز مباحث، جامع ادارتی تحریرات، فکر انگیز معلوماتی فیچرز، ملکی و بین الاقوامی صورت حال پر بے لاگ تبصرے، حالاتِ حاضرہ پر جان دار اور فکر افروز تجزیے، قلمی مذاکرے، معاصر و جدید فقہی مسائل پر فتوے، عالم اسلام اور دیگر مسائل پر چشم کشا اور تازہ ترین رپورٹس، علماء، دانش وراور نامور مذہبی شخصیات کے یادگار انٹرویوز، وفیات، تعزیتی شذرے، تذکرے اور سوانحی خاکے، دینی، تعلیمی، تدریسی اور تحقیقی سرگرمیوں کی اہم روداد اور اخبار و احوال، نووارد کتب و مجلّات پر تعارف اور وقیع تبصرے، قارئین کے خطوط، خیالات، تاثرات، آراء اور مشورے اور دیگر مفید مستقل سلسلے پیش کرتے ہیں[138]۔

خلاصۂ کلام یہ کہ علماء امت نے دین متین کی خدمت ہمیشہ سے قلم و قرطاس کے ذریعے سے کی ہے اور فروغِ علم و ادب میں بھی ان کا نمایاں حصہ ہے۔ جرائد دینی ہو یا عام ادبی و تحقیقی، ان میں مؤثر انداز میں لکھی گئی علمی، فکری و تذکیری مضامین سے خداداد تحریری و تخلیقی صلاحیتوں کو جِلا ملتا ہے۔ رسائل و جرائد زیادہ تر دینی مدارس، اداروں، حلقوں اور جماعتوں کے اشاعتی ترجمان ہوتے ہیں جو مختلف رنگ و آہنگ کے حامل ہوتے ہیں لیکن ان کا مقصد قوم و ملت کا فلاح و بہبود ہوتا ہے۔ دینی جرائد اسلامی ثقافت کی ترویج و اشاعت، تعلیم و تربیت، دعوت و تبلیغ، اصلاحِ احوال، تزکیہ نفس، تطہیر قلب، اسلامی روح اور شعور کی بیداری میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ تحقیقی مجلّات میں استنباط و استدلال کے محکم اسالیب، علماء و فضلاء، سکالرز، دانشوروں اور طلابِ تحقیق کی علمی، تحقیقی اور فکری سیرابی کا باعث بنتے ہیں۔ محققین، مدرّسین اور دیگر شائقین اپنے متعلّقہ شعبوں میں کسی بھی موضوع پر ابتدائی معلومات اور جدید رجحانات سے شناسائی حاصل کرتے ہیں۔ الغرض ان کا کام معاشرے کے ہر فرد کو عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا

اور باخبر رکھنا ہوتا ہے۔ رسائل و جرائد اداریوں، سیاسی تجزیوں، رپورٹوں اور انٹرویوز کے علاوہ انسانی زندگی کے دوسرے پہلوؤں جیسا کہ سماجی، تعلیمی، معاشی، روحانی، اخلاقی، علمی و تفریحی موضوعات پر متوازن اور بلند پایہ مواد فراہم کرتے ہیں۔ بعض رسائل و جرائد غیر مسلکی بنیادوں پر نکلتے ہیں اور ہر طرح کے قارئین کے لیے قابل مطالعہ ہوتے ہیں کیونکہ ان کے مضامین اصلاحی، غیر اختلافی، غیر سیاسی اور مثبت انداز سے لکھے ہوئے ہوتے ہیں۔ بعض رسائل صحافت وادب کے شاہکار، فکر و عمل کے آئینہ دار اور ملی و قومی رہنمائی کے لیے مختص ہوتے ہیں۔ رسائل و جرائد ان افراد کے لیے باقیات الصّالحات ہیں جو احیائے دین کی خاطر اپنا قیمتی وقت و سرمایہ اس کی تدوین واشاعت میں صرف کرتے ہیں[139]۔ "یہ امر بھی ملحوظِ خاطر رہے کہ بعض رسائل و جرائد ایسے بھی ہیں جو سطحی، غیر محقق یا شرکیات وبدعات اور افتراق وانتشار پر مبنی مواد شائع کرتے ہیں اور قارئین کی گمراہی کا سبب بنتے ہیں۔ ایسے جرائد سے احتراز واحتیاط نہایت ضروری ہے اور اس قسم کے مواد کا تدارک ہونا چاہیے۔

ڈاکٹر سعید اللہ جان ورفقاء کے مطابق

تحقیقی جرائد: تحقیقی کام کے پھیلاؤ کے لازمی ذرائع

"کسی بھی رسالے کے شماریاتی اور ریاضیاتی تفصیلی تجزیے کو بلیو میٹرک مطالعہ کہا جاتا ہے۔ تحقیقی رسالے تحقیقی کام کے پھیلاؤ کے لازمی ذرائع قرار دیئے جاتے ہیں۔ بلیو میٹرک مطالعہ ان تحقیقی اور پیشہ ور ماہرینِ تعلیم کے لیے ناگزیر تصور کیا جاتا ہے جو تحقیق کے کام میں مصروف عمل ہوں[140]۔ رسائل کا بلیو میٹرک (کتاب شناسی) تجزیہ انتہائی مفید نوعیت کا مطالعہ ہوتا ہے[141]۔"

ڈاکٹر سید عبد الغفار بخاری کے مطابق

دنیائے تحقیق میں تحقیقی مجلات کی ہر جامعہ کے لیے ناگزیریت

"بلاشبہ تحقیقی مجلات کا تعلیم و تعلم سے وابستہ حضرات یعنی اساتذہ کرام، محققین اور طلبا و طالبات وغیرہ سے گہرا رشتہ ہے جن کی بدولت نت نئی تحقیقات منظر عام پر آتی ہیں اور جن سے نہ صرف وہ خود بہرہ ور ہوتے ہیں بلکہ وہ انمول ذخائر کو آگے پہنچانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں یہی وجہ ہے کہ آج تحقیق کی دنیا میں یہ تحقیقی مجلات ہر یونیورسٹی کی ضرورت بن چکے ہیں پاکستان کے اعلیٰ تعلیمی ادارہ ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) نے یونیورسٹی کے معیارات کو جانچنے کے لیے جہاں بہت سے امور کو لازمی قرار دیا ہے وہاں ان مجلات کا کردار بھی کلیدی حیثیت رکھتا ہے[142]۔"

ڈاکٹر سید قاسم جلال کے مطابق

بعض اسلامی واخلاقی جرائد کی نثری نگارشات واقعی قابل ستائش

"اس وقت جو چند اسلامی واخلاقی اقدار کے ترجمان رسالے ہیں ان کی نثری نگارشات واقعی قابل ستائش ہیں[143]۔(البتہ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ)بہت سے مدیرانِ جرائد مطبوعہ اور غیر مطبوعہ نگارشات کے چکر میں پڑے رہتے ہیں.....جو وقتی تفریح، وقت گزاری اور سرکولیشن میں اضافے کے لیے رسائل شائع کرتے ہیں اور ان کا مقصد اصلاحِ قوم وتعمیر فکر نہیں، وہ تو حق بجانب ہیں کہ ایک بار پڑھنے کے بعد ان کا رسالہ ایک اخباری خبر کی طرح کچھ وقت کے بعد اپنی افادیت کھو دیتا ہے اس لیے انہیں ہر بار غیر مطبوعہ مواد چاہیے لیکن اصلاح پسند مدیران کو چاہیے کہ وہ ادب کو جدید وقدیم اور مطبوعہ وغیر مطبوعہ کے دائروں میں مقید کر کے اصلاحی ادب سے قوم کو محروم نہ کریں[144]۔"

اقتباسِ بالا عام جرائد کے حوالے سے ہے، تحقیقی مجلات کا اپنا سٹائل اور فارمیٹ ہوتا ہے۔

ڈاکٹر سید مقدس اللہ / مولانا سید حبیب اللہ شاہ حقانی کے مطابق

مذہبی تعلیمات کی ترویج میں دینی صحافت کا نمایاں کردار

"دینی صحافت نے کافی ترقی ہے اور مذہبی ودینی تعلیمات کی ترویج واشاعت میں ان کا کردار نمایاں ہے البتہ گھمبیر معاشرتی، اخلاقی اور عصری مسائل کے حل میں دینی صحافتی ادارے ناکام رہے ہیں۔ مروّجہ دینی رسائل و جرائد کے مضامین، غیر حقیقی اور موضوع ہیں۔ جن سے موجودہ پڑھا لکھا طبقہ کوئی استفادہ نہیں کر سکتا ہے اور نہ یہ دینی رسائل و جرائد مقامی (Indigenous) سیاسی، اقتصادی اور معاشرتی مسائل کا حل پیش کرتے ہیں۔ بعض دینی جرائد کی ترتیب وتدوین کا کام ثانیہ اور رابعہ درجے کے طلبا سے لیا جاتا ہے جن میں تحقیق نام کی کوئی چیز ہوتی ہے نہ عصری مسائل کا کوئی ٹھوس حل۔ دینی صحافت کی اس کمی کو قدیم و جدید واقفیت والے اہلِ علم پورا کرلے[145]۔"

ڈاکٹر شاہد سرویا کے مطابق

مجلات سے تازہ ترین رجحانات، تخلیقات و تحقیقات تک رسائی ممکن

"کسی بھی شعبے میں تحقیق پہلے سے دستیاب معلومات تک رسائی کی مرہونِ منت ہوتی ہے بالخصوص وہ تحقیقی کام جو مفکرین پہلے کر چکے ہیں اس سے استفادہ حاصل کیا جاسکے۔ اعلیٰ درجے کا تحقیقی مواد مختلف

جرائد میں شائع ہوتا ہے اور یہ بین الاقوامی اشاعتی اداروں کی ڈیٹا بیس سے قیمتاً بھی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ کسی فرد یا ادارے کے لئے ضروری ہے کہ اسے اپنا تحقیقی کام جاری رکھنے کے لیے تازہ ترین رجحانات، تخلیقات اور تحقیق تک فوری رسائی دستیاب ہو تاکہ وہ اپنا کام بغیر کسی خلل کے جاری رکھ سکے اور اس کی یکسوئی متاثر نہ ہو[146]۔"

ڈاکٹر شاہ رشاد عثمانی (انڈیا) کے مطابق

فی زمانہ کسی بھی فکر و خیال کے سنجیدہ رسالے 'موت وحیات کی کشمکش میں مبتلا

"آج جب کہ ہمارا معاشرہ برقی ذرائع ابلاغ، سوشل میڈیا اور انٹرنیٹ کے سامنے سر بسجود ہے، یا پھر پرنٹ میڈیا کے نام پر فلم اور فلمی ادب سارے سماج پر مسلط ہے۔ سستے، لذت پسند تفریحی رسالے، عریاں اور بے باک تصویروں کے ساتھ بازارِ ادب پر چھا چکے ہیں۔ تمام سنجیدہ رسالے خواہ کسی فکر و خیال کے ہوں' موت وحیات کی کشمکش میں مبتلا ہیں۔ ایسے ماحول و حالات میں کسی سنجیدہ، صالح اور تعمیری رسالے کا کامیابی کے ساتھ کئی سال کا سفر مکمل کر لینا فضلِ خداوندی نہیں تو اور کیا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ بے مقصد، تفریحی اور لذت پسند رسالوں کی بھیڑ میں ایک ایسے رسالے کا اجراء جو ادب برائے زندگی اور زندگی برائے بندگی کے بلند مقصد کے ماتحت کیا گیا ہو، جس کا مقصد خدا پرستانہ، پاکیزہ اور صالح ادب کی ترجمانی اور سماج میں خدا پرستی کی بنیاد پر فکری و عملی اصلاح ہو، یہ بات یقیناً قابل ستائش و مبارک باد ہے۔ آج ادب کی راہ سے برائی اور کفر و الحاد کے جراثیم جس منظم انداز میں پھیلائے جا رہے ہیں اس (اندھیاری اور فکر و خیال کی تاریکی) کو دیکھتے ہوئے بامقصد رسالوں کی ضرورت و اہمیت اور بڑھ جاتی ہے[147]۔"

ڈاکٹر شبیہ الحسن کے مطابق

غیر تخلیقی معاشرے میں ادبی رسالہ نکالنا جہادِ اکبر سے کم نہیں

"معاشرے پر غیر تخلیقی گروہ قابض ہو چکے ہیں۔ اس صورتِ حال میں علمی و ادبی مباحثہ کرانا ایک جہاد سے کم نہیں اور خاص طور پر "ادب کے فروغ میں اردو رسائل کا کردار" جیسے موضوع کو منتخب کرنا کسی "ادبی دیوانے" کا کام ہی ہو سکتا ہے۔ اس کا بنیادی سبب یہ ہے کہ جس معاشرے میں ادبی گفتگو جگ ہنسائی کا موجب ہو وہاں ادبی رسالہ نکالنا "جہادِ اکبر" سے کم نہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم سب لوگ سنجیدگی سے اس سوال کا کھوج لگائیں کہ کیا عصر حاضر میں کسی ادبی رسالے کی ضرورت ہے؟ اس حوالے سے کئی نقاط ہمارے سامنے آجائیں گے۔ بعض دانشوروں کا کہنا ہے کہ ادبی رسائل ہر مہذب معاشرے

کی ضرورت ہوتے ہیں لہٰذا معاشرے کی ترقی اور فروغ کے لیے ادبی رسائل کا ہونا نہایت ضروری ہے۔ میرے خیال میں اس وقت ہمیں ان دانش مندوں کے خیالات کو زیادہ اہمیت دینا چاہیے جو ادب کے فروغ میں اور معاشرتی ترقی کے لیے اردو رسائل کے کردار کو اہمیت دینے کے لیے کسی صورت آمادہ نہیں ہیں۔ان بالیدہ فکر حضرات کا مؤقف یہ ہے کہ عصر حاضر کے رسائل کم حیثیت اور بے وقعت ہو گئے ہیں لہٰذا ان سے کسی اچھائی کی توقع کرنا کم فہمی بلکہ حماقت ہے۔اردو رسائل کی اہمیت وافادیت کے منکران دانشوروں میں سے بعض کے خیالات کچھ یوں ہیں: ۱)۔ ہمارا معاشرہ ذہنی وفکری اعتبار سے انتہائی بنجر اور غیر زرخیز ہے۔ لہٰذا یہاں ادب کی تخم ریزی کار بے کاراں ہے۔اس غیر ادبی ماحول میں کسی ادبی رسالے کا نکالنا غیر دانش مندانہ عمل ہے۔ ۲)۔ موجودہ زمانہ انتہائی متحرک ہے لہٰذا یہاں جامد یا غیر متحرک چیز کی نہ تو اہمیت ہے اور نہ اس کی ضرورت۔ ہمارے ادبی رسائل فضول اور لایعنی مباحث چھیڑتے ہیں جن کا عمل زندگی میں نہ تو کوئی فائدہ ہوتا ہے اور نہ اثر۔اس صورتِ حال میں یہ ادبی رسائل معاشرے پر بوجھ ہیں۔ ۳)۔ عصر حاضر کے بیشتر رسائل ذاتی مفادات اور ذاتی تشہیر کی خاطر نکلتے ہیں۔ان رسائل میں خود ستائشی اور دوست نوازی کے سوا کچھ نہیں ہوتا۔یہی سبب ہے کہ ان رسائل کے اہم اور غیر اہم شمارے ذاتی توصیف اور ستائش سے بھرے ہوتے ہیں۔ گویا یہ رسالے ذات کے لیے ہوتے ہیں ادب کے فروغ کے لیے نہیں۔ ۴)۔ موجودہ دور کے رسالوں کا معیار یہ ہے کہ ان میں شامل مقالات سطحی، تخلیقات غیر معیاری اور شاعری وزن وبحور سے خارج ہوتی ہے۔ یہ رسائل ادب کے فروغ کی بجائے اس کے زوال کے حقیقی ذمہ دار ہیں۔ ۵)۔ان خود ساختہ ادبی رسائل کے ذریعہ دشنام طرازی کو بھی فروغ حاصل ہوتا ہے۔ایک دسرے کی پگڑی اچھالنا ہر مدیر کا فرضِ منصبی قرار پاتا ہے۔اس طرزِ عمل میں چھوٹے بڑے اور اچھے برے سب برابر کے شریک ہوتے ہیں۔ ہر تخلیق کار جلبِ منفعت کے لیے دوسرے کی ذات پر کیچڑ اچھالنے سے بھی گریز نہیں کرتا۔ حقیقیت یہ ہے کہ یہ ادبی رسائل غیر ادبی ماحول، مذاق اور فضا قائم کرنے کے حقیقی ذمہ دار ہیں۔ ۶)۔ عصر حاضر کے ادبی رسائل کسی بڑے طرزِ احساس کو اجاگر کرنے میں بری طرح ناکام رہے ہیں۔اس ربع صدی میں کوئی ایسا ادبی رسالہ نہیں ہے جس کے ذریعہ کوئی بڑی ادبی تحریک شروع ہوئی ہو۔ ۷)بیشتر ادبی رسالے تجارتی مقاصد کے لیے نکالے جاتے ہیں۔ کوئی ادارہ اپنا ٹیکس بچانے کے لیے ادبی رسالے کو اپنا ذریعہ بناتا ہے اور کوئی کاغذ کا پرمٹ فروخت کرتا ہے۔ بعض مدیرانِ عمومی وخصوصی کا رزق ہی ان ادبی رسائل سے وابستہ ہے۔ ۸)۔ عصر حاضر کا المیہ یہ ہے کہ ادیب

ادب کو اپنے ذاتی مقاصد و فوائد کے لیے استعمال کرتا ہے اور ادبی رسائل کو ذریعہ بناتا ہے۔ اب صورتِ حال یہ ہے کہ ادیب کو عروج حاصل ہوتا رہا ہے اور ادب زوال پذیر ہے۔۹)۔ ہر ادبی رسالے کا اپنا ایک حلقہ اثر ہے۔ ہر رسالے کا مدیر اپنے ذوق اور مشرب کے مطابق تخلیق کاروں کی تخلیقات شائع کرتا ہے۔ ادبی رسائل کے مدیران کی اس بڑھ کر اور کیا بد دیانتی ہو گی کہ بہتر تخلیق کو چھوڑ کر گھٹیا تخلیق کو محض اس لیے طبع کر دیا جائے کہ یہ کسی دوست، رفیق یا ہم نوا کی ہے۔۱۰)۔ عصرِ حاضر میں بعض ادبی رسائل میں مخربِ اخلاق اور حیا سوز مواد شائع ہو رہا ہے۔ یہ مواد محض ادب کی تباہی کا موجب ہی نہیں بلکہ نوجوان نسل کو بھی تباہ و برباد کر رہا ہے۔ جنسی مسائل اور نوجوانوں کی بے راہ روی کو یوں نثری و شعری تخلیقات میں کھلے عام پیش کر کے ادبی رسائل خدا جانے کون سی علمی و ادبی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ...(ان اعتراضات اور آراء کا بغور جائزہ لینے کی ضرورت ہے البتہ) ایک بات بہر حال طے ہے کہ جب تک اردو زبان و ادب موجود ہے۔ ادب کے فروغ میں "اردو رسائل کا کردار" جاری و ساری رہے گا[148]۔"

پروفیسر صفدر علی کے مطابق

تحقیقی اور تصنیفی کاموں میں اخبارات و رسائل و جرائد کی ضرورت

" روزنامے، سہ روزہ، ہفت روزہ یا پندرہ روزہ وقفوں سے شائع ہونے والے روزمرہ خبروں اور تبصرہ کے مجموعے اخبارات کہلاتے ہیں۔ صحیح معنوں میں اخبارات روزنامے یا سہ روزہ ہوتے ہیں۔ ان کے خلاصے اور تبصرے ہفتہ وار یا پندرہ روزہ اخبارات کی صورت اختیار کرتے ہیں۔ ان میں دلچسپی کا دیگر مواد بھی فراہم کیا جاتا ہے۔ ماہناموں، دوماہی، سہ ماہی، شش ماہی، یا سالانہ وقفوں سے شائع ہونے والے مجموعوں کو رسائل یا جرائد کہا جاتا ہے۔ بعض اداروں کے خبر نامے بھی ہفت روزہ، پندرہ روزہ، ماہانہ یا سہ ماہی ہو سکتے ہیں۔ روزمرہ خبریں، معلومات، واقعات۔ حالات اور ان پر تبصرے، پس منظر اور پیش منظر اخبارات سے معلوم ہو سکتے ہیں۔ رسائل یا جرائد میں عموماً مستقل نوعیت کے صحافتی، ادبی، تحقیقی یا علمی مضامین ہوتے ہیں۔ تحقیقی اور تصنیفی کاموں میں اخبارات اور رسائل کی ضرورت رہتی ہے اس لئے ان کی کتابیات بھی شائع ہوتی ہیں[149]۔"

ڈاکٹر طارق محمود ہاشمی کے مطابق

مجلات میں محققین کی جدید تر معیارات کی روشنی میں قلم آزمائی

"اردو زبان و ادب سے متعلق تحقیقی عمل کی رفتار میں اضافے اور سمت کے تعین میں جامعات سے جاری

ہونے والے مجلات کا کردار اہم ہے۔ محققین جدید تر معیارات کی روشنی میں مختلف موضوعات پر جامع انداز میں قلم آزمائی کر رہے ہیں مگر بعض پہلوؤں سے تشنگی کا احساس بہت حد تک موجود ہے[150]۔"

ڈاکٹر عابد رضا بیدار کے مطابق

قدیم بھولے بسرے مجلات میں وقیع اور قابل لحاظ ادبی سرمایہ مدفون

"اردو ادب کے خاصے وقیع اور قابل لحاظ سرمایہ کا ایک بہت بڑا حصہ اب بھی ان بھولے بسرے مجلوں میں دفن ہے۔ جن کے فائل بعض بڑی لائبریریوں کے سوا کہیں نام کو بھی موجود نہیں ہیں۔ کیفیت اور مقصد کے لحاظ سے یہ سرمایہ موجودہ سرمایہ سے کسی طرح بھی کم نہیں ہے۔ اگر یہ سامنے آتا رہے یا اس کے بارے میں معلومات رہیں تو یکایک ہمارا ذخیرہ دوگنا ہو جاتا ہے[151]۔"

ڈاکٹر عبدالقدوس (بنوں) کے مطابق

معیاری تحقیقی مجلات کا اجراء: عصرِ حاضر کی اہم ضرورت

"تحقیق، کسی بھی مسئلہ کو حل کرانے کا ایک منظم طریقہ ہے اور تحقیق ہی کی بدولت بے شمار علوم دریافت ہوئے ہیں۔ تحقیق کی اس غیر معمولی اہمیت کے پیش نظر علوم اسلامیہ میں نئے اور معیاری تحقیقی مجلات کا اجراء عصر حاضر کی اہم ضرورت تصور کی جاسکتی ہے[152]۔"

ڈاکٹر عزیر اسرائیل کے مطابق

رسائل و جرائد کی بہت کم تعداد دس سال یا زائد عرصہ تک برابر شائع ہوتی ہیں

"اردو میں رسائل نکلتے رہتے ہیں۔ کچھ رسائل ایک دو سال نکل کر اپنی آخری سانس لے لیتے ہیں تو کچھ اس سے بھی کم عمر، ایک یا دو شمارے میں ہی دم توڑ دیتے ہیں۔ بہت کم ایسے رسائل ہیں جو دس سال یا اس سے زائد عرصہ تک برابر شائع ہوتے رہتے ہیں[153]۔"

ڈاکٹر عزیز ابن الحسن کے مطابق

تحقیقی مجلات میں تخلیقی مواد بھی تحقیقی رنگ لیے ہوئے ہوتا ہے

"ادبی اور تحقیقی جرائد اور یونیورسٹی کے تعلیم کے عمل میں سوالات زندگی اور موت کا معاملہ ہیں۔ سوالات سے ہی یونیورسٹی زندہ رہتی ہے۔ یونیورسٹی کی تعلیم اور نصاب کی سطحی کا تعلیمی عمل تو کالجز میں بھی موجود ہے لیکن یونیورسٹیوں کو یہ اختصاص حاصل ہے کہ یونیورسٹی سطح کی تعلیم طالب علموں میں سولات اٹھانے کی صلاحیت پیدا کرتی ہے۔ سوالوں کے جواب جو بھی ہوں، سوال کو بذاتِ خود ایک معیار اور خود

اپنی قدر آپ ہونا چاہیے.....یونیورسٹی ہی سماج کا واحد ادارہ ہے جس میں سوال اٹھتا ہے اور اٹھنا چاہیے۔ تدریسی مذاکرہ، مجادلہ اور مباحثہ کو یونیورسٹی ہی فروغ دے سکتی ہے[154]۔"

ڈاکٹر عزیز احمد کے مطابق

رسائل و جرائد کی اشاعت ایک صبر آزما کام اور اکثر و بیشتر شخصِ واحد کی کاوش

"(سہ ماہی) ادبی رسالے کی اشاعت ایک صبر آزما کام ہے۔ تین مہینے کب اور کیسے نکل جاتے ہیں معلوم ہی نہیں ہوتا۔ ایک شمارے کی اشاعت کے فوراً بعد اگلے شمارے کی تیاری میں لگ جانا پڑتا ہے۔ اس پر مستزاد قارئین اور قلم کاروں کے فون۔ یہ ساری چیزیں ایک مکمل ٹیم کا تقاضہ کرتی ہیں۔ لیکن اردو رسائل کے وسائل اس کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ چند ایک سرکاری سرپرستی میں نکلنے والے رسائل کو چھوڑیں تو اردو کے سبھی رسائل شخصِ واحد کی کاوشوں کا ثمرہ ہوتے ہیں[155]۔"

پروفیسر ڈاکٹر عطش درّانی کے مطابق

پیشہ وارانہ جرائد کے مطالعہ سے محقق کو تجزیہ و فیصلہ کرنے کا موقع

"تاریخی تحقیق میں ہمارا واسطہ کتب، رسائل، مخطوطات، دستاویزات، آوازوں، تصویروں اور نقوش وغیرہ سے پڑتا ہے[156]۔ بعض لائبریریوں میں تازہ رسائل واخبارات کے لیے جگہ مخصوص ہوتی ہے۔ پیشہ ورانہ رسائل کے ذریعے ایک عنوان کا مطالعہ مختلف آراء و نظریات کی شکل میں کیا جا سکتا ہے۔ ان مختلف نظریات و آراء سے محقق کو فیصلہ کرنے کا موقع ملتا ہے۔ اب رسائل بھی اتنی تعداد میں شائع ہونے شروع ہو گئے ہیں کہ کسی خاص موضوع پر تمام رسائل کی چھان بین سے وقت کا بڑا ضیاع ہوتا ہے۔ چنانچہ ان پرانے رسائل سے استفادہ کے لیے مختلف اشارات پر مشتمل رسائل کا اجراء ہو چکا ہے۔ اگرچہ پاکستانی زبانوں میں ایسے بہت کم اشاریے ملتے ہیں لیکن جو ہیں، ان سے محقق کو بہت مدد ملتی ہے اور وقت کی بھی بچت ہوتی ہے۔ پرانے رسائل کو علیحدہ شیلف میں رکھا جاتا ہے اور ان کے اشارات حوالے کی کتب میں رکھے جاتے ہیں۔ باقاعدہ شائع ہونے والے دیگر رسائل و جرائد اور حوالے کی کتب میں المانکس، سوال نامے، ڈائریکٹری اور ہینڈ بک وغیرہ شامل ہیں۔ ادبی رسائل عموماً لائبریریوں میں یک جا نہیں ملتے۔ اس کے لیے اہلِ علم سے مدد حاصل کی جا سکتی ہے کہ کوئی خاص شمارہ کہاں سے مل سکتا ہے[157]۔

(محققین حصولِ مواد کے لیے) اپنی مرکزی لائبریری اور شہر کی دوسری لائبریریوں میں رسالوں کو کھنگال جائیں۔ جن رسالوں کے اشاریے دستیاب ہوں (اور وہ کم سے کم ہیں) ان کے اشاریے دیکھیں۔ نہ

ہوں تو رسالوں کی ورق گردانی کریں اور اپنے موضوع سے متعلق تمام رسالوں کے مضامین کی فہرست بنالیں جس میں رسالے کا نام سنہ اور مہینہ، کیٹلاگ نمبر، مضمون نگار اور مضمون کا عنوان درج ہو۔ اسی طرح تحقیقی و تنقیدی مضامین کے مجموعوں سے اپنے مفید مطلب مضامین کی فہرست بنالیں۔ کتابوں اور مضامین کی یہ فہرست آپ کی اولین عارضی کتابیات ہوگی۔ اس کے بعد ایک ایک کتاب اور مضمون کو پڑھنا اور نوٹ لینا شروع کریں[158]۔"

تحقیقی مجلات کے امپیکٹ فیکٹر کے بارے میں لکھتے ہیں:

"تحقیق اپنے اثرات (Impacts) ہی سے پہچانی جاتی ہے۔ اس کا جائزہ عالمی سطح پر ISI لیتی ہے۔ HEC نے بھی تحقیقی جرائد کے لیے پانچ شرائط مقرر کر رکھی ہیں۔ مگر اردو کا کوئی جریدہ Z زمرہ سے اوپر نہیں آسکا، سوائے ایک آدھ کے جو Y ہے لیکن X اور W سطح کوئی نہیں[159]۔"

ڈاکٹر عفیرہ احمد کے مطابق

جنگِ عظیم اوّل کے بعد مجلاتی صحافت، علمی صحافت بن گئی

عام مجلاتی صحافت کب علمی صحافت بن گئی، آپ اس حوالے سے رقم طراز ہیں:

"سر سید احمد خان نے صحافت کو علمی اندازِ فکر کا مظہر بنایا لیکن بیسویں صدی کے آغاز سے صحافت ایک بار پھر نیا روپ لے کر ابھری اور اس پر علم و ادب کی چھاپ گہری ہوگئی۔ "مخزن" اور ہم عصر رسائل نے اردو نثر کی کایا پلٹ دی۔ اس نے اسلوب میں شگفتگی اور رومانیت کو رواج دیا۔ اس دور کی مجلاتی صحافت آراستہ و پیراستہ اپنی ڈگر پر چل رہی تھی کہ جنگِ عظیم اوّل کے بعد اس کی ہیئت میں ایک بار پھر تبدیلی رونما ہوئی اور مجلاتی صحافت، علمی و ادبی صحافت بن گئی اور رسائل نے علم و ادب کے فروغ کے لیے اپنا راستہ الگ ہموار کیا۔ اس دور کے رسائل نے رومانیت اور شگفتہ نثر سے ہٹ کر عملی تنقید اور تحقیق کو اپنی راہ بنایا اور اردو زبان کو ترقی یافتہ زبانوں کے برابر لا کھڑا کر دیا۔ ان میں "اردو، نگار، ادبی دنیا، ہمایوں، نیرنگِ خیال اور اورینٹل کالج میگزین" کے نام سرِ فہرست ہیں جنہوں نے اردو ادب کی کایا پلٹ دی اور ادب میں نئے اضافے کیے[160]۔"

ڈاکٹر عمر حیات کے مطابق

تحقیقی مجلات: اعلیٰ تعلیمی اداروں اور جامعاتی شعبہ جات کی معتبر پہچان

"علم کا تقاضا تحقیق ہے یعنی علم محض معلومات کی حد تک نہ رہے بلکہ اسے حقائق اور شواہد کی تائید حاصل ہو جائے۔ عصر حاضر میں اسی کو سائنس کہا جاتا ہے جسے قرآن حکیم میں لفظ "العلم" سے تعبیر کیا گیا جو

ایک جامع اصطلاح ہے اور علم و تحقیق کے حوالے سے اپنے اندر وسیع تر تناظر رکھتی ہے۔ دیکھا جائے تو واضح ہوتا ہے کہ سائنس صرف طبیعاتی علوم کا نام نہیں بلکہ تحقیق و دریافت کے وسیع تر مفہوم میں اس کا دائرہ تمام علوم پر محیط ہے اور دین فطرت اس کا سب سے بڑا اور اول و آخر علم بردار ہے، جس کی ہر بات مدلل فطرت سے قریب تر اور عقل کو چیلنج کرتی ہے۔ چنانچہ یہ مسلمہ تاریخی حقیقت ہے کہ اسلام کی دعوتِ فکر و جستجو کے نتیجے میں عالم اسلام کے اندر بڑے بڑے مفکرین و محققین پیدا ہوئے جنہوں نے نہ صرف علوم اسلامیہ کے حوالے سے گراں قدر اور ناقابل فراموش کارہائے نمایاں انجام دیے بلکہ دیگر اقوام کے تہذیب و تمدن اور علوم و فنون کا بھی گہرا تنقیدی و تحقیقی مطالعہ کیا۔ ان کی عظیم تحقیقات پر مبنی بڑی بڑی ضخیم اور متعدد جلدوں پر مشتمل علمی ذخیرہ نہ صرف کتب خانوں کی زینت بنا ہوا ہے بلکہ یورپ کی بڑی بڑی درس گاہوں نے صدیوں تک اسے مستند و معتبر حوالے کے طور پر استعمال کیا اور آج کی علمی و سائنسی تحقیقات کو بھی وہی حوالہ بنیاد فراہم کر رہا ہے۔ اعلیٰ تعلیمی اداروں بالخصوص جامعات کے تعلیمی شعبہ جات کی پہچان کا ایک بڑا اور معتبر حوالہ تحقیقی مجلات کی اشاعت ہے جس سے متعلق تحقیق نگاروں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے اور متنوع موضوعات پر تحقیق کے نتیجے میں مختلف حوالوں سے نئے گوشے منظرِ عام پر آتے ہیں۔ آج پوری دنیا میں تحقیق و جستجو کا دور دورہ ہے۔ جامعات میں مختلف النوع تحقیقی منصوبے (Research Projects) اور مقالات پر کام ہو رہا ہے۔ اس سلسلے میں مسابقت کا رجحان پایا جاتا ہے اور تحقیق و جستجو میں ترقی کے عمل کو آگے بڑھنے کی علامت اور ضمانت قرار دیا جا رہا ہے، جو بہت خوش آئند بات ہے۔ جامعات کے تحقیقی مجلات اس سلسلے میں بہت اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ یہ مجلات طے شدہ تحقیقی معیار کے مطابق شائع ہوتے ہیں اور ان میں مطلوبہ شرائط پر پورا اترنے والے مضامین ہی جگہ پاتے ہیں[161] اور انہی مجلات میں چھپنے والے مضامین کو مستند قرار دیا جاتا ہے جو ایچ ای سی کے منظور شدہ ہوں لہٰذا یونیورسٹیوں کے تعلیمی شعبہ جات کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ وہ تحقیقی مجلات کو مطلوبہ معیار کے مطابق بنائیں تاکہ ان کے تحقیقی مضامین کو سندِ قبولیت حاصل ہو سکے[162]۔"

ڈاکٹر فاروق انصاری کے مطابق

معیاری علمی رسالے کا اجراء کرنا اور تادیر جاری رکھنا خاصہ مشکل کام

"یوں بھی اردو میں اعلیٰ معیار کے ادبی رسالوں کی تعداد محدود ہے۔ اگر کوئی معیاری علمی و ادبی رسالہ اس کمی کو پورا کرنے کے لیے جاری بھی کیا جاتا ہے تو اس کو زندہ رکھنا خاصہ مشکل ہوتا ہے[163]۔"

ڈاکٹر فوزیہ ناز کے مطابق

مجلاتی صحافت: قارئین کی رہنمائی، رائے سازی و تربیت کا ذریعہ

"مجلاتی صحافت، صحافت کی ایک اہم صنف ہے جس کا مقصد قارئین کو روزمرہ کی خبروں کی تشریح و توضیح اور رہنمائی کے ساتھ ساتھ معلومات اور تفریح کی فراہمی ہے۔ اپنی اثر پذیری کے اعتبار سے یہ پوری سماجی و معاشرتی زندگی کا احاطہ کرتی ہے۔ مجلاتی صحافت واقعات کے پیشِ منظر اور پسِ منظر سے آگاہ کر کے قارئین کی رائے سازی اور تربیت کا فریضہ انجام یتی ہے[164]۔"

ڈاکٹر محمد آصف اعوان کے مطابق

جامعات کے مجلات سے حیواناتِ ناطقہ کو ذہنی اور فکری آسودگی میسر

"جامعات کے HEC سے منظور ہونے کے بعد شائع ہونے والے رسائل سے بجا طور پر یہ توقع کی جانی چاہیے کہ وہ قومی اور بین الاقوامی امور کے علاوہ سائنس و ادب کے زاویہ ہائے نگاہ سے ایسے مسائل پر غور خوض کریں گے جن سے حیواناتِ ناطقہ کو ذہنی اور فکری آسودگی میسر آئے، تشدد آمیز رویوں کی بجائے محبت و الفت کو فروغ ملے، کہ ان سے پیدا ہونے والی آواز بازگشتِ نشاط کی آئینہ بند بن جائے[165]۔"

ڈاکٹر محمد اجمل کے مطابق

رسائل و جرائد کی آہستہ آہستہ موت واقع ہو رہی ہے

" مجھے لگتا ہے کہ اب ہفت روزہ رسالوں، ماہنامہ اور سہ ماہی رسالوں کا زمانہ نہیں رہا۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ کتاب کی اہمیت کم ہو گئی ہے جب کہ ایسا نہیں ہے۔ کتاب ہمیشہ زندہ رہے گی۔ کتاب اور خواب زندگی کی علامت ہیں۔ اور تعبیروں سے بھی زیادہ اہمیت خواب کی ہے۔ خواب دیکھنا اور کتاب پڑھنا کبھی ختم نہیں ہو سکتا۔ زندگی ہے تو آرزو بھی رہے گی۔ آرزو اور خواہش میں تھوڑا سا فرق ہے۔ جو دل والے ہی جانتے ہیں۔ آج بھی میرے پاس ڈاک میں کتابوں اور رسالوں کی بڑی تعداد آتی ہے۔ خط نہیں آتے مگر کتاب اور رسالہ قرطاس ضرور آتا ہے۔ میرے گھر میں دس بارہ اخبارات بھی آتے ہیں اور ہر اخبار کے ساتھ اتوار کے روز ایک میگزین بھی ہوتا ہے جو باقاعدہ ایک ادبی رسالے کی طرح لگتا ہے۔ نوائے وقت کے ساتھ تو ندائے ملت، پھول اور فیملی بھی آتا ہے جو مختلف رسالے ہیں مگر اخبار کے ساتھ نسبت اتنی ہے کہ اس کا حصہ لگتے ہیں۔ سب سے زیادہ ادبی رسالوں کی آہستہ آہستہ موت واقع ہو رہی ہے[166]۔"

پروفیسر ڈاکٹر محمد ادریس لودھی / شازیہ حبیب کے مطابق

بعض رسائل ومجلات کے مضامین عہد ساز نوعیت کے حامل

آپ اپنے ایک تحقیقی مضمون میں "اسلامی تعلیمات اور مروجہ مجلات" کے زیرِ عنوان لکھتے ہیں:

"رسائل ومجلات کا کردار اخبارات سے تھوڑا مختلف ہوتا ہے۔ ہفتہ وار رسائل ہفتہ بھر کی خبروں اور واقعات کے تبصروں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ ان میں کارٹون، فیچر، مستقل کالم، ادبی موضوعات، فنونِ لطیفہ، فلم اور ٹیلی ویژن سے متعلق مضامین وخبریں بھی ہوتی ہیں۔ اس کے ساتھ ہی اداکاروں، گلوکاروں اور رقاصاؤں کو متعارف کروانے میں بھی ان میگزینوں کا اہم کردار ہے۔ بعض مضامین عہد ساز نوعیت کے ہوتے ہیں جن کو تجربہ کار پروفیسر زاور محققین مرتب کرتے ہیں، علمی اور فکری دنیا میں ان جرائد کا کردار یقیناً قابل تعریف ہے[167]..... جدید ذرائع ابلاغ کو دیکھیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ان کا کام فواحش کی اشاعت کے سوا کچھ نہیں۔ یہ ہی ذرائع ابلاغ نئی اور جوان نسل کو جنسی بے راہ روی، فحاشی اور عریانی کی دلدل میں دھکیل رہے ہیں۔ شوبز، اشتہارات، فیشن شو اور گلیمر کی آڑ میں ایک طوفان ہے جو بے حیائی کے ساتھ تمام اخلاقی اقدار کی دھجیاں اڑا رہا ہے[168].....آج کے مادی ترقی کے دور میں مختلف کمپنیوں میں مقابلے کا شدید رجحان پایا جاتا ہے اور یہ کمپنیاں اپنی مصنوعات کو بیچنے کے لیے مقبولِ عام جریدوں کا انتخاب کرتی ہیں اور ان ماڈلز اور اداکاراؤں کا چناؤ کرتی ہیں جو عوام الناس میں مقبول ہیں۔ اخبارات وجرائد کی آمدن کا سب سے بڑا ذریعہ اشتہارات ہی ہوتے ہیں۔ لہٰذا کمپنیوں کا اشتہاری مقاصد کے لیے اپنی طرف متوجہ کرنے کی خاطر اخبارات وجرائد اپنے صفحات کو زیادہ سے زیادہ پرکشش بنانے کی سعی میں رہتے ہیں اور اس مقصد کے لیے عوام الناس میں مقبول ومعروف اداکاراؤں اور ماڈلز کی ترغیب کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور یہ ترغیب اس وقت بھی بڑھ جاتی ہے جب نوجوان اور خوب صورت لڑکیاں جسم کے مختلف زاویوں کو نمایاں کرتے ہوئے نیم برہنہ لباس کے ساتھ مختلف اشتہارات میں جلوہ گر ہوں[169].....(ضرورت اس امر کی ہے کہ) جرائد میں شائع ہونے والے تصاویر اور مواد کی نگرانی کی جائے اور ان کے لیے واضح ہدایات جاری کی جائیں کہ وہ عورتوں کے وقار کے خلاف کوئی چیز شائع نہ کریں اور فحاشی وعریانی اور غلط رجحانات کی طرف مائل کرنے والی تمام تصویری کوریج کو ختم کر دیا جائے۔ صاحبِ اقتدار حکام کو چاہیے کہ ایسے تمام اخبارات وجرائد کو ضابطہ اخلاق کا پابند بنائیں اور ان تمام ذرائع کو ختم کر دیا جائے جو فحاشی اور عریانی کو فروغ دینے والی چیزوں کو معاشرے میں عام کر کے معاشرے کے

افراد کے معصوم ذہنوں کو مفلوج کرنے کی تگ ودو کر رہے ہیں[170]۔"

ڈاکٹر محمد اشرف کمال کے مطابق

رسائل و جرائد کا مواد ماضی، حال اور مستقبل تینوں ادوار پر محیط

"رسالہ سے مراد وہ تحریری جریدہ ہے جو ایک مقررہ مدت کے بعد شائع ہوتا ہے۔ ادبی رسائل ہفت روزہ، پندرہ روزہ، ماہانہ، دوماہی، سہ ماہی، شش ماہی یا سالانہ ہوتے ہیں۔ اخبار اور رسالے میں بنیادی فرق ان کے مواد اور اسلوب کی نوعیت کا ہوتا ہے۔ اخباروں میں ہنگامی، فوری اور وقتی نوعیت کی خبریں موجود ہوتی ہیں جن کی اہمیت وقتی اور تعلق لمحہ موجود سے ہوتا ہے جب کہ رسائل کا مواد مستقل نوعیت کا حامل ہوتا ہے جو ماضی، حال اور مستقبل تینوں ادوار پر محیط ہوتا ہے۔ رسائل کا مواد عصرِ حاضر کا ترجمان ہوتا ہے، ماضی کا حصہ بن کر تاریخ کی صورت اختیار کر لیتا ہے اور مستقبل کے لیے رجحانات سازی کا فریضہ سرانجام دیتا ہے۔ اخبارات اور رسائل میں تحریری مواد کے علاوہ اسلوب کا فرق بھی ہوتا ہے[171]۔"

پروفیسر ڈاکٹر محمد رشید کے مطابق

رسائل و جرائد علم التعلیم کے مجال میں عظیم ذریعۂ علم و معلومات

آپ تعلیمی تحقیق کے حوالے سے رسائل و جرائد کی اہمیت ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں:

"تعلیم میں بڑا ذریعۂ علم رسالے ہوتے ہیں۔ ان رسالوں میں مختلف آرٹیکلز مختلف تحقیقی سوالوں سے متعلق ہوتے ہیں[172]۔ یہ پیریاڈیکلز مواد (Periodicals Literature) معلومات کا ایک اہم اور مؤثر ذریعہ ہے۔ پاکستان میں مختلف یونیورسٹیوں کے شعبہ جات سہ ماہی بنیادوں پر تعلیمی (Educational) رسالے چھاپتے ہیں۔ یہ رسالے مختلف موضوعات اور مسائل پر معلومات فراہم کرتے ہیں[173]۔"

ڈاکٹر محمد سالم قدوائی کے مطابق

رسائل و جرائد تاریخ کے عظیم مآخذ

ڈاکٹر صاحب رسائل و جرائد کو ایک اہم تاریخی ماخذ کا درجہ دیتے ہوئے رقم طراز ہیں:

"ایک اچھے کتب خانہ کی پہچان یہ بھی ہوتی ہے کہ کتابوں کے علاوہ اس میں مختلف قسم کے رسائل و جرائد بھی آتے ہوں، اس لیے کہ کتابیں تو تاریخ کا حصہ بن جاتی ہیں اور تاریخ کے اس حصہ کو تیار کرنے میں جرائد و رسائل ایک بڑے ماخذ کا کام دیتے ہیں[174]۔"

ڈاکٹر حافظ محمد سہیل شفیق کے مطابق

تحقیقی جرائد کا جامعات کے تحقیقی معیار کے فروغ میں اہم ترین کردار

"جامعات کے تحقیقی معیار کے فروغ میں تحقیقی جریدے اہم کردار ادا کرتے ہیں۔اس سے جامعہ کے اساتذہ، ریسرچ طلباء استفادہ کرتے ہیں اور دوسری جامعات سے بھی ان کا رابطہ استوار رہتا ہے[175]۔"

ڈاکٹر محمد عباس کے مطابق

تحقیقی رسائل: اساتذہ کی اجتماعی وانفرادی کاوشوں سے آگہی کا ذریعہ

"جدید تعلیمی دنیا میں جامعات کی ترقی کا اندازہ لگانے میں دیگر شعبہ جات اور تحقیق کو بھی مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ مختلف جامعات اور تحقیقی اداروں کے طلبہ اور کی اجتماعی وانفرادی تحقیقی کاوشیں دنیا تک پہنچانے کے لئے جو ذرائع استعمال ہوتے ہیں، تحقیقی رسائل ان میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں[176]۔"

ڈاکٹر محمد وسیم اکبر شیخ کے مطابق

مجلاتی مواد مستقل اہمیت کا حامل اور حالات کے اتار چڑھاؤ سے کم متاثر

"دورِ جدید میں ذرائع ابلاغ اپنی وسعت وہمہ گیری کے باعث کئی اقسام میں تقسیم ہو کر عوام کے مزاج کی تسکین کا ذریعہ بن گئے ہیں۔ رسائل و جرائد بھی ابلاغ کا اہم ذریعہ ہیں جو بدلتے ہوئے حالات اور ابلاغ عام کی ترقی کی بدولت آج ابلاغ کا اہم فریضہ سرانجام دے رہے ہیں۔ درحقیقت ریڈیو، ٹیلی ویژن اور روزنامہ اخبارات کی ترقی نے رسائل و جرائد کو جنم دیا ہے۔ یہ رسالے مختلف شعبوں اور مختلف طبقات کے لیے متنوع مواد فراہم کرتے ہیں۔ ترقی یافتہ ممالک میں زندگی کے ہر شعبے سے متعلق رسائل و جرائد معلومات فراہم کرتے ہیں۔ یہ مواد روزانہ اخباری مواد کی نسبت دیر پا ہوتا ہے اور پورا ہفتہ یا مہینہ تک پڑھا جاتا ہے۔ اس مواد میں تحقیقی مضامین شامل ہیں[177]۔ایک اور مقام پر لکھتے ہیں:

مجلّے بھی ذرائع ابلاغ کی اہم شاخ میں شمار کیے جاتے ہیں۔ان میں ایسا مواد شائع ہوتا ہے جو مستقل اہمیت کا حامل ہوتا ہے اور حالات کے اتار چڑھاؤ سے کم متاثر ہوتا ہے.....فی زمانہ مجلّوں کی اہمیت مسلمہ ہے اور دن بدن مجلّاتی صحافت کی اہمیت وافادیت میں اضافہ ہو رہا ہے[178]۔(تحقیقی) رسائل و جرائد کی اہمیت مسلّمہ ہے۔ یہ عصر حاضر کے قومی اور عالمی اہم واقعات کی تشریح اور ان کا پسِ منظر واضح کر کے رائے عامہ کی تشکیل اور رہنمائی کے فرائض سرانجام دیتے ہیں۔ان رسائل و جرائد کا اندازِ بیان تحقیقی، مؤثر اور جاندار ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ ان کی اثر انگیزی اور اہمیت مسلّمہ ہوتی ہے[179]۔"

ڈاکٹر محمد وسیم انجم کے مطابق

فروغِ ادب میں اخبارات ورسائل کو منفرد حیثیت حاصل

"برصغیر میں اردو اخبار ورسائل پر بڑے وقیع تحقیقی مقالے ضبطِ تحریر میں لائے جاچکے ہیں۔اردو ادب کے فروغ میں اخبار رورسائل کو منفرد حیثیت حاصل ہے[180]۔"

پروفیسر محمد یونس جنجوعہ کے مطابق

رسائل وجرائد اپنے دور کی تاریخ وحالات کے زبردست ترجمان

"کتابوں کی نسبت رسالوں کی اہمیت زیادہ ہے کہ رسالے تاریخی یا مذہبی معلومات کے علاوہ حالاتِ حاضرہ کے مسائل پر بھی اظہارِ رائے کرتے ہیں۔ چنانچہ کسی پرانے رسالے کو اٹھا کر دیکھیں تو اس سے اس وقت کے حالات اور ماحول کی تصویر سامنے آجاتی ہے[181]۔"

ڈاکٹر معین الدین عقیل / جواد احمد خورشید / کے اے انصاری مطابق

علمی دنیا میں مطالعات وتحقیقات اکثر مجلاتی مقالات کی صورت میں عام ہوتی ہیں

آپ صاحبان نے اپنے اداریوں میں کافی تفصیل سے تحقیقی مجلات کی اہمیت ومعنویت پر یوں قلم اٹھایا ہے:

"انسان کے احساسات وخیالات کے بوسیلہ قلم ابلاغ وترسیل کا اہم ذریعہ، آئے دن کی متعلقہ نت نئی برقی ایجادات اور روسائل کے باوجود، اب بھی طباعت ہی ہے اور شاید مزید برسہا برس انسان کی ضرورتوں اور تسکین کا باعث یہی رہے۔ اسی طرح مطالعہ وتحقیق کے نتائج یا حاصلات ہم تک پہنچنے کا ایک اہم وسیلہ بھی ابھی مطبوعہ کتابیں یا مجلات وجرائد ہی ہیں۔ اگرچہ کتابیں اور مجلے بھی، طباعت سے قطعِ نظر، اب برقی وسائل کے توسط سے قارئین تک پہنچ رہے ہیں لیکن ابھی ان سے رجوع واستفادہ عام نہیں ہے۔ ساری علمی دنیا میں، ایک جزوی حیثیت میں اور ایک اختصار پر مبنی مطالعات وتحقیقات، زیادہ تر مقالات کی صورت میں مجلوں اور رسائل کے توسط سے عام ہوتی ہیں۔ مغرب کی ترقی یافتہ علمی دنیا میں مجلوں کے وسیلے سے مطالعات وتحقیقات کے عام ہونے کا سلسلہ اٹھارویں صدی کے نصف آخر سے شروع ہوا ہے جس کی روایت یہاں جنوبی ایشیاء میں بھی اٹھارویں صدی کے ربع آخر میں انگریزی زبان میں شروع ہوئی اور اردو زبان میں عمومی نوعیت کے رسائل، جریدوں اور گل دستوں سے قطعِ نظر، کسی مجلے کی اشاعت کا آغاز انیسویں صدی کی ساتویں دہائی میں سید احمد خان کی روشن خیالی کے سبب ان کی علمی وتعلیمی تحریک

کے ایک اہم وسیلے کے طور پر "اخبار سائنٹی فک سوسائٹی" سے ہوا۔ پھر اسی تحریک سے فیض یافتگان میں سے متعدد اہلِ قلم کے متنوع رسالوں کی ایک لمبی قطار اور "مخزن"، "دلگداز" اور "زمانہ" سے قطعِ نظر مولوی عبدالحق نے "اردو"، شمس اللہ قادری نے "تاریخ"، اکبر شاہ خان نجیب آبادی نے "عبرت"، سید سلیمان ندوی نے "معارف"، کو عام نوعیت کے رسائل سے خاصے مختلف مجلوں کی صورت دی اور اردو زبان کو ایسے وسیلوں سے قریب کیا جو معیاری اور وقیع تحقیقی مقالات اور مطالعات کے سرمایے سے باثروت ہونے لگے[182]۔"

ایک اور مقام پر لکھتے ہیں:

"جامعات کے مجلوں کی یہاں عمدہ مثالیں ابتداء میں سرکاری جامعات، بمثل کلکتہ، بمبئی اور الٰہ آباد سے شائع والے انگریزی مجلے تھے۔ تاآں کہ "علی گڑھ مسلم یونیورسٹی" نے علی گڑھ میگزین جامعہ عثمانیہ نے "مجلہ عثمانیہ" اور اورینٹل کالج لاہور نے "اورینٹل کالج میگزین" کی صورت میں اردو میں وقیع مجلاتی روایت کے آغاز و فروغ میں اہم خدمات انجام دیں، جب کہ مؤخرالذکر نے ایک بہتر و معیاری 'جرنل' کا نمونہ پیش کیا۔ اب اردو مجلوں کی اشاعت کی روایت کا یہ سلسلہ عام ہے اور بلکہ اب شاذ ہی کوئی سرکاری اور بڑی جامعہ ایسی ہو جہاں سے کوئی مجلہ شائع نہ ہوتا ہو۔ جامعات میں تواب علمی سرپرستی کے رسمی اداروں کی جانب سے جامعات اور ان سے منسلک اساتذہ اور تحقیقی اداروں پر یہ لازم ہے کہ وہ تحقیقی منصوبے انجام دیں اور اپنی تحصیلات کو مقالات کی صورت میں مجلوں میں بھی شائع کریں، جن کے معیار کا تعین ان شرائط پر استوار رہے جو جامعات کی مرکزی نگران و سرپرست علمی مجلس نے طے کیے ہوں۔ اس سے یقیناً مطالعات اور تحقیقات کو خاصا فروغ حاصل ہوا ہے اور یہ سلسلہ روز افزوں بھی ہے[183]۔"

"لیکن اس فروغ کا سبب صرف جامعاتی منصوبوں اور مجلوں ہی کا رہینِ منت نہیں ہے، متعدد محققین اور مصنفین نے، جو کسی جامعہ سے شاید منسلک نہ رہے ہوں، انہوں نے نہایت وقیع اور قابلِ رشک مطالعاتی اور تحقیقاتی منصوبے پیش کر کے علمی دنیا سے عزت و ناموری حاصل کی ہے اور اسی طرح بعض مجلے بھی، جو کسی جامعہ سے شائع نہیں ہوتے، اپنی پوری روایت میں عمدہ مطالعاتی و تحقیقاتی مقالات شائع کرنے کی ایک مثال رہے ہیں۔ جب کہ جامعات سے شائع ہونے والے مجلے سب ہی معیاری اور وقیع بھی نہیں کہے جا سکتے، اور تحقیق اور معیار کے نام پر سقیم اور مجہول تحریریں شائع کر کے، کئی وجوہات ہیں جن کے سبب، انہیں تحقیقی مقالہ قرار دینے سے بھی گریز نہیں کرتے[184]۔"

ڈاکٹر معین الدین عقیل / ڈاکٹر نجیبہ عارف کے مطابق

تحقیقی مجلات کی ترتیب واشاعت میں HEC کے اقدامات قابلِ تحسین

"پاکستان کی جامعات میں گزشتہ چند برسوں سے ہائیر ایجوکیشن کمیشن پاکستان کی تشویش اور تحریک و ترغیب کے نتیجے میں تحقیقی سرگرمیوں میں جو اضافہ اور معیار میں بہتری کی جو صورتِ حال عام ہوئی ہے وہ خاصی قابلِ تحسین اور معاشرتی علوم کی حد تک بھی، قدرے قابلِ اطمینان ہے۔ یہی صورت تحقیقی مجلوں کی ترتیب واشاعت کے ضمن میں بھی دیکھنے میں آتی ہے۔ چند برسوں پہلے تک ہمارے بیشتر اساتذہ میں تحقیقی سرگرمیاں کسی طرح قابلِ اطمینان نہ تھیں اور یہی صورت تحقیقی منصوبوں کے اختیار کرنے اور تحقیقی مقالات لکھنے کے عمل میں بھی نظر آتی تھی، مگر اب حالیہ عرصہ میں بیشتر جامعات کے معاشرتی علوم وفنون کے کلیے اور شعبہ جاتِ زبان وادب اور خصوصاً شعبہ ہائے اردو اپنے تحقیقی مجلوں کی اشاعت کا اہتمام کر رہے ہیں اور ان کی اشاعت کے تواتر اور معیار میں مسابقت کی ایک مناسب اور مثبت فضا بھی فروغ پاتی ہوئی نظر آنے لگی ہے[185]۔"

اس کے بعد مجلہ معیار کے اگلے شمارے میں اظہارِ خیال ان الفاظ میں کرتے ہیں:

"اگرچہ معیار کے اوّلین شمارے میں ہم نے حالیہ برسوں ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) کی مساعی کے نتیجے میں جامعات میں تحقیقی سرگرمیوں میں اضافے اور تحقیقی مجلات کی اشاعتوں پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے اس صورتِ حال کو خوش آئندہ اور امید افزا قرار دیا تھا، اور اب بھی ہمارا یہی حال ہے، لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ اربابِ اختیار اور ایچ ای سی کو اس صورتِ حال کے ایک تاریک گوشے پر بھی ضرور نظر ڈالنی چاہیے اور اس صورتِ حال کے تدارک وسدّباب کی بابت بھی ضروری اور مؤثر اقدام کے بارے میں سوچنا چاہیے جو ابھی حالیہ عرصہ میں متعلقہ ثقہ وسنجیدہ حلقوں کے علم وتجربہ میں آرہی ہے۔ یہ ضرور ہے کہ معاشرتی علوم اور ادبیات کے شعبوں میں خالص واعلیٰ معیاری تحقیقی مجلوں کی اشاعت کا فقدان تھا یا اشاعت خاصی محدود اور صرف دو ایک معیاری مجلوں تک مخصوص تھی، لیکن ایچ ای سی کی تحریک و ترغیب کے نتیجے میں جامعات سے نکلنے والے مجلوں کی تعداد میں ایک تو بتدریج اضافہ ہوا اور دوسرے کچھ مجلوں نے سنجیدگی، اخلاص ودیانت داری کے ساتھ (ایچ ای سی کے مقررہ معیار کے مطابق) ان شرائط و ضوابط کی پاسداری کی کوشش کی اور حتی المقدور انہیں اختیار کر کے ان پر عمل بھی کرنا شروع کیا، جس کے باعث اساتذہ اور دیگر محققین میں ایک مثبت و مستحسن سرگرمی کا اضافہ ہوا۔ لیکن افسوس یہ فضا، ہر مجلے کی

حدت یکساں طور پر برقرار نہ رہ سکی۔ ہمارا منفی قومی مزاج اور رویہ اور بے نیازی ولاپروائی اور دوست نوازی وانسانی ہمدردی کے منفی جذبات آڑے آتے رہے اور سفارشوں اور زور واثر کا سلسلہ بھی قدرے چل نکلا، چنانچہ سرسری و سطحی، غیر معیاری موضوعات اور غیر سائنٹفک اصول واسلوبِ تحقیق کی حامل تحریریں، یہاں تک کہ محض معمولی تنقیدی جائزے تک، تحقیقی مجلوں کی زینت بنے لگے ہیں اور جامعات کے بعض مسلمہ مجلوں تک میں یہ سقم اتر آیا ہے۔ اس بگڑتی ہوئی صورتِ حال کا سدّباب بے حد ضروری ہو گیا ہے تاکہ HEC کے نیک مقاصد اور مثبت اقدامات اس صورتِ حال سے مزید متاثر نہ ہوں[186]۔"

ڈاکٹر ممتاز الحق کے مطابق

فحش رسائل سے قنوطیت، نسل پرستی، منافرت، مذموم جنسی خیالات عام

"ہم جانتے ہیں کہ بیسویں صدی کی چوتھی دہائی میں اردو ادب میں ترقی پسند تحریک کا بڑے زور وشور سے چرچا ہوا، اس طرح چھٹی دہائی میں جدیدیت کا ایک شور اٹھا جس کے نتیجے میں ہمارے بہت سے ادیب بے اعتدالی کا شکار ہو گئے اور سنجیدہ بامقصد ادب کی جگہ جذباتیت جیسی بے ہودہ تحریروں کی اشاعت کو روشن خیالی سمجھا جانے لگا۔ فحش رسالوں اور کتابوں کے انبار لگ گئے جس کے نتیجے میں عوام میں قنوطیت، مذموم خیالات، نسل پرستی، منافرت، بداخلاقی اور جنسی خیالات عام ہوتے چلے گئے جس میں اس دور کے ادب کا بڑا ہاتھ تھا، حالانکہ ادب نام ہے انسانی جذبات واحساسات کی ترجمانی کا۔ اس پسِ منظر میں چند بااصول لوگوں کو احساس ہوا کہ سماج کی یہ بے راہ روی موجودہ گھناؤنے ادب کا ہی نتیجہ ہے۔ زبان وادب خدا کا عطیہ ہیں اور ہمیں ان کا استعمال اخلاقی حدود میں رہ کر کرنا چاہیے تاکہ سماج میں تعمیری جذبات پروان چڑھیں۔ آج کی زبان میں اسی کو تعمیری اور بامقصد ادب کا نام دیا گیا[187]۔"

ڈاکٹر میر رحمت کے مطابق

مجلات کی بدولت ریسرچ سکالرز کو موضوع کی کافی تفصیلات میسر

"ادبی تحقیق کے لیے کتابوں کے علاوہ رسائل و جرائد بھی کافی اہمیت رکھتے ہیں بلکہ کئی حضرات کا یہاں تک ماننا ہے کہ رسائل کی اہمیت کتابوں کے مقابلے میں زیادہ ہے کہ ان میں جدید معلومات ہوتی ہیں۔ ڈاکٹر گیان چند جین رسائل کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "تحقیق میں لکھنے سے کہیں زیادہ وقت مواد کی فراہمی میں صرف ہوتا ہے۔ اپنے موضوع سے متعلق نہ صرف تمام اردو کتابوں کو چھان مارنے کی ضرورت ہوتی ہے بلکہ رسالوں میں بھی اپنے کام کے مقالے کھوجنے چاہئیں۔ کیوں کہ ان میں

بسااوقات وہ بیش بہا نکتے مل جاتے ہیں جو ہنوز کتابی صورت میں نہیں آئے".....لائبریری میں عموماً کتابوں کے علاوہ رسائل کی بھی ایک بڑی تعداد ہوتی ہے اور ان کو محفوظ رکھنے کے لیے ایک الگ کمرہ (Periodicals Section) بھی فراہم کیا جاتا ہے۔ ملک کی تقریباً تمام لائبریریوں میں رسائل و جرائد کے لیے باضابطہ رجسٹریشن ہوتے ہیں۔ ایک نئے ریسرچ اسکالر کو اپنے موضوع کی بہت ساری تفصیلات رسائل میں بھی مل جاتی ہیں۔ رسائل کا استعمال کتابوں کے مقابلے میں قدرے مشکل ہوتا ہے کہ ان کے کارڈ نہیں بنائے جاتے۔ ایسے میں محقق کو خود ہی رسائل کی فہرست اور مضامین کی تلاش کرنی پڑتی ہیں۔ زبان وادب کے کسی بھی شعبے میں کی جانے والی تحقیق کا زیادہ تر مواد کتابوں اور رسائل پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس لیے ایک ریسرچ اسکالر کو خود بھی ادبی رسائل و جرائد کی رجسٹریشن ہونی چاہیے تاکہ وہ ان میں آسانی سے اپنے کام کی چیزیں حاصل کر سکیں[188]۔"

ڈاکٹر نجیبہ عارف کے مطابق

تحقیقی مجلات سے نئے نئے تحقیقی مقالات منصہ شہود پر نمودار

"اردو میں تحقیق کی روِش نئی نہیں، لیکن بدلتے ہوئے وقت کے تقاضوں، جامعاتی مطالبات اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کے قواعد وضوابط نے میں ایک نیا اُبال پیدا کر دیا ہے۔ تحقیقی مقالات لکھنے کی دوڑ سی لگ گئی ہے اور نئے نئے تحقیقی مقالات منصہ شہود پر نمودار ہو رہے ہیں۔ ان تحقیقی مجلات کی اپنی ایک دنیا ہے جس کے اپنے دستور اور اپنے رسم ورواج ہیں۔ ان مجلات کی اشاعت کے نتیجے میں امید کی جاتی ہے کہ یہ روز افزوں تحقیقی کاوشیں ہمارے نوجوانوں کو سوچنے اور لکھنے پر مائل کریں گی، تاہم ہمارے عہد کی ایک بد قسمتی یہ بھی رہی ہے کہ جب کسی عمل کی افادیت کا یہ یقین ہو جائے تو جہاں عمل پیرا ہونے والے زیادہ ہوتے ہیں، وہاں محض رسمی کارروائی پوری کرنے والوں کی تعداد بھی بڑھ جاتی ہے۔ ہماری معاصر علمی دنیا میں جہاں یہ بات خوش آئند ہے کہ تحقیقی مجلات کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے، نوجوان محققین سوچنے، سمجھنے اور غور وفکر کرنے کے بعد اپنی رائے قائم کرنے اور اس کا مرتب ومنظم اظہار کرنے پر آمادہ ہیں، وہاں یہ امر تشویش ناک ہے کہ "تحقیق نمائی" کا رجحان بھی تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ اس نمائشی تحقیق کے نتیجے میں دو طرح کے مقالات سامنے آتے ہیں ایک تو وہ جو "فاضل" محققین سے مالی یا کسی اور قسم کی معاونت کے بدلے لکھوائے جاتے ہیں، ان مقالات میں زبان وبیان کے مسائل کم ہوتے ہیں مگر یہ عموماً چلتے ہوئے موضوعات پر سطحی سے بیانات پر مشتمل ہوتے ہیں۔ دوسری قسم ان مقالات کی ہے جو جلد

بازی میں کسی فوری ضرورت کے پیشِ نظر یا محض تعداد پوری کرنے کے لیے لکھے جاتے ہیں اور موضوع کے بارے میں ناگزیر مطالعے، مطلوبہ علمی ولسانی صلاحیت، دقّتِ نظری اور فکری پختگی سے محروم ہوتے ہیں۔ایسے مقالات عموماً دیگر کتب و مقالات کے اقتباسات پر مشتمل ہوتے ہیں اور بعض اوقات تو ان اقتباسات کے درمیان ربط پیدا کرنے کی ضرورت بھی نہیں سمجھی جاتی۔اس کے باوجود ہمیں اگر امید ہے تو انہی محققین سے جو ناپختہ سہی، مگر خود اپنی کاوش پر بھروسا کرتے ہیں اور علمی خیانت کے مرتکب نہیں ہوتے۔ان کی تحقیقی صلاحیتوں کو جِلا دینے کے لیے جامعات کے اساتذہ اور مجلات کے مدیرانِ کرام کی ذمہ داریوں میں بہت اضافہ ہو جاتا ہے تحقیقی مجلات میں جہاں پختہ کار محققین کے مقالات کی اشاعت ضروری سمجھی جاتی ہے، وہاں نوجوان محققین کی تربیت کا سامان فراہم کرنا بھی لازم ہے۔یہ عمل اکہرا نہیں ، کثیر جہتی ہوتا ہے۔مقالات کے ابتدائی انتخاب سے لے کر ان کی اصلاح اور تہذیب کے عمل تک مدیرانِ کرام کا اوّلین فریضہ یہ ہے کہ ذاتی پسند و ناپسند اور تعصبات سے بالاتر ہو کر فیصلے کریں۔مجلات میں شائع ہونے والے مقالات جن ماہرین کو بھیجے جاتے ہیں، وہ بھی اسی صورتِ حال کی بہتری میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔نوجوان محققین کا اپنا مثبت رویہ بھی اہم ہے۔تنقید کو عناد یا توہین سمجھنے کے بجائے اصلاح و تربیت کا ذریعہ سمجھنا پختہ فکری کی علامت ہے[189]۔"

ڈاکٹر نذر عابد کے مطابق

جامعاتی شعبہ جاتی تحقیقی مجلات: ایک توانا روایت

"جامعات میں شعبہ جاتی تحقیقی مجلوں کی ایک توانا روایت موجود ہے جو اپنے خاص علمی میدانوں میں علوم وفنون کے فروغ کیلئے بساط بھر مصروفِ عمل رہے۔زبان وادب میں تحقیقی و تنقیدی کاوشوں کو وسعت آشنا بنانے کی خاطر جامعات کے بعض علمی جرائد نمایاں خدمات سرانجام دیتے چلے آرہے ہیں[190]۔"

ڈاکٹر نسرین شگفتہ کے مطابق

رسائل و جرائد میں مختلف اہلِ علم کے مضامین پڑھنے کا موقع میسر

"اپنی اہمیت وفادیت کے لحاظ سے کتاب سے کہیں زیادہ رسالے کے اشاریے کا مقام ہے۔کتاب کسی ایک موضوع یا چند ایک موضوعات پر ایک مصنف یا دو تین مصنفین کی تصنیف ہوتی ہے جب کہ ایک رسالہ میں بہت سے مصنفین مختلف موضوعات پر لکھتے ہیں[191]۔"

ڈاکٹر وزیر آغا کے مطابق

اردو رسائل ادب کی تخلیق میں فعال مگر ادب کے فروغ میں بدحال

"آج اردو رسائل کی صورت یہ ہے کہ وہ ادب کی تخلیق کے سلسلے میں تو خاصے فعال ہیں۔ اور پچھلی نصف صدی کے دوران میں انہوں نے مضامینِ نو کے انبار لگائے لیکن جو مقدار اور معیار ہر دو اعتبار سے تقسیمِ عظیم سے پہلے کے اردو رسائل کا بآسانی مقابلہ کر سکتے ہیں بلکہ بعض صورتوں میں تو ادب کا معیار پہلے سے بلند نظر آتا ہے مگر ادب کے فروغ کے معاملے میں آج رسائل بہت پیچھے رہ گئے ہیں۔ ادب کو فروغ تو تب ملے گا جب اس کا کوئی پڑھنے والا بھی ہو گا۔ آج کا اردو رسالہ ایک فیملی میگزین بن کر رہ گیا ہے۔ ایک ایسا میگزین جسے ادیب لکھتا، ادیب ہی پڑھتا اور ادیب ہی اس پر نقد و نظر کا مظاہرہ کرتا ہے۔ رسالے کا دائرہ قراءت وسیع ہو تو اس کے بارے میں آراء بھی زندگی کے ایسے متعدد شعبوں سے آئیں گی جن کا براہِ راست ادب سے تعلق نہیں ہوتا مگر آج کے ادبی رسائل میں شاید ہی کوئی ایسا خط شائع ہوتا ہو جو ایک عام قاری کا لکھا ہوا ہو۔ المیہ یہ ہے کہ رسالے کے قارئین میں مکتوب نگاروں کی ایک پوری جماعت بھی وجود میں آ گئی ہے جس نے مکتوب نگاروں کو مقصود بالذات بنا لیا۔ قاری سے رسالے کے انقطاع کی یہ ایک عام سی مثال ہے جو اس بات کو ثابت کرتی ہے کہ آج اردو رسائل ادب کے فروغ میں کوئی اہم خدمت انجام نہیں دے رہے بلکہ یہ کہنا چاہیے کہ ادبی رسائل ایک ایسے بحران کی زد میں آ گئے ہیں کہ ان کے لیے ایسا کرنا اب ممکن ہی نہیں رہا۔ دیگر مصنوعات کی طرح ادبی رسائل بھی "رسد اور طلب" کے قانون کے تابع ہیں۔ اگر طلب زیادہ ہو گی یعنی خریدار قارئین کی تعداد زیادہ ہو گی تو رسائل بھی زیادہ تعداد میں شائع ہوں گے ورنہ وہ شائع تو بہر حال ہوں گے لیکن ادباء کے ایک محدود حلقے سے باہر کی دنیا سے کٹے رہیں گے۔ لہٰذا ادب کے فروغ میں کوئی اہم خدمت انجام نہیں دے سکیں گے۔ اب رسائل کو کس طرح قارئین مہیا کیے جائیں؟ عام حالات میں تو قارئین کی نمود ایک فطری عمل ہوتا ہے لیکن خاص حالات میں جن سے ہمارے رسائل گزر رہے ہیں کچھ ایسے اقدامات ضروری ہیں جن سے رسالے کے پڑھنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہو[192]۔"

ڈاکٹر ہمایوں اشرف کے مطابق

مجلاتی مقالات کے سلسلے میں اصل تحقیق کی حوصلہ افزائی کی ضرورت

"ہفت روزہ، ماہانہ، سہ ماہی، سالانہ اور پیشہ ورانہ رسائل کی اپنی جگہ اہمیت اور افادیت ہے جس سے انکار

ممکن نہیں۔ان رسائل کے ذریعے زندگی کے ہر طبقے سے وابستہ افراد سے رسائی ممکن ہوئی ہے۔سیاسی و دینی رجحان رکھنے والوں کے لیے الگ سے رسائل و جرائد موجود ہیں جب کہ علم وادب اور سائنس و ٹیکنالوجی سے دل چسپی رکھنے والوں کے لیے بھی بڑی تعداد میں رسائل شائع ہو رہے ہیں[193]۔"

ابوالاعجاز حفیظ صدیقی کے مطابق

رسالہ سے مراد علمی،ادبی،دینی،فنی پرچہ

"رسالہ کا لفظ آج کل ان علمی،ادبی،دینی اور فنی پرچوں کیلئے استعمال ہوتا ہے جو معینہ وقفوں سے یعنی ہفت روزہ کی شکل میں،ماہناموں کی صورت میں اور سہ ماہی (وغیرہ) کی صورت میں شائع ہوتے ہیں[194]۔"

مفتی ابولبابہ شاہ منصور کے مطابق

رسائل، جرائد ومجلات میں مختلف نوعیت کی مفید معلومات

"میگزین عربی لفظ مخزن کا انگریزی متبادل ہے۔" مخزن" کا مطلب ایسی جگہ ہے جہاں کوئی خزانہ یا قیمتی اشیاء موجود ہوں۔اس لحاظ سے رسالہ ایسے مجلّے یا جریدے کو کہا جاتا ہے جس میں مختلف نوعیت کی مفید معلومات شائع ہوتی ہیں۔اس وقت دنیا بھر میں ہر قسم کے رسائل شائع ہو رہے ہیں جو طبیعیات، علمِ نباتات، حیوانات، کیمیا، ریاضی، معاشیات، تاریخ، فلسفہ، سیاست، بین الاقوامی معاملات و تعلقاتِ عامہ، فنون لطیفہ غرض ہر موضوع، فن اور شوق سے متعلق مواد شائع کرتے ہیں اور اس دوران افراد کی عمر اور جنس کو بھی مدنظر رکھا جاتا ہے[195]۔"

احمد دُرویش کے مطابق

دینی صحافت: ایک مقدس مشن، ملکی وملی مسائل پر ایک مؤثر آواز

"صحافت کی ضرورت واہمیت اور اثر آفرینی سے ہر ذی شعور بخوبی آگاہ ہے۔صحافت اس وقت ایک مقدس مشن بن جاتی ہے جب یہ دینی صحافت کے نام سے موسوم ہوتی ہے۔پیش آمدہ مسائل، تازہ ترین صورتِ حال اور چیلنجوں میں امت کی راہ نمائی کرنا، مایوسیوں کے دور میں امیدوں کے چراغ روشن کرنا، باطل نظریات کی تردید کرنا، اسلاف کے ناموں اور کارناموں کو زندہ رکھنا، معاشرے میں پھیلے توہمات سے نجات دلانا، خرابیوں کی اصلاح کرنا اور اس جیسے کئی اہداف دینی صحافت کا مطمح نظر ہیں۔ملکی وملی اور دینی و معاشی مسائل پر قلم اٹھانے اور ایک مؤثر آواز بن کر اسے قومی ذرائع ابلاغ کے ذریعے عوام تک پھیلانے

کی اشد ضرورت ہے مگر ایسے صاحبِ بصیرت قلم کار حضرات وخواتین کا خاصا فقدان ہے جن کی تحریریں باطل کے ایوانوں پر بجلیاں بن کر کوندیں، مایوس دلوں کے لیے امیدوں کی بہاریں لائیں، سلگتے معاشرتی مسائل کا حل بتائیں، قرآن وسنت کی روشنی میں قوم کی راہنمائی اور جدید مسائل سے آگاہ کریں۔ اگر کوئی ایسے جذبات رکھتا ہے تو اسے مافی الضمیر کے تحریری اظہار کا سلیقہ نہیں، اگر سلیقہ ہے تو اس کے لیے مؤثر پلیٹ فارم میسر نہیں[196]۔"

احمد نواز عباسی کے مطابق

دینی جرائد میں اجتماعی، سیاسی، معاشی وانتظامی مسائل پر بھی اظہارِ خیال

"دینی جرائد ان تمام اجتماعی مسائل پر اظہار خیال کرتے ہیں جو سیاسی اور مذہبی لحاظ سے اہمیت رکھتے ہوں یا پاکستان اور امتِ مسلمہ کے مفادات پر مثبت یا منفی طور پر اثرانداز ہوتے ہو۔ معاشی اور انتظامی مسائل پر بھی گفتگو کی جاتی ہے[197]۔"

اردو دائرہ معارف العلوم کے مطابق

رسائل وجرائد: قارئین کے علمی ذوق کی تسکین کا سامان

"شروع شروع میں اردو کی ادبی صحافت میں اخبار اور رسالے کا فرق نہ تھا۔ اخباروں میں ہی شعر وشاعری اور علمی وادبی تحریریں شائع ہو جاتی تھیں۔ انیسویں صدی کے وسط میں ہمارے یہاں رسالوں کا وجود اخباروں سے الگ ہونے لگا۔ اس کے پیچھے غالباً تصور یہ تھا کہ اخبار میں خبریں اور عام دلچسپی کی چیزیں ہوتی ہیں اور رسالے میں علمی ذوق کی تسکین کا سامان ہوتا ہے۔[198]۔"

مولانا اشتیاق احمد (دار العلوم دیوبند انڈیا) کے مطابق

تمام رسائل وجرائد کے مضامین کی افادیت وقتی نہیں ہوتی

"آئے دن رسائل ومجلات میں مقالات ومضامین شائع ہوتے رہتے ہیں، ان میں بہت سے زیادہ وقیع نہیں ہوتے؛ لیکن بہت سے رسائل ایسے بھی ہیں، جن میں نہایت ہی اہم مضامین شائع ہوتے ہیں، جن کی افادیت وقتی نہیں ہوتی، وہ بڑے وقیع اور نہایت قابل قدر ہوتے ہیں[199]۔"

ثاقب ریاض کے مطابق

مجلات کے مضامین ومقالات معاشرے کے مختلف طبقات میں مقبول

"مجلّاتی صحافت بنیادی طور پر قارئین کو معلومات اور تفریح فراہم کرتی ہے۔ بعض رسائل ایسا مواد شائع

کرتے ہیں جس سے کم پڑھے لکھے لوگ بھی استفادہ کر سکتے ہیں۔ زیادہ تر رسائل مضامین، تجزیے، تبصرے، علاقائی رپورٹیں، سرگرمیوں، تقریبات کی رودادیں، مذاکرے اور انٹرویوز شائع کرتے ہیں۔ جنہیں معاشرے کے مختلف طبقات ذوق وشوق سے پڑھتے ہیں..... دنیا اب عالمی گاؤں یعنی Global Village بن چکی ہے اور کوئی شخص دنیا سے الگ یا لاتعلق نہیں رہ سکتا۔ ان حالات میں مجلّاتی صحافت کی اہمیت اور بھی بڑھ گئی ہے تاکہ لوگ دنیا بھر میں ہونے والے حالات وواقعات سے آگاہ رہ سکیں[200]۔ (اسی طرح) مذہبی جماعتیں اور تنظیمیں اپنے اپنے مؤقف اور مسلک کی ترویج واشاعت کے لیے رسالے نکالتی ہیں جن میں دینی امور سے متعلق مضامین، بزرگانِ دین کے حالات علمی اور فکری مباحث اور قارئین کے خطوط کے جوابات شامل ہوتے ہیں[201]۔"

خان محمد رضوان (انڈیا) کے مطابق

کسی بھی رسالے کا مدیر اس کا سرخیل اور اداریہ اس کی جان

رسائل و جرائد میں مدیر اور اداریوں کی مرکزی حیثیت و کردار کے بارے میں لکھتے ہیں:

"کسی بھی رسالے کا مدیر اس کا سرخیل ہوتا ہے۔ وہ قوم کے رہبر و رہنما کی طرح اہلِ علم و ادب کی رہنمائی کا فریضہ انجام دیتا ہے۔ وہ کسی مسجد کا امام یا متولی نہیں ہوتا۔ مدیر کو اپنے ذہن و فکر کی کشادگی اور خیال کی بلندی سے قاری کو سرمست کرنا ہوتا ہے۔ اپنی متعینہ سمت کی جانب ذہنوں کو منعطف کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کسی بھی رسالہ کا اداریہ اس کی نہ صرف جان ہوتا ہے بلکہ ریڑھ کی ہڈی (Back Bone) کا کام کرتا ہے باوجود اس کے اس بات سے انحراف نہیں کیا جا سکتا کہ یہ اداریے نہایت اہم، قیمتی، روشن اور فکر انگیز تحریریں ہیں جو مختلف ادبی مسائل پر قلم بند کیے گئے ہیں[202]۔"

سومیہ عزیز کے مطابق

علمی و ادبی جرائد کی خصوصی اشاعتیں اہلِ علم کی توجہ کے نمایاں مرکز

"اردو زبان میں دینی صحافت کے حوالے سے برصغیر پاک وہند سے شائع ہونے والے مؤقر علمی و ادبی جرائد کے مخصوص شمارہ جات اپنی منفرد حیثیت میں ہمیشہ اہلِ علم و دانش کی دل چسپی کا نمایاں مرکز رہے ہیں۔ اس ضمن میں قرآن مجید، احادیثِ مبارکہ اور سیرت النبی ﷺ کے موضوعات، ان مجلات کی خصوصی اشاعتوں کے نمایاں مضامین سمجھے جاتے ہیں۔ برصغیر میں قرآنِ کریم سے متعلق اگر خصوصی اشاعتوں پر ایک نظر ڈالی جائے تو اس کے ذکر کے لیے ایک دفتر درکار ہے، بیسویں صدی میں اس حوالے

سے ہمیں کئی مجلات کے قرآن نمبرز جنہوں نے موضوعات کے تنوع کے اعتبار سے قرآنیات کے باب میں نمایاں اضافہ کیا ہے[203]۔"

مولانا سید حبیب اللہ شاہ حقانی کے مطابق

بعض رسائل و جرائد من الظلمٰت الی النور تک رسائی کے لیے مختص

"آج کل بے حیائی اور بے غیرتی کا سیلاب جس تیزی سے معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لے رہا ہے تاریخ کے اوراق میں اس کی نظیر ملنا مشکل ہے۔ الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا نے جتنی تباہی مچائی ہے خواہ وہ اخلاقی اعتبار سے ہو یا دینی شعور و غیرت کے حوالے سے، حیاء و پاک دامنی کے اعتبار سے ہو یا خاندانی نظام اور صلہ رحمی کے اعتبار سے، تمام کے تمام کا جنازہ نکل گیا ہے۔ چھوٹوں پر شفقت نہ رہا اور نہ ہی بڑوں کی عزت و تکریم باقی رہی، تلامذہ سرِ عام اپنے اساتذہ کی بے ادبی اور گستاخی کرتے ہیں۔ ایسے حالات میں علماء، صلحاء اور دیندار طبقہ کو اگر صلحِ کل بن کر گوشہ نشین ہو کر صرف اپنی فکر کریں تو حالات مزید تباہی کی طرف جائیں گے اس لیے علماء اور صلحاء کو مزید محنت کرنی ہو گی اور عوامی رابطہ مہم بڑھانا ہو گا تاکہ اس عظیم سیلاب کے سامنے بند باندھ سکیں۔ دینی اور مذہبی رسائل و جرائد نے ہمیشہ ملکِ عزیز میں دینی اقدار کے احیاء کی جدوجہد کی ہے اور ہر باطل کا راستہ روکا ہے[204]۔ وطنِ عزیز کے صحافتی میدان میں رسائل و جرائد کا ایک اہم کردار ہے۔ رسائل بعض اداروں، حلقوں اور جماعتوں کے ترجمان ہوتے ہیں، جب کہ بعض رسائل ملی، قومی، رہنمائی اور من الظلمٰت الی النور تک رسائی کے لیے مختص ہوتے ہیں جو قوم و ملت کی اعانت مشکل گھڑی میں اپنا فرض سمجھتے ہیں[205]۔"

سید وجاہت رسول قادری کے مطابق

رسائل و جرائد متعدد اہلِ علم و تحقیق کے مقالات کا مجموعہ

"کتاب اور رسائل کے مندرجات میں فرق یہ ہے کہ کتاب تو عموماً کسی ایک مصنف کی لکھی ہوتی ہے جب کہ رسائل میں متعدد اہلِ علم و تحقیق کے مقالہ جات ہوتے ہیں[206]۔"

سہیل انجم کے مطابق

رسائل و جرائد کا تاریخ نویسی اور تحقیق نگاری میں کلیدی کردار

"اس وقت برصغیر ہندو پاک سے لاتعداد رسائل و جرائد شائع ہو رہے ہیں۔ یہ جرائد ادبی، نیم ادبی، سیاسی، مذہبی، سماجی اور دیگر موضوعات پر مشتمل ہیں۔ رسائل و جرائد کی اشاعت کی ایک طویل تاریخ ہے اور

موضوعات کے اعتبار سے ان کی بڑی اہمیت ہے۔ یہ اہمیت وقت کے گزرنے کے ساتھ ساتھ بڑھتی جاتی ہے کیونکہ آگے چل کر یہی رسائل و جرائد تاریخ نویسی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ بعض رسائل و جرائد کی اہمیت تو کتابوں سے بھی زیادہ ہوتی ہے اور ان کا انتظار قارئین کو بے چین کیے رکھتا ہے۔ کتابوں میں کسی ایک موضوع پر ایک ہی قلم کار کے مضامین ہوتے ہیں اور بیشتر میں یکسانیت ہوتی ہے۔ لیکن رسائل و جرائد میں مختلف عنوانات پر مختلف ادیبوں کے خیالات پڑھنے کو ملتے ہیں۔ اسی طرح رسائل و جرائد کے خصوصی شماروں کی بھی زبردست اہمیت ہے جن میں متعدد ماہرین کے مضامین ہوتے ہیں جو بڑے متنوع اور جداجدا اندازِ نگارش کے ساتھ انتہائی معلومات افزا ہوتے ہیں۔ رسائل و جرائد تاریخ نویسی اور تحقیق نگاری میں اہم کردار ادا کرتے ہیں[207]۔"

سید شبیر حسین زاہد کے مطابق

رسائل کا تحقیقی لوازمہ تنوع و معیار کے اعتبار سے کتب سے زیادہ اہم

"درحقیقت تحقیق کی دنیا میں رسائل و جرائد کا کردار کتابوں سے بڑھ کر ہوتا ہے۔ رسائل نہ صرف اپنے عہد کی عکاسی کرتے ہیں بلکہ اپنے دور میں موجود مختلف موضوعات جن میں مذہب، معاشرت، سیاست، معیشت، تہذیب و ثقافت، صنعت و تجارت کے تمام شعبوں کے حوالے سے محققین و قارئین کو مواد فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ رسائل میں ایک موضوع پر مختلف شخصیات کے مختلف زاویے پیش کیے جاتے ہیں جن سے متعلقہ موضوع کے تمام پہلو نکھر کر سامنے آجاتے ہیں۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ رسائل میں موجود تحقیقی لوازمہ اپنے تنوع، تحقیق اور معیار کے اعتبار سے کتب کی نسبت زیادہ اہمیت کا حامل ہوتا ہے لیکن ان کے سابقہ ذخیرے سے استفادے کیلئے لازمی امر ان کی اشاریہ سازی ہے[208]۔"

سید قاسم محمود کے مطابق

رسائل و جرائد کا ذہنی بیداری و آبیاری میں اہم، فعال و مثبت کردار

"اخبارات اور کتب کے پہلو بہ پہلو ہمارے رسائل نے بھی بدیسی راج کے خلاف آزادی کی جدوجہد میں معاشرے میں نئے افکار و خیالات کی ترویج اور تعلیم یافتہ طبقے میں روشن خیالی اور ذہنی بیداری پیدا کرنے میں اہم و فعال اور مثبت کردار ادا کیا ہے اور سائنس و ٹیکنالوجی کے زیر اثر طباعت و اشاعت و ابلاغیات کے جدید تر تقاضوں سے خود کو ہم آہنگ رکھا ہے۔ قیامِ پاکستان سے قبل ہر رسالہ خود کو 'علمی و ادبی' کہلوانا پسند کرتا تھا۔ قیام پاکستان کے بعد موضوعات کی تخصیص و قسم بندی کے مطابق رسائل شائع ہونے کا نیا

رجحان پیدا ہوا۔ چنانچہ ادبی رسائل سے الگ عام تفریحی ڈائجسٹ ورسائل، فلمی رسائل، کھیلوں کے رسائل، خواتین کے رسائل، بچوں کے رسائل، معاشرتی رسائل، سائنسی رسائل، مذہبی رسائل وغیرہ شائع ہونے لگے۔ اگرچہ یہ تخصیص پہلے بھی تھی لیکن نمایاں نہیں تھی۔ قیامِ پاکستان کے بعد موضوعاتی رسائل کی اشاعت وطباعت نے واضح صورت اختیار کرلی[209]۔"

سید متین احمد شاہ کے مطابق

تحقیقی مجلات: طلبہ واہلِ علم کے لیے ایک معتبر حوالہ، ایک معیار

"قرآن کریم کی خدمت کے میدانوں میں ایک میدان علمی و تحقیقی مجلات کا بھی ہے۔ عام طور پر ہمارے تحقیقی اداروں اور جامعات سے علومِ اسلامیہ سے متعلق شائع ہونے والے مجلات کے مقالات موضوع اور مضمون کے لحاظ سے تنوع کے حامل ہوتے ہیں۔ ایسے مجلات جو کسی مخصوص تخصص (مثلاً حدیث، تفسیر، فقہ، تقابلِ ادیان وغیرہ سے تعلق رکھتے ہوں، بہت کم ہیں[210]..... جو مجلات ایچ ای سی جیسے قومی ادارے کی طرف سے منظور شدہ ہوں اور یونی ورسٹیوں سے شائع ہوں ان سے غیر جانب دارانہ اور مکالمے کی فضا پیدا کرنے والی تحقیق کی توقع کی جاتی ہے[211]۔ تحقیقی مجلات چوں کہ ایک معیار ہوتے ہیں جن کو طلبہ اور اہلِ علم ایک معتبر حوالہ سمجھتے ہیں اور خاص طور پر جب وہ ایچ ای سی جیسے مؤقر ادارے کی طرف سے منظور شدہ ہوں تو ان کا معاملہ مزید حساس ہو جاتا ہے، اس لیے ان کی ادارت ومعیار بہتر بنانے میں ضروری ہے کہ مقدور بھر محنت صرف کی جائے تاکہ تحقیق کے گرتے ہوئے معیار میں بہتری لائی جاسکے۔ اس کے علاوہ یہ بات پیشِ نظر رکھنا ضروری ہے کہ گلوبل دنیا کے اس دور میں تحقیقی مجلات کی بین الاقوامی سطح پر شناخت کے لیے ان کی اشاریہ بندی (Indexing) ضروری ہے (یہ اقدام مجلات کی مزید ترقی اور وسیع پیمانے پر اشاعت میں معاون ثابت ہوگا)[212]۔"

حافظ شبیر صدیق کے مطابق

دینی جرائد: میڈیا کے میدان میں قائد

"موجودہ دور میں الیکٹرانک میڈیا نے جس قدر ترقی کی منازل طے کی ہیں، یوں محسوس ہوتا ہے کہ مستقبل میں لوگوں کے تمام معاملات الیکٹرانک میڈیا کے گرد ہی گھومیں گے اور رسائل وجرائد ایک مخصوص طبقے تک محدود ہو کر رہ جائیں گے۔ جب کہ یہ دینی رسائل وجرائد ہماری تہذیب اور دینی صحافت کا حصہ ہیں۔ ذرائع ابلاغ اور میڈیا میں سے یہی ایک وہ طاقت ہے جس کے ذریعے مسلم قوم ترقی کی راہ پر

گامزن ہوسکتی اور اپنی منزل کا تعین کرسکتی ہے۔ دینی رسائل ہی لوگوں کو دین خالص کی تعلیمات سے روشناس اور موجودہ فتنوں سے آگاہ کرتے ہیں۔ (البتہ یہ بھی واضح رہے کہ) موجودہ دور میں رسائل و جرائد کی بھرمار ہے جن میں سے اکثر رسائل و جرائد لوگوں کو بے راہ روی کا شکار کرنے اور دین سے دور لے جانے کی سرتوڑ کوششوں میں مصروف ہیں۔ اور بہت سارے رسائل ایسے ہیں کہ جن کا مشن ہی فحاشی و عریانی کو فروغ دینا ہے۔ اور قابل افسوس بات یہ ہے کہ بے دین رسائل کا جال اس قدر وسیع و عریض ہے کہ ان کے مقابلے میں دینی جرائد کی حیثیت آٹے میں نمک کی سی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج ہمیں اپنی نوجوان نسل دین سے دوری کا شکار نظر آتی ہے اور آئے دن نوع بہ نوع قابل افسوس واقعات معاشرے میں دیکھنے کو ملتے ہیں۔ ایسے واقعات کی ایک اہم وجہ دینی رسائل و جرائد اور اسلامی کتب سے دوری اور اسلامی تعلیمات سے ناآشنائی ہے۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ان دینی رسائل کو عام کیا جائے اور عوام میں ان کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے۔ ہمارا نوجوان طبقہ قابل رحم ہے کہ آج ان کا ذوق انتخاب بے مقصد اور فحش ڈائجسٹوں سے عبارت ہے۔ کسی بھی بازار میں بک اسٹالز پر نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کا پرانے اور نئے ڈائجسٹ خریدنے کے لیے تانتا بندھا ہوتا ہے، وہ ڈائجسٹ جو عشق پر مبنی کہانیوں پر مشتمل ہوتے ہیں۔ ان سے اگر کوئی دینی رسالہ پڑھنے کا کہا جائے تو بیشتر یا تو اس رسالے کے دین سے منسلک ہونے کی وجہ سے منہ بسور لیتے ہیں یا پھر اسے کچھ دن گزر جانے کی وجہ سے پرانا کہہ کر خریدنے سے انکار کر دیتے ہیں۔ گویا دینی رسالے کو بھی ان اخبارات پر قیاس کر لیا جاتا ہے جن کے اندر ایک دن خبر کچھ ہوتی ہے اور اگلے دن کچھ۔ جب کہ ان اخبارات کے مقابلے میں دینی رسالہ ایک ماہنامہ شمارہ ہی نہیں بلکہ ایک مکمل دستاویز ہوتا ہے، جس میں آدمی کی اصلاح کا وافر سامان پایا جاتا ہے۔ اگر دیکھا جائے تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ ایسی سوچ رکھنے والے افراد کس قدر پس ماندہ ذہن کے مالک ہیں جو دینی رسائل و جرائد کو پرانے کہہ کر خریدنے سے انکار کر دیتے ہیں جب کہ حقیقت میں وہ انھیں پرانے[213] نہیں بلکہ ان میں موجود قرآن و حدیث کی تعلیمات کو پرانی کہہ رہے ہوتے ہیں۔ پرانے دنیاوی ڈائجسٹ کم از کم آدھی قیمت پر خریدے جا رہے ہوتے ہیں جب کہ دینی رسالہ اگر کسی کو فی سبیل اللہ بھی دیا جائے تو پکڑتے ہوئے اس کے ہاتھ کپکپا رہے ہوتے ہیں۔ قابل غور بات یہ ہے کہ جس طرح ان دینی رسائل کو پرانے ہونے کا کہہ کر بے فائدہ قرار دے دیا جاتا ہے، کیا ہر پرانی چیز کو یہی درجہ دیا جاتا ہے۔ کیا کسی بھی چیز کی تاریخ گزر جانے پر اسے پس پشت ڈال دیا جاتا ہے؟ اگر ہمارے انتخاب کا یہی پیمانہ رہا تو وہ وقت دور نہیں

جب ہم اپنے دین سے بھی ہاتھ دھو بیٹھیں گے کیونکہ آج دشمنانِ اسلام اوران کے نام نہاد مسلمان شاگردوں نے دینِ اسلام پر مخالفانہ یلغار کر رکھی ہے اور شب و روز پروپیگنڈہ کیا جارہاہے کہ اسلام کی تعلیمات فرسودہ ہوچکیں اوراب اسلام کو جدید مسائل کے مطابق ڈھالناضروری ہے۔ وہ اپنے مسائل کو اسلام کی روشنی میں حل کرنے کی بجائے اسلام کواپنے مسائل کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کی اسی یلغار کا نتیجہ ہے کہ آج امتِ مسلمہ بہت سارے معاملات میں جدت کے نام پر دینِ حنیف سے دور ہوتی جارہی ہے[214]۔ حقیقت یہ ہے کہ اس پرفتن دور میں دینی رسائل و جرائد وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ اس وقت فحش لٹریچر عام ہے اور ملٹی میڈیا(پرنٹ، الیکٹرانک، انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا) امتِ مسلمہ کواسلام سے دور لے جانے کی کوششوں میں دن رات مگن ہے،اس کے توڑ کے لیے اوراپنی واپنی اولاد کی اسلامی تربیت اوراسلامی معاشرت سے آگاہی خصوصاً نوجوان لڑکوں اور لڑکیوں کی اسلامی ذہن سازی کے لیے دینی رسائل و جرائد بڑی اہمیت کے حامل ہیں[215]۔ان دنوں دینی رسائل وجرائد کی اشاعت کاکام بحمداللہ خاصابہتر ہورہاہے۔ ہر مسلک، جماعت اور دینی ادارے کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ ایک ہفت روزہ، پندرہ روزہ یاماہنامہ رسالے کااجراء کیاجائے جس میں لوگوں کی دینی راہنمائی کو ملحوظِ خاطر رکھاجائے اورروزمرہ کے مسائل کاحل قرآن وسنت کی روشنی میں پیش کیاجائے، البتہ بعض رسائل ایسے نظرآتے ہیں کہ جو صرف روایتی طورپر شائع ہورہے ہیں اوران میں اسلام کی اصل روح کو پیش کرنے کے بجائے صرف اپنے ہم خیال یابڑوں اور بزرگوں کے قصے کہانیاں پیش کی جاتی ہیں[216]۔ چونکہ دینی رسائل میڈیاکے میدان میں قائد کی حیثیت رکھتے ہیں اس لیےان میں ایسے مضامین شامل کرنا بھی لازم ہے جن میں قرآن وسنت کی روشنی میں برسراقتدار طبقے کی راہنمائی کی گئی ہوتاکہ ہماری داخلہ اور خارجہ پالیسیاں مضبوط بنیادوں پراستوار ہوسکیں۔ایک اوور پہلو جس کی طرف توجہ دلاناضروری ہے،یہ ہے کہ طویل مضامین کے بجائے مختصر، جامع اور حوالوں سے مزین مضامین کاانتخاب کیاجائے[217]۔"

مولانا شفیق الرحمٰن فرخ کے مطابق

رجسٹرڈ دینی مجلات کی حکومتی سطح پر حوصلہ افزائی کی جائے

"مجموعی طور پر دینی صحافت کا کردار حوصلہ افزاہے لیکن غالباً ہر شخص ادارہ، مجلّہ، صحیفہ خود اپنی جنگ خود ہی لڑرہاہے اوران کو دستیاب وسائل تقریباً نہ ہونے کے برابر ہیں بلکہ وسائل کی ہر اعتبار سے کمی ہے: اِنَّمَآ اَشْکُوْا بَثِّیْ وَحُزْنِیْٓ اِلَی اللّٰہِ[218]۔(ہماری تجویز ہے کہ) حکومتی سطح پر باقاعدہ ادارہ بنے جو سبھی

رجسٹرڈ مجلّات کے مدیران کی میٹنگز بلائے اور تجاویز لے کر ان کی مشکلات کو دور کرے اور مثبت کام کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کرے[219]۔"

شہاب الدین انصاری کے مطابق

علم کاغذی پیرہن میں کتاب ورسالہ دونوں شکلوں میں موجود رہے گا

"سماجی زندگی کے دورِ اوّل سے آج تک جملہ اقسام کی معلومات کے ذرائع ابلاغ مختلف ادوار سے گزرے ہیں۔ جب خیالات ابلاغ کے لیے اشاروں کے محتاج تھے تو ہر دو فریق یعنی کہنے والے اور سننے والے کو ایک ہی وقت میں اور ایک ہی جگہ پر ہونا لازمی تھا۔ جب انہیں الفاظ کا جامہ ملا تو پہلے حافظہ ضروری ہوا اور جب الفاظ کے لیے حروف وضع ہوئے تو انہیں محفوظ رکھنے اور ان کے ابلاغ کی ضرورت نئے وسیلے کی متلاشی ہوئی۔ تلاشِ وسیلہ کا یہ عمل مٹی، پتھر، چھال، کپڑا اور چمڑے کے وسیلوں سے ہوتا ہوا کاغذ تک پہنچا۔ ایک لمبے عرصے تک کاغذ کی حکمرانی رہی لیکن جب قلم کی جگہ مشین نے لے لی تو کاغذ کو چپس نے بے دخل کر دیا اور آج نہ کاغذ کی ضرورت رہ گئی نہ قلم کی۔ معلومات اور علم برقی روپر آواز کی طرح ہمہ وقت گردش میں ہیں۔ اب آپ جب چاہیں جہاں چاہیں اور جتنی مقدار میں چاہیں حصول ممکن ہے۔ لیکن یہ کہنا درست نہیں کہ ہم علم اور معلومات تک دسترس کے لیے کاغذ پر ثبت موادِ علمی سے پوری طرح آزاد ہو گئے ہیں۔ علم اپنے کاغذی پیرہن میں کتاب اور رسالہ دونوں شکلوں میں موجود اور دستیاب رہے گا۔ رسالہ کتاب ہی کی ایک شکل ہے جو کتاب کے ذریعے ابلاغ میں درکار مدت کی مجبوری سے بچ نکلنے کی ایک صورت کے طور پر وجود میں آیا اور دید و دریافت میں اولیت حاصل کرنے کی ضرورت کے[220] تحت تحقیق و تصنیف کے دائرے میں اہمیت اختیار کر گیا۔ تاریخ کے اعتبار سے ایک ہی نام سے ایک متعین وقفہ سے شائع ہونے والا پہلا رسالہ پیکنگ گزٹ کہا گیا ہے جس کی اشاعت ساتویں صدی عیسوی میں بتلائی جاتی ہے۔ لیکن دورِ جدید میں رسالہ شائع ہونے کی ابتداء یورپ میں سترہویں صدی میں ہوئی۔ ۱۶۶۵ء میں انگلینڈ اور جرمنی سے تقریباً ایک ساتھ سائنسی موضوعات پر دو رسالے نکلے۔ فلاسفیکل ٹرانزیکشن (رائل سوسائٹی لندن) اور جرنل وی وی سکوپناد دونوں کو اولیت حاصل ہے۔ الرچ (Ulrich) پریاڈیکل ڈائریکٹری (۲۰۰۴ء) کے مطابق آج ایک لاکھ ساٹھ ہزار رسالے شائع ہو رہے ہیں۔ ہندوستان سے انگریزی زبان میں شائع ہونے والا پہلا رسالہ ایشیاٹک ریسرچز (Asiatic Researches) ہے جو کلکتہ سے ۱۷۷۸ء میں شائع ہونا شروع ہوا تھا۔ اردو زبان میں شائع ہونے والے رسالوں میں سب سے پہلا نام

خیر خواہ ہند کا ہے جو ۱۸۳۷ء میں مرزا پور سے شائع ہوا تھا۔ انیسویں صدی کے نصف آخر میں قرن السعدین (۱۸۴۵ء)، تہذیب الا خلاق (۱۸۶۸ء)، حسن (۱۸۸۰ء)، افسر (۱۸۹۷ء)، علی گڑھ میگزین (۱۸۹۳ء) اور بیسویں صدی کے ساتھ معارف (علی گڑھ) اور مخزن (لاہور) شائع ہونا شروع ہوئے۔ جیسا کہ اوپر ذکر ہوا رسالہ شائع کرنے کی ضرورت کے پیچھے معلومات کو کتاب کی بہ نسبت زیادہ تیز رفتاری سے پہنچانا مقصود ہوتا ہے۔ کسی مسئلے پر نئی پہلو سے روشنی، کسی مشاہدے سے حاصل جانکاری کا ابلاغ، کسی تجربے کے نتائج کی جلد از جلد تشہیر اور کسی موضوع پر ایک خیال یا نظریہ جو ابھی کتاب کی حیثیت اختیار کرنے کی حد کو نہیں پہنچا ہے، مضمون کی شکل میں پیش کیا جاتا ہے اور اس ضرورت کی تکمیل رسالے سے ہوتی ہے۔ کسی بھی مضمون میں تحقیق کے عمل کو مزید آگے بڑھانے میں رسالے کا رول بہت اہم ہوتا ہے۔ اپنے مخصوص دائرہ علم میں رسالہ وہی رول ادا کرتا ہے جو خطوط دو اشخاص کے درمیان تبادلہ خیال میں ادا کرتے ہیں[221]۔"

صاحب زادہ ابوالحسن واحد رضوی کے مطابق

علمی مجلات کی تحریرات سے قارئین کی علمی و فنی حوالوں سے رہنمائی

"کسی اچھے علمی مجلے میں سینکڑوں اہلِ علم کی تحریریں شامل ہوتی ہیں جو اپنے قارئین کی مختلف علمی و فنی حوالوں سے رہنمائی کرتی ہیں[222]۔"

علامہ حافظ صلاح الدین یوسف کے مطابق

معاشرتی صلاح و فلاح اور شعور و آگہی میں دینی جرائد کا اہم ترین کردار

"معاشرتی اصلاح میں دینی جرائد کا کردار بہت اہم ہے۔ بلاشبہ یہ دینی جرائد ضلالت کی تاریکیوں میں ہدایت کے روشن چراغ ہیں اور الحاد و بے دینی کے جھکڑوں میں بادِ صبا کے خوشگوار جھونکے ہیں اور مغربی فکر و تہذیب کے طوفانوں میں امن و عافیت کے ساحل ہیں[223]۔"

مولانا ضیاء الدین اصلاحی کے مطابق

زبان و ادب کی عظیم خدمت انجام دینے والے بیش قیمت جرائد کو بھلا دیا گیا ہے

"حیرت ہوتی ہے کہ معمولی معمولی رسالوں کا جو سال بھر تک شائع نہیں ہوئے، ڈنکا پیٹا جا رہا ہے اور اردو کے ادبی رسائل و جرائد میں ان پر طویل مضامین نکل رہے ہیں، مگر بہت سے بیش قیمت رسالوں کو جنہوں

نے علم ومذہب اور زبان وادب کی عظیم الشان خدمات انجام دی ہیں، بھلا دیا گیا ہے اور اب لوگوں کو ان کے نام بھی نہیں معلوم ہیں[224]۔"

ضیاءاللہ کھوکھر کے مطابق

تعلیم گاہوں کے جرائد کا زبان وادب کے فروغ میں اساسی کردار

"تعلیم گاہوں (سکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں، مدارس) سے شائع ہونے والے رسائل و جرائد نے زبان وادب کے ارتقاء اور فروغ میں جو بنیادی کردار ادا کیا ہے' وہ دیگر علمی وادبی رسائل و جرائد سے کسی طور کم نہیں، لیکن جب کبھی علم وادب کی ترویج و ترقی میں صحافت کے کردار کو زیرِ گفتگو لایا جاتا ہے تو تعلیمی اداروں کی صحافت کو یکسر نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ تعلیمی اداروں کے زیادہ تر رسائل ادبی مزاج کے حامل ہوتے ہیں اور اپنے عہد کی سرگرمیوں کو اپنے دامن میں فروزاں کیے رکھتے ہیں' نیز طلبہ کی ذہنی، ادبی، تحقیقی اور تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ یہ نوآموز مقالہ نگاروں کے لیے تربیت گاہ کا درجہ بھی رکھتے ہیں۔ ان جرائد کو عام طور پر جریدہ، صحیفہ، میگزین، اور جرنل کی حیثیت سے متعارف کرایا جاتا ہے[225]۔ رسائل میں شامل مضامین کتابوں کا نچوڑ ہوتے ہیں[226]۔"

ملک عبدالرشید عراقی کے مطابق

دینی جرائد لوگوں تک معلومات پہنچانے کے لیے سرگرمِ عمل

آپ دینی جرائد کے کردار کے حوالے سے لکھتے ہیں:

"جرائد تو اپنی اپنی استطاعت کے مطابق اخلاقی، تاریخی اور خالص دینی معلومات لوگوں تک پہنچاتے ہیں لیکن ان سے کماحقہ فائدہ اٹھانے والے بہت کم ہیں۔ دینی جرائد کے مطالعہ سے لوگوں کی ذہن سازی کرنا بہت ضروری ہے۔ اخبارات میں جو دینی ایڈیشن شائع ہوتے ہیں انہیں بھی سرسری دیکھ کر چھوڑ دیا جاتا ہے۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں جتنا دینی لٹریچر شائع کرنا ضروری ہے اتنا ہی اس کے مطالعہ کے لیے رجحان سازی کی بھی ضرورت ہے[227]۔"

عبدالمتین منیری کے مطابق

معیاری مجلات میں کسی قوم کی علمی وادبی ترقی کی رفتار محفوظ

"معیاری علمی تحقیقی وادبی مجلات اپنے دور کے عکاس ہوتے ہیں، ان کی حیثیت ایک روزنامچے کی ہوتی ہے

جس میں کسی قوم کی علمی وادبی ترقی کی رفتار محفوظ ہوتی ہے[228]۔"

قاری عتیق الرحمٰن کے مطابق

مختلف دینی جرائد نے جہاد بالقلم کا فریضہ انجام دیا

"تشہیر کسی بھی زمانے میں غیر اہم شعبہ نہیں رہا لیکن موجودہ دور میں صحافت اور میڈیا نے جو اہمیت حاصل کرلی ہے وہ اظہر من الشمس ہے بلکہ اگر یہ کہا جائے تو مبالغہ نہ ہوگا کہ آج میڈیا ایک بہت بڑے اسلحے اور ہتھیار کی صورت اختیار کر چکا ہے[229]۔ انیسویں اور بیسویں صدی میں دنیا کے مختلف خطوں میں اٹھنے والی مختلف تحریکوں اور ان کے نتیجے میں برپا ہونے والے پسِ پردہ انقلابات کے پیچھے مختلف اخبارات و رسائل کی تحریرات کارفرما رہی ہیں۔ برصغیر پاک وہند کی تحریکِ آزادی کے پیچھے الہلال، زمین دار اور دیگر بہت سے اخبارات کی جدوجہد سے انکار ممکن نہیں[230]۔ (اسی طرح) برصغیر پاک وہند کے دینی اداروں، جامعات و مدارس نے اس میدان میں گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ مختلف اداروں اور شخصیات نے رسائل جاری کر کے گویا مسلمانوں پر احسانِ عظیم کیا۔ ان رسائل نے دین کی حفاظت بایں طور کی کہ ایک طرف اسلام پر اٹھنے والے اعتراضات اور فکری حملوں کا دندان شکن جواب دیا تو دوسری طرف مسلمانوں کو دلائل و براہین سے مسلح کیا اور اسلام کی حقانیت کو مسلمانوں کے دل ودماغ پر ثبت کیا۔ ان رسائل نے جہاد بالقلم کا فریضہ انجام دے کر دعوت و تبلیغ کے ذریعے بے شمار مسلمانوں کی زندگیوں میں انقلاب برپا کیے۔ کئی بے خبر مسلمانوں کو لاعلمی کی وجہ سے سرزد ہونے والے گناہوں سے دور کیا اور پاکیزہ زندگی کی طرف لائے۔ جہاں اہلِ علم ان رسائل و جرائد کے علمی مضامین[231] سے سیراب ہوئے، وہاں عوام کا ایک بڑا حلقہ بھی دینی معلومات ووسائل سے مستفید ہوتا ہے۔ اگرچہ یہ رائے وزن رکھتی ہے کہ دنیا کا موجودہ میڈیا کتنی ترقی کر گیا ہے اور ہم ابھی تک اسی پرانی تلوار سے آج کے ایٹم بم کا مقابلہ کرنا چاہتے ہیں۔ ہمیں بھی الیکٹرانک میڈیا اور انٹرنیٹ پر سوشل میڈیا کا راستہ اختیار کرنا چاہیے لیکن بہر صورت ان رسائل و جرائد کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں[232]۔"

فضیلۃ الشیخ عدنان محمد عرعور کے مطابق

دینی رسائل میں اصلاحی اور غیر اصلاحی دونوں طرح کا مواد ہو سکتا ہے

"عصر حاضر کی نشریات میں اخبارات و جرائد کے اثرات اور اہمیت محتاج بیان نہیں ہیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ جہاں داعی حضرات کا جرائد کے اجراء میں نمایاں اثر ہے وہاں بیشتر اخبارات میں ان کی محنت مسلسل کمزور

بلکہ ناپید نظر آتی ہے۔اخبارات کا اجراءایک یا دو افراد کا کام نہیں ہے۔اس کے لیے[233] دعوتی اداروں کی ضرورت ہے کیونکہ اس میں اخراجات کے ساتھ ساتھ بہت زیادہ فنی اور علمی محنت درکار ہوتی ہے۔ شریعت اسلامیہ کی نظر میں ان ذرائع دعوت میں اشکال کا پہلو یہ ہے کہ ان میں سے اکثر و بیشتر میں اسلامی امتیازات نہیں ہیں۔یہ ایک کتاب کی طرح نہیں ہے جس کے بارہ میں پڑھنے یا نہ پڑھنے کی ہدایت کی جاسکے۔ان میں اصلاحی اور غیر اصلاحی دونوں طرح کا مواد اس قدر ملا جلا ہے کہ ان کی شرعی حیثیت کا تعین بہت مشکل ہے۔ان میں رطب و یابس اس قدر ہے کہ عوام الناس کے لیے ان میں صحیح و غلط کا امتیاز کرنا مشکل ہے۔فساد و بگاڑ پر مشتمل مضامین پڑھ کر قاری کے پھسلنے کا اندیشہ ہوتا ہے اور وہ اس کے مذہب کو متاثر کر سکتے ہیں[234]۔"

عظمیٰ فرخ کے مطابق

رسائل و جرائد، اخبارات و مستقل تصانیف کے درمیان کڑیاں

"اگر اخبار ہمارے لیے ناگزیر ہیں تو رسالے ان سے بھی زیادہ ناگزیر ہیں کیونکہ کوئی قوم ذہنی ترقی محض اطلاعات کے بل بوتے پر نہیں کر سکتی۔رسالے تحریر کی دنیا میں ایک معتبر نام رکھتے ہیں۔جن میں اخبار یا تصانیف ان کی جگہ نہیں لے سکتیں۔رسالے دراصل روزانہ اخبارات اور مستقل تصانیف کے درمیان کڑیاں ہیں جو اخبارات کی سرسری اور ہنگامی واقفیت اور تصانیف کے انتظار طلب اور صبر آزما کے درمیان واقع ہیں۔ان کا کام غور و فکر سے تخلیق یا مرتب کی ہوئی تحریرات کو تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد قارئین تک پہنچاتے رہنا ہے[235]۔"

غلام نبی کمار کے مطابق

رسائل و جرائد کے مختلف و متنوع موضوعات تحقیقی مواد کی فراہمی کا اہم ذریعہ

"تحقیق میں مواد کی فراہمی کا ایک بڑا اور اہم ذریعہ کتابیں اور رسائل ہیں۔جو کتابیں شائع ہوتی ہیں وہ تو مارکیٹ میں دستیاب ہوتی ہیں یا کہیں سے منگوائی بھی جاسکتی ہیں لیکن رسائل کے ساتھ معاملہ اس کے برعکس ہے۔جہاں تک کتابوں کا تعلق ہے تو وہ کسی مخصوص موضوع، صنفِ ادب اور مخصوص نقطہ نظر سے متعلق ہوتی ہیں جب کہ رسائل میں مختلف اور متنوع موضوعات پر مضامین اور مختلف اصنافِ سخن شامل ہوتے ہیں۔رسائل و جرائد کے اشاریے محقق کے لیے اہمیت کے حامل ہوتے ہیں کیونکہ ان میں مختلف اور متنوع موضوعات پائے جاتے ہیں۔بسا اوقات ایک مضمون سے جتنی معلومات حاصل ہوتی ہے

وہ کبھی کبھی پوری کتاب سے بھی فراہم نہیں ہوتی۔اُس وقت ریسرچ کے طالب علم کے لیے ایک مضمون کی اہمیت ایک کتاب کے مقابلے میں زیادہ ہو جاتی ہے۔رسائل میں موضوعات کا بھی تنوع ہوتا ہے اور تقریباً تمام اہم موضوعات پر مضامین مل جاتے ہیں جو کسی ایک کتاب میں نہیں ملتے۔ پھر یہ کہ رسائل میں قاری اور وقت کے تقاضے کو سامنے رکھتے ہوئے مضامین لکھوائے جاتے ہیں۔اس موضوع پر کبھی کوئی کتاب زیورِ طبع سے آراستہ ہو کر منظر عام پر آجاتی ہے اور کبھی نہیں۔ آج بھی اَن گنت موضوعات ایسے ہیں جن پر مواد صرف رسائل میں موجود ہے اور کتابیں اس سمت میں کوئی رہنمائی کرتیں۔ بات یہی پر ختم نہیں ہوتی بلکہ بہت سارے مصنفین ایسے ہیں جنھوں نے رسالوں میں اپنے قلم سے موتی اور جواہر بکھیرے ہیں اور اپنے مضامین کے بل بوتے پر ان کو جابجا خوبیوں سے مزین کیا ہے۔ مگر ان باوقار مصنفین کی شخصیت رسائل کے اوراق تک ہی محدود ہو کر رہ گئی ہے۔آج کے کئی معروف ادیبوں کی ابتدائی تحریروں اور علمی و فکری تحریکوں کے بھی یہ جرائد امین ہیں۔اشاریہ کے نہ ہونے سے ان کی شخصیت پر پردہ پڑا ہوا ہے۔ایسی صورت میں اگر رسائل کے اشاریے تیار ہو جائیں تو محقق کو بڑی سہولت حاصل ہو جائے گی اور تحقیقی دشواریوں پر بہت حد تک قابو پایا جاسکتا ہے۔اس طرح تحقیقی راہ میں حائل ایک بڑی رکاوٹ کو دور کیا جاسکتا ہے[236]۔ "ایک اور مضمون میں اس حوالے سے لکھتے ہیں:

"رسالے قوم کا ایک اہم اثاثہ اور ترجمان ہوتے ہیں جو بڑے وسیع پیمانے پر علمی وادبی، سیاسی وسماجی، مذہبی و تہذیبی، معاشرتی و ثقافتی اور اخلاقی و اقداری وغیرہ علمی ذخائر کا منبع اپنے اندر سمیٹ کے رکھے ہوتے ہیں۔ یہ علمی ذخیرہ قوم کے ہر فرد اور ہر طبقے، خواندہ اور ناخواندہ، چھوٹے اور بڑے، مرد اور عورت، امیر اور غریب غرض ہر ایک کی بالواسطہ یا بلاواسطہ، بلا تفریق اور تمیز کے رہنمائی اور ترجمانی کرتا ہے۔ رسالے عوام کے جذبات واحساسات اور خیالات کی ترجمانی اور نمائندگی کرتے ہیں اور اسی بنا پر عوام کو رسائل و جرائد کے اندر پوشیدہ مواد کی پشت پناہی حاصل ہوتی ہے۔اس اعتبار سے ادبی جریدے قوم و فرد کے معیار کو بڑھانے میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔ رسائل میں درج مواد کی حیثیت اور وقعت کسی سند سے کم نہیں۔ رسائل و جرائد کی عمر سینکڑوں سالوں پر بھی محیط ہو سکتی ہے اور ایک سال یا ایک دو مہینے بھی یا اس سے بھی کم۔ رسائل و جرائد میں ایک کثیر تعداد میں مختلف نوع کے مضامین شائع ہوتے رہتے ہیں جو تنقید و تحقیق کے میدان سے تعلق رکھنے والے اہلِ علم حضرات اور محققین کے لئے راہِ راست کا باعث بنتے ہیں۔ سینکڑوں قسم کے رسائل میں کسی خاص موضوع کو تلاش کرنا آسان کام نہیں۔ اس صورت

میں صرف اشاریہ ہی ایک فرد کی صحیح رہنمائی اور رہبری کر سکتا ہے اور کئی دن، مہینوں یا سالوں کی تحقیق و جستجو کے باوجود نہ ملنے والے مواد کی تلاش چند منٹوں کی جا سکتی ہے۔ کس رسالے اور کس جگہ مواد دستیاب ہے بآسانی اس کا پتہ لگایا جا سکتا ہے۔ ایک محقق اپنی تحقیق کو نقطہ آغاز سے انجام تک پہنچانے کے لیے کیسے کیسے دقیق مراحل سے گزرتا ہے، کس قدر عرق ریزی سے مواد مہیا کرتا ہے اور حوالہ جات کو تلاش کرنے نیز انہیں محفوظ کرنے کے لیے کتنی اور کیسی جاں توڑ محنت کرتا ہے' یہ سب کچھ اسی کو معلوم ہوتا ہے۔ لیکن ایک اشاریہ اور اشاریہ ساز محقق کی مذکورہ دشواریوں کو نہ صرف آسان کر دیتا ہے۔ بلکہ اشاروں اشاروں میں ایک ایسی حوالہ جاتی دنیا بسا دیتا ہے جو محقق کے خوابوں کو تعبیر سے آباد ہونے میں غیر معمولی تعاون عطا کرتی ہے۔ یہی رسائل و جرائد کتب خانہ کی زینت بنتے ہیں، کتب خانے کو روشن کرتے ہیں اور ان کو محفوظ رکھنے کی ضمانت بھی کتب خانہ یا لائبریری ہی دے سکتا ہے۔ کچھ وقت بعد یہ رسالے جلد شکستہ ہو جاتے ہیں ان کا کاغذ ٹوٹنے و پھٹنے لگتا ہے اس صورتِ حال میں اشاریہ ہی اہم ماخذ کی حیثیت رکھتا ہے وہ اس معنوں میں کہ اگر کسی کتب خانے میں دستیاب رسالہ بری یا بوسیدہ حالت میں ہیں یہاں تک کہ اس میں درج عبارت کو پڑھنا محال ہے تو اسی رسالے کے، اسی شمارے، اسی مضمون یا اسی عبارت کو صرف اور صرف اشاریہ کی مدد سے ہی کسی دوسرے کتب خانے میں بآسانی اور بنا کسی پریشانی کے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اس لیے لازمی بنتا ہے کہ یونیورسٹیاں اور دیگر تعلیمی ادارے اپنے یہاں کتب خانوں میں بھی موجود رسائل و جرائد کے اشاریے تیار کرنے کا اہتمام کریں۔ صرف ایک مضمون کو قلم بند کرنے سے اتنے اچھے موضوع پر خامہ فرسائی اس بات کی گواہی نہیں دیتی کہ اس کی حق شناسی ادا ہو گئی بلکہ یہ اس کے ساتھ حق تلفی ہو گی[237]۔"

فصیح احمد کے مطابق

دینی رسالے کو ہائیڈ پارک نہیں ہونا چاہیے

"دینی رسالے کے لیے مضامین کا چناؤ اور اشاعت کا مقصد قارئین کو علمی و فکری انتشار سے بچانا ہونا چاہیے[238]۔ دینی رسالے کا مقصد انتشار اور حلفشار ذہنی عام کرنا نہیں اسے ختم کرنا ہے[239]۔ دینی رسالے کو ہائیڈ پارک نہیں بننا چاہیے کیونکہ ہائیڈ پارک وہ جگہ ہے جہاں جس کا جو دل چاہے کہہ سکتا ہے۔ اس آزادی اظہار رائے کا کوئی اصول طے شدہ نہیں ہوتا، ہر بات اور ہر دعویٰ الحق ہوتا ہے۔ ہائیڈ پارک میں ہر طوطی آواز لگا سکتا ہے۔ وہ متفق، متنوع اور رنگا رنگ آوازوں کا دبستان ہوتا ہے جہاں ہر پرندے کو پرواز

کی اور ہر بلبل کو گریبان چاک کرنے کی اجازت ہوتی ہے۔ دینی رسالہ ہائیڈ پارک نہیں بن سکتا۔ وہاں مکالمے، مباحثے اور تبادلہ خیال کے اصول پہلے سے طے شدہ ہوتے ہیں اور ان اصولوں کے تحت کسی سے بھی مکالمہ ہو سکتا ہے[240]۔ تمام دینی رسالوں میں انہی اصولوں کے مطابق مباحثے، مکالمے اور مناظرے کا اہتمام ہونا چاہیے تمام علمی تحریریں، اختلافی گفتگو اور تنقیدی آراء اگر قرآن وسنت کی نصوصِ صریحہ، امت کے اجماعی تعامل اور اہل السنت والجماعت کے علمی مسلمات کے دائرے کے اندر پیش کی جائیں تو ان پر بحث وتعامل اور گفتگو کا دروازہ کھلا رکھا جائے[241]۔"

مولانا فضلِ امین صدیقی کے مطابق

دینی رسائل وجرائد سے مذہبی، اصلاحی، عصری وعلمی تشنگی کی سیرابی

"دین کی نشرواشاعت میں ایک اہم کردار ہفتہ وار، ماہ وار اور سہ ماہی رسائل کا بھی ہے جس میں ایک مخصوص وقفے کے بعد مختلف موضوعات پر دینی، اصلاحی، عصری اور علمی تشنگی دور کرنے کے لیے نت نئے مضامین سیرابی کا باعث بنتے ہیں[242]۔"

محمد احمد ترازی کے مطابق

اخبارات وجرائد: مختلف طبقات کے افکار ونظریات کی تشہیر کا ذریعہ

آپ نے درج ذیل عبارت میں ذرائع ابلاغ سمیت رسائل وجرائد کی اہمیت واضح کرنے کی کوشش کی ہے:

"اس بات میں کوئی شک نہیں کہ موجودہ دور میں میڈیا اور ذرائع ابلاغ کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ عوام کو حقائق سے آگاہ کرنے اور رائے عامہ بنانے میں ذرائع ابلاغ ایک بنیادی حیثیت اختیار کر چکے ہیں۔ میڈیا اور ذرائع ابلاغ کا کام صرف یہ ہی نہیں کہ وہ لوگوں کو صرف خبریں اور اطلاعات پہنچائیں بلکہ ذرائع ابلاغ موجودہ دور کو درپیش عالمی مسائل کے حل کے لیے ایک متفقہ لائحہ عمل تیار کرنے میں بھی ممد و معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ اس وقت وطنِ عزیز میں مختلف مکاتبِ فکر کے متعدد ادبی، سیاسی، مذہبی اخبارات ورسائل شائع ہو رہے ہیں جو کہ ان طبقوں کے افکار ونظریات کی تشہیر کا اہم ذریعہ ہیں۔ ان میں نمایاں حصہ مذہبی تنظیموں اور جماعتوں کی طرف سے شائع ہونے والے رسائل وجرائد کا ہے[243]۔"

مولانا محمد اسرار بن مدنی کے مطابق

صرف دینی رسائل وجرائد ہی صحافت کا درست رخ پیش کرتے ہیں

"صرف دینی رسائل ہی صحافت کا صحیح رُخ پیش کر رہے ہیں۔ آج کے میڈیا کا مطمحِ نظر صرف اکھاڑ پچھاڑ،

تنقید، سنسنی خیزی اور منفی پروپیگنڈہ کرنا رہا ہے، جس میں تعمیر نام کی کوئی چیز نہیں۔ لہٰذا ایسے حالات میں اپنی دینی صحافت کو فروغ دینا ہوگا۔ دینی صحافت کے سلسلے کو وسیع کرنا ہوگا اس میں ٹیکنالوجی کا کردار بھی مؤثر کرنا ہوگا خصوصاً ویب سائٹس انٹرنیٹ وغیرہ کا استعمال۔ دینی صحافت سے وابستہ افراد کا سب سے بڑا مسئلہ سہولیات اور وسائل کا فقدان ہے، اکثر وسائل کی قلت کا سامنا ہوتا ہے اور وہ اپنے کسی بھی مضمون نگار کو معاوضہ تک ادا نہیں کر سکتے۔ آپ کی رائے میں (بہتر کارکردگی کے لیے دینی صحافت کے ذمہ داران) جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کریں، اشاریہ سازی کا اہتمام کریں، اشتہار اور معیار پر توجہ دیں[244]۔"

محمد سجاد کے مطابق

ملت اسلامیہ کی فکری آبیاری میں ممتاز دینی رسائل و جرائد کا کردار

"برصغیر کی علمی تاریخ میں اردو کے ممتاز دینی رسائل و جرائد نے قرآن و حدیث کی تفسیر و تشریح، دینی شعور کی بیداری، اسلامی فکر کی تشکیلِ جدید، اور برصغیر کی ملتِ اسلامیہ کی فکری آبیاری کے حوالے سے نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ مولانا ابوالکلام آزاد نے "الہلال" میں اسلام اور عالمِ اسلام کی خوب صورت زبان میں ترجمانی کی۔ ماہنامہ "معارف اعظم گڑھ" نے اپنے مدیران کی سنجیدہ علمی، ادبی اور تاریخی مضامین و مقالات کے علاوہ برصغیر پاک و ہند کے نامور اہلِ قلم حضرات کی تحریروں سے مستفید فرمایا۔ بلاشبہ علومِ اسلامیہ کا یہ ایک عظیم و ضخیم انسائیکلوپیڈیا ہے۔ ماہنامہ "برہان اور الفرقان" کے ٹھوس علمی مضامین نے ایک نام پیدا کیا۔ مولانا عبدالماجد دریابادی نے ہفتہ روزہ "سچ، صدق اور صدقِ جدید" میں اسلام اور عالمِ اسلام کے موضوعات پر اپنے مخصوص ادبی اسلوب میں اظہارِ خیال کیا۔ ماہنامہ "ترجمان القرآن" میں سید ابوالاعلیٰ مودودی نے قرآنی فکر کی ترجمانی کرتے ہوئے عصر جدید میں دینِ اسلام کی حقانیت اور اقامتِ دین کے لیے ایک واضح لائحہ عمل کی نشان دہی فرمائی۔ الغرض ان رسائل و جرائد نے اسلامی علوم و فنون، عالمِ اسلام کے وسائل و مسائل اور تذکرہ سوانح کے حوالے سے مستند، ٹھوس علمی و تحقیقی مضامین و مقالات کا اتنا بڑا ذخیرہ فراہم کر دیا ہے جس کی نظیر اسلامی دنیا میں ملنی مشکل ہے[245]۔"

محمد سلیم جباری کے مطابق

دینی جرائد کا ذہن سازی اور فکر و نظر کے زاویے تبدیل کرنے میں اہم کردار

آپ رسائل و جرائد کے قارئین کے نام کھلا خط میں اپنے تاثرات و گزارشات یوں بیان کرتے ہیں:

"ہم کیسے لوگ ہیں جنہیں مجلات کی اشاعت و ترسیل کے کٹھن مراحل کا احساس تک نہیں، کتنے ہی ایسے

علمی، تحقیقی واصلاحی مجلات تھے جو فقط وسائل نہ ہونے کے باعث بند چکے یا ہفتہ وار سے پندرہ روزہ پھر ماہانہ اور آخر کار سہ ماہی یا شش ماہی کی نوبت کو پہنچ گئے (یہ صورتِ حال عام دینی جرائد کے بارے میں تو درست ہے البتہ HEC کے تحقیقی مجلات اس سے مبرا ہیں کیونکہ وہ تو شروع ہی سے شش ماہی دورانیے والے ہوتے ہیں البتہ بعض سالانہ بنیادوں پر بھی نکلتے ہیں مگر اکثر و بیشتر شش ماہی ہی ہوتے ہیں)۔ ہم اعزازیوں (بلا معاوضہ رسائل و جرائد وصول کرنے والے قارئین) نے یہ کبھی گوارا نہیں کیا کہ مجلات شائع کرنے والے ان دیوانوں سے ان کے احوال ہی پوچھ لیں کہ آخر آپ اخراجات کیونکر پورے کر پاتے ہیں۔ ہر ماہ بلا تعطل رسالہ بھیجنے والوں کا کبھی ہم نے سہارا بننے کا سوچا تک نہیں، ہمدردی اور حوصلہ افزائی کے چند جملے بھی ادا کرنا شاید گوارا نہیں کیے۔ ہم ثواب کی غرض سے مساجد و مدارس کے ساتھ تو تعاون کر دیتے ہیں جو بلاشبہ قابلِ ستائش اور لائقِ تحسین ہے مگر ذہن سازی اور فکر و نظر کے زاویے تبدیل کر کے مساجد و مدارس کی آبادی کا باعث بننے والے ان مجلات اور رسائل و جرائد سے تعاون شاید باعثِ ثواب ہی نہیں سمجھتے۔ آپ یقین کیجیے! اسلامی لٹریچر، کتب اور رسائل کی اشاعت اور تقسیم میں تعاون کر کے علم پھیلانا ایسی نیکی اور صدقہ جاریہ ہے جس کا ثواب ہمیشہ آپ کے نامہ اعمال میں درج ہوتا رہے گا (بشرط یہ کہ یہ لٹریچر اور جرائد اصلاحی اور تعمیری مواد پر مشتمل ہو نہ کہ مسلکی اور انتشار پر مبنی)۔ (آیئے) قلوب و اذہان کی تطہیر اور فکر و نظر کی جہتیں تبدیل کرنے والے ان رسائل و جرائد کا سہرا اور دست و بازو بنیں[246]۔"

مولانا محمد صفی اللہ کے مطابق

ہر دینی جریدے کا اپنا ذوق، راہِ عمل اور لائحہ عمل ہے

"ملک بھر میں ماہانہ دینی رسائل و جرائد کی تعداد بہت حد تک بڑھ چکی ہے لیکن "ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است" کے مصداق ہر ایک کا اپنا ذوق اور راہِ عمل و لائحہ عمل ہے، لیکن مقصد اور منزل سب کی ایک ہے اور وہ دین کی حفاظت و اقامت ہے[247]۔"

راقم کے خیال میں رسالے کی حیثیت ایک ذریعہ، وسیلہ اور پلیٹ فارم کی ہوتی ہے جس کو خیر و شر، اتفاق و افتراق، نیک و بد اور ممدوح و مذموم مقاصد کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

محمد صلاح الدین کے مطابق

اخبارات و جرائد عصری علوم اور جدید ترین تحقیقات سے آگہی کا ذریعہ

